
HUDA
PUBLICATIONS



Muntakhab AHADEES

Dawat-o-tableegh ki cheh sifaat se mut'aliq


URDU TRANSLATION IN ROMAN SCRIPT

- Kalima Tayyiba
- Namaaz
- Ilm-o-Zikr
- Ikram -e-Muslim
- Ikhlaas-e-Niyyat
- Dawat-o-Tableegh

Hazrat Moulana Mohammed Yousuf Kandhalvi

Tarteeb-o-Tarjuma:

Moulana Mohammed Saad Sahab Kandhalvi



منتخب احادیث

دعوت وتبلیغ کی چھ۶ صفات سے متعلق

Muntakhab AHADEES

Dawat-o-tableegh ki cheh sifaat se mut'aliq


URDU TRANSLATION IN ROMAN SCRIPT

- Kalima Tayyiba
- Ilm-o-Zikr
- Ikhlaas-e-Niyyat
- Namaaz
- Ikram -e-Muslim
- Dawat-o-Tableegh

Hazrat Moulana Mohammed Yousuf Kandhalvi[رح]

Compilation & Translation by :

Moulana Mohammed Saad Sahab Kandhalvi



Muntakhab AHADEES

Daawat-o-tableegh ki cheh sifaat se mut'aliq

Ta'aleef :
Hazrat Moulana Mohammed Yousuf Kandhalvi

Tarteeb-o-Tarjuma :
Moulana Mohammed Saad Sahab Kandhalvi

Urdu in Roman Script :
Ather Ahmed

Peshkash :
Syed Abdul Basit Shakeel

Safhat : **808**

First Edition :
Moharram 1435H, November 2013

Published by :



#455, Near City Civil Court
Purani Haveli, Hyderabad - 2
Ph. : 040 24514892, 66481637
Email : hudabook@yahoo.com
www.hudabookshyd.com

ISBN 978-93-82602-09-5

9 789382 602095 >

Rs. 350/-

ARZ-E-NASHIR

Qur'an aur Ahadees Islami Shariat ki asaas hai, isi ke zariye ek insaan duniya-o-aakhirat mein kamiyabi hasil karsakta hai. Dawat-o-Tableegh ki cheh sifaat se muta'liq "MUNTAKHAB AHADEES" ka ye majuma Awaam-o-Khawas mein nihayat maqbool hai, aur muqtalif zubanaon mein dastiyab hai. Maujooda daur mein ek bada tabqa khaas taur per nayi nasal ki badi te'dad aisi hai jo urdu bolte hain lekin urdu padhne se qasir hain, aise afraad keliye HUDA PUBLICATIONS, Hyderabad ne "MUNTAKHAB AHADEES" ko roman script me muntaqil karne ki ta'reeqi qidmat anjaam di hai, iske alawa "HUDA" ki janib se Tarjuma Quran Majeed, Tajreed Sahih Bukhari Shareef, aur Tareeqe Namaz, Sunnatein, Dua'en waghaira bhi roman script mein pesh kiya hai, jo Alhamdullilah saare mulk mein nihayat maqbool hai. Is kitab ke mualif Hazrat Maulana Mohammed Yousuf Khandhalvi ″ne badi arq rezi se ise tayyar kiya aur Maulana Mohammed Saad Khandhalvi Sahab ne nihayat asaan aur aam fahem andaz mein iska tarteeb-o-tarjuma ki hai, hum dua karte hain ke Allah Rabb-ul-Izzat inhe iska bharpur ajr aur apni rehmat-o-raza se sarfaraz farmaye.

"MUNTAKHAB AHADEES" ko roman script mein pesh karne ka ye kaam nihayat zimmedaari ka hai, humne har lehaz iska khayal rakha hai, alfaz aur matan ki sehat ki hattal maqdoor koshish ki hai, Allah Ta'ala ka behad ehsan-o-shukr hai aur iski khaas fazal-o-madad shamil rahi ke ye kaam anjaam paya, mai Janab Ather Ahmed ka mashkoor hoon ke unhone nihayat zimmedari, bharpur tawajah aur mehnat se qidmat anjaam di hai.

Humein umeed hai ke "HUDA PUBLICATIONS", Hyderabad ki ye peshkash maqbool hogi.

Aajiz

Syed Abdul Basit Shakeel

Hazrat Moulana Mohammed Yousuf Kandhalvi [rh]

ke masaudah mein se ek safhe ka aks

الاسلام ان تشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله وان تقيم الصلوة وتؤتي الزكوة

وتحج وتعتمر وتغتسل من الجنابة وان تتم الوضوء وتصوم رمضان قال فاذا فعلت ذلك

فانا مسلم قال نعم قال صدقت رواه ابن خزيمة عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم

في سؤال جبرئيل اياه عن الاسلام قال فذكره ترغيب ص [illegible] ورواه ابن حبان

تبلغ الحلية من المؤمن حيث يبلغ الوضوء رواه مسلم عن ابي هريرة ولفظ ابن خزيمة

[illegible] ان الحلية تبلغ مواضع الطهور ولفظ الشيخين عنه ان امتي يدعون يوم القيامة

غرا محجلين من آثار الوضوء فمن استطاع منكم ان يطيل غرته فليفعل ترغيب ص ١٣١

اذا توضأ العبد المسلم او المؤمن فغسل وجهه خرج من وجهه كل خطيئة نظر اليها بعينيه مع

الماء او مع آخر قطر الماء فاذا غسل يديه خرج من يديه كل خطيئة كان بطشتها يداه مع

الماء او مع آخر قطر الماء فاذا غسل رجليه خرجت كل خطيئة مشتها رجلاه مع الماء

او مع آخر قطر الماء حتى يخرج نقيا من الذنوب رواه مسلم واللفظ له ومالك والترمذي

عن ابي هريرة [illegible] ورواه مالك والنسائي وغيرهما عن عبد الله الصنابحي ولفظه اذا

توضأ العبد المسلم فمضمض خرجت الخطايا من فيه فاذا استنثر خرجت الخطايا من

انفه فاذا غسل وجهه خرجت الخطايا من وجهه حتى تخرج من تحت اشفار عينيه فاذا

غسل يديه خرجت الخطايا من يديه حتى تخرج من تحت اظفار يديه فاذا مسح برأسه

خرجت الخطايا من رأسه حتى تخرج من اذنيه فاذا غسل رجليه خرجت الخطايا

من رجليه حتى تخرج من تحت اظفار رجليه ثم كان مشيه الى المسجد وصلاته نافلة

من [illegible] مفصلا عن عمرو بن عبسة وفي آخره [illegible] ثم كان مشيه الى [illegible]

FEHRIST-E-MAZAMEEN

IKRAM-E-MUSLIM

IKHLAAS-E-NIYYAT YANI TASAIH NIYAT

DAWAT-O-TABLEEGH



بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مقدمہ

MUQADIMAH

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ وَّدَعَا بِدَعْوَتِهِمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اَمَّا بَعْدُ!

Ye ek haqiqat hai jisko bila kisi tur ya watamalluq ke kaha jasakta hai ke is waqt aalam islam ke wasee tareen, qavi tareen aur mufeed tareen dawat, tableegh jama'at ki dawat hai jis ka markaz, Markazi Tableegh Nizamuddin Delhi hai.[1] Jis ka daira amal wa asar sirf bar-e-sagheer nahi aur sirf Asia bhi nahi, mutaded bar'azam aur mumalik-e-islamia waghair islamia hain.

Dawataon aur tahreekaon aur inqlabi wa islahi koshishaon ki tareeq batlati hai ke jab kisi dawat wa tahreek per kuch zamana guzar jata hai ya is ka daira amal wasee se wasee tar hojata hai (aur khaas taur per jab is ke zariya nafooz wa asar aur qiyadat ke munafe nazar aane lagte hain) to is dawat wa tahreek mein bahut si aisi khamiyaan, galat maqasid aur asal maqsad se taghaful shamil hojata hai jo is dawat ki afadiat wa taseer ko kam ya bilkul ma'doom kar deta hai. Lekin ye tableeghi dawat abhi tak (jahan tak raqim ke ilm wa mushahida ka ta'luq hai) bade paimane per in aazmaishaon se mehfooz hai. Is mein isaar wa qurbani ka jazba, raza-e-ilaahi ki

---

[1] Is izhaar-o-isbat mein dusri mufeed wa zaroori dawataon aur tahreekaon, haqaiq aur zaruriyat zamana se aagahi aur waqt ke fitnaon se muqabile ki salahiyat paida karne waali masa'i aur tanzeemaon ki naafi ya tahqeer maqsood nahi hai. Tableeghi dawat-o-tahreek ki wasa't wa afadiat ka sirf eijabi andaz mein izhar-o-iqrar hai.

talab, aur hasool-e-sawab ka shauq, islam aur musalmanon ka ehteram wa etaraaf, tawaza wa inksaar-e-nafs, faraiz ki adaigi ka ehtemam aur is mein taraqi ka shauq, yaad ilaahi aur zikr-e-khuda wande ki mashghuliat, ghair mufeed aur ghair zaroori mushaghil wa amaal se imkaani had tak ehteraz aur hasool-e-maqsad wa raza-e-ilaahi keliye taweel safar ikhtiyaar aur mushaqat bardasht karna shamil aur ma'mool hai.

Jama'at ki ye khususiat aur imtiyaz, daa-e-awal ke iqlaas, anabat ila allah, is ki dua'on jaddo jahad wa qurbani aur sabse badhkar Allah Ta'ala ki raza wa qubuliat ke baad in usool wa zawabt ka bhi natija hai jo shuru se is ke daa-e-awal (Hazrat Maulana Mohammed Ilyas Kandhalvi RH) ne is keliye zaroori qarar diye aur jinki hamesha talqeen wa tableegh ki gayi. Woh Kalima Tayyiba ka mane wa taqazaon per ghaur, faraiz wa ibadat ke fazail ka ilm, ilm wa zikr ki faziliat ka istezaar, zikr-e-khuda wande mein mashghuliat, ikram muslim aur musalman ke haq ki shanasai wa adaigi, har amal mein tashih niyyat wa ikhlaas, tark-e-mala yaani, Allah ke raaste mein nikalne aur safar karne ke fazail wa targheebat ka istehzaar aur shauq, ye wo anasir aur khasais the jinhone is dawat ko ek siyasi, maadi tahreek aur istehsaal-e-fawaid, husool-e-jah wa mansab ka zariya banne se mahfooz kardiya aur wo ek khalis deeni dawat aur husool-e-raza-e-illahi ka zariya rahi.

Ye usool wa anasir jo is dawat wa jama'at ke liye zaroori qarar diye gaye, kitab wa sunnat se makhooz hain, aur wo raza-e-ilaahi ke husool wa deen ki hifazat ke liye ek pasban wa muhafiz ka darja rakhte hai in sub ke ma'akhaz kitab-e-illahi aur sunnat wa ahadees-e-nabvi hain.

Zaroorat thi ke ek mustaqil wa alhida kitab mein in ayaat wa ahadees wa maakhazat ko jama kardiya jata. Khuda ka shukr hai ke is dawat ila'a alkhair ke daa-e-saani Maulana Mohammed

Yousuf Saheb" (Khalf-e-Rasheed daa-e-awal Hazrat Maulana Mohammed Ilyas Saheb") ne jin ki nazar kutb-e-ahadees per bahut wasee aur gahri thi, in usoolaon, zawabt wa ehtayataon ke maakhazat ko ek kitab mein jama kardiya aur is mein poore iste'ab wa isteqsa'a se kaam liya, yahan tak ke ye kitab in usool wa zawabt aur hidayat ka majuma nahi balke mausu'a[2] ban gayi. Jis mein bila inteqab wa ikhtesar in sabka al'aa ikhtelaf-e-ad darajat zikr kar diya gaya hai. Ye bhi taqdeer aur taufeeq ilaahi ki baat hai ke ab ye kitab inke hafeed[3] Sayeed Aziz Alqadar Maulvi Saad Saheb أطال الله بقائه ووفقه لأكثر من ذلك ki tuwaja wa ihtemam se sha'e ho rahi hai aur is ka afada aam ho raha hai. Allah Ta'ala in ke is amal wa khidmat ko qubool farmaye aur zyada se zyada faida pahunchaye. وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ


Abul Hassan Ali Nadvi

Daira Shah Ilm Allah

Rai Bareli 20/Zeeqa'da 1418 H

[2] Jadeed arabi mein daira almu'araf ko mausu'a bhi kehte hain jis mein har cheez ka ta'aruf aur tashreeh hoti hai.

[3] Nabira yani farzand wa dukhtar.


بسم الله الرحمن الرحيم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرضِ مترجم

ARZ-E-MUTARJIM

Allah Ta'ala ka irshaad hai:

﴿لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ﴾ [آل عمران ١٦٤]

TARJUMA : Haqiqat mein Allah Ta'ala ne imaan waalon par bada ehsaan farmaya hai jabke unhi mein se un mein ek aisa azeem-ush-shaan Rasool bheja ke (Insaanon mein se hone ki wajha se unke aali sifaat se log be-takkaluf faida uthaate hain) woh Rasool inko Allah Ta'ala ki ayaatein padh padh kar sunate hain (Aayaat-e-Qur'ania ke zariye inko daawat dete hain, nasihat karte hain) inke akhlaaq ko banate aur sawaarte hain aur Allah Ta'ala ki Kitaab aur apni sunnat aur tareeqe ki ta'leem dete hain. Bila-shuba in Rasool ki tashreef aawari se qabal yeh log khuli gumraahi mein mubtila the. [Al-Imran 146]

Darj balaa aayat ke zail mein aur is mauzoo par Hazrat Maulana Syed Sulaiman Nadwi" ne "Hazrat Maulana Mohammed Ilyas" aur inki deeni daawat" ke muqadme mein tehreer farmaya hai ke Rasool-e- Kareem Alai As-salaat wa at-tasleem ko kaare nabu'at yeh faraiz ataa hue hain, Tilawaat-e-Qur'an ke zariye daawat, tazkia aur ta'leem-e-kitaab wa hikmat, Qur'an-e-Kareem aur Ahadees-e-Sahiha ke nasoos se yeh saabit hai ke qatim-un-

nabi'en ﷺ ki ummat apne Nabi ke itba'a mein is umam-e-aalim ki taraf ma'boos hai.

Haq Taa'la Shaanahu ka irshaad hai:

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ [آل عمران ١١٠]

TARJUMA: *Ae Musalmano! Tum behtareen jamaat ho jo logon ke liye zahir ki gayi, achche kaamao ko batate ho aur bure kaamao se rokte ho.* [Al-Imran 110]

Ummat-e-muslima faraiz-e-nabu'at mein se daawat-e-khair aur amar bil maroof aur nahi anilmankar mein Nabi ki janasheen hai. Isliye Rasool Kareem Alai As-salaat wa at-tasleem ko kaar-e-nabu'at ke jo faraiz ataa hue hain, Tilawat-e-aayat ke zariye daawat' tazkia aur ta'leem-e-kitaab wa hikmat, yeh amaal ummat-e-muslima ke bhi zimme aagaye. Chunache Rasool ﷺ ne apni ummat ko daawat, ta'leem wa ta'llum, zikr wa ibadat par jaan wa maal kharch karne wala banaya. In amaal ko doosre ashgaal par tarjeeh di gayi aur har haal mein in a'maal ki mashq karayi gayi. In amaal mein inhamaak ke saath takaleef aur shadaid par sabr sikhlaaya gaya. Doosraon ko nafaa pahuchane keliye apni jaan wa maal lagane wala banaya gaya aur, وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ "*aur Allah Ta'ala ke deen keliye mehnat aur koshish kiya karo jaisa mehnat karne ka haq hai*" ki taameel mein nabiyon waale mizaj par riyazat wa mujaheda aur qurbani wa esaar ke woh naqshay taiyaar hue jinse ummat ka aala tareen majmu'a wajood mein aayaa. Jis daur mein Nabi Kareem ﷺ waale yeh a'maal majmu'e taur par amu'm-e-ummat mein zinda rahe us daur keliye Khair-ul-Qaroon ki shahadat di gayi.

Phir قرناً بعد قرنٍ khwaas ne yane akabir ummat ne in nabwi faraiz ki adayegi mein poori tawajha aur koshish mabzool farmayee aur inhi ke mujahidaat ka noor hai jisse Kashna-e-Islaam mein roshni hai.

Is daur mein Allah Ta'ala ne Hazrat Maulana Mohammed Ilyas″ ke dil mein deen ke mitne par sauz wa fikr wa bechaini aur ummat ke liye dard aur ghum is darje mein bhar diya jo unke waqt ke akabar ki nazar mein apni misaal aap tha. Woh har waqt ﷺ جميع ما جاء به النبي Nabi Kareem ﷺ jo tareeqe Allah Ta'ala ki taraf se laaye hai, in subko saare aalim mein zinda karne keliye maztarb rahte the aur woh is baat ke poore jazm ke saath da'yee the ke ahya'a deen keliye jadojahad isi waqt maqbool aur mouthar hogi jab ke jadojahad mein Rasool Allah ﷺ ka tariqa zinda ho. Aise da'yee tayyar ho jo apne ilm wa amal, fikr wa nazar, tareeq-e-dawat aur zoq wa haal mein anbiya'a ʼ aur khususan Mohammed ﷺ se khaas manasibat rakhte ho. Sehat-e-Imaan aur zahri amal-e-Salah ke saath inke baatni ahwal bhi minhaj-e-nabu'at per ho. Mohabbat-e-Ilahi, khashyat-e-Ilahi, taaluq ma'a allah ki kaifiyat ho. Akhlaaq wa aadaat wa shameil mein itbaa-e-sunan-e-nabwi ka ehtamam ho. Hubb Allah, Bugaz Allah, rafat wa rahmat bilmusalmeen aur shafaqat aala alkhalq inki dawat ka muhrak ho aur Anbiya'a ʼ ke bar bar duhraye hue usool ky mutabiq siwaye Ajr-e-Ilahi ki talab ke koi maqsood na ho. Allah Ta'ala ki raza keliye ahya-e-deen ki aisi dhun ho ke Allah Ta'ala ki raah mein jaan wa maal qurban karne ka shauq inhe kheenche kheenche liye phirta ho aur jaah wa mansab, maal wa daulat, izzat wa shohrat, naam wa namood aur zaati aaraam wa aasaish ka koi khayal raah mein ma'ane na ho. Inka uthna, baithna, bolna, chaalna garz inki zindagi ki har janbish wa harkat isi ek simith mein simat kar reh jaaye.

Jadojahad mein Rasool ﷺ ka tariqa zinda karne aur zindagi ke tamaam shaubaon ko Allah Ta'ala ke awamer aur Nabi Kareem ﷺ ke tareeqe par laane aur kaam karne walaon mein ye sifaat paida karne ke liye 6 number muqarar kiye gaye. Us waqt ke Ahl-e-Haq Ulma wa Mashaiq ne ta'eed farmayi. Inke Farzand-e-Rasheed Hazrat Maulana Mohammed Yousuf ″ ne apni da'iyana wa mujahidana zindagi is kaam ko isi nahaj par

badhane aur in sifaat ke hamil majme ko tayyar karne ki koshish mein khapadi. In aali sifaat ke bare mein hadees, seerat aur tareeq ki mautabar kutb se Rasool Allah ﷺ aur Sahaba Karam ؓ ki zindagi ke waqiyaat namona ke taur par" Hayat-al sahaba" ki teen jildaon mein jama kiye. Ye kitab inki hayaat mein hi Bahamd Allah shaya hogaye.

Maulana Mohammed Yousuf ؒ ne in sifaat (6 numbaraon) ke baare mein Muntakhib Ahadees paak ka majmua bhi tayyar kar liya tha lekin iski tarteeb wa takmeel ke aakhri marahal se qabl hi woh is alam-e-fani se alam-e-jawdani ki taraf rehlat farma gaye, انالله وإنا اليه راجعون mute'ded khuddam wa rafq'a se Hazrat ؒ ne is majmua ki tayyari ka zikr farmaya aur is par Hazrat ؒ , AllahTa'ala ka shukr aur apni khushi ka izhaar farmate rahe. Allah Ta'ala hi jaanta hai ke unke dil mein kya kya azaim the aur iske har har rang ko who kis tarah ujagar kar ke dilnasheen karte. Allah Ta'ala ke haan isi tarah muqaddar tha. Ab us "MUNTAKHAB AHADEES" ka majmua urdu tarjume ke saath pesh kiya jaraha hai.

Is kitaab ke tarjume mein asaan, aam fahm zuban ikhtiyar karne ki koshish ki gayee hai. Hadees ke mafhoom ki wazahat keliye baaz muqamaat per qouseen ki ibarat aur faida ko ikhtesaar ke saath tahreer karne ki sae'e ki gayee hai. Chounke Moulana Mohammed Yousuf ؒ ko apni kitab ke masaude per nazrsani ka mouqa nahi mila tha isliye is mein kaafi mehnat karni padi jis mein matan-e-hadees ki durastagi, riwath-e-hadees ki jirah wa ta'deel, hadees ki tasheeh wa tahseen wa tazaif, shrah ghareeb alhadees wagaira bhi shamil hai. Is silsile mein jo muraja'a pesh nazar rahe inki fahrist kitaab ke aakhir mein di gayee hai.

Is urdu tarjume ko HUDA PUBLICATIONS, Hyderabad ne nihayat ehtemam se urdu ko roman script mein pesh karne ka ehtemam kiya hai.

Is tamaam kaam mein baqadre isteta'at ehtiyaat ko malhooz rakha gaya hai aur ulma-e-karaam ki ek jamaat ne is kaam mein bharpur iyanat farmayee hai. AllahTa'ala inko behtareen jazaye khair aata farmaye. Bashri lagzshein mumkin hain. Hazraat-e-ulma se darkhuast hai ke jo cheez islah ke liye zaruri khayal farmaye isse muta'ala farmayein.

Ye majmua jis maqsad keliye Hazrat ji ؒ ne murattib farmaya tha aur iski ahmiyat ko jis tarah Hazrat Moulana Syed Abu-al-Hasan Ali Nadwi ؒ ne wazeh farmaya iska taqaza ye hai ke isko har qism ki tarmeem or iqtesaar se mahfooz rakha jaye.

Haq Ta'ala ne jin aali uloom ki tableegh wa isha'at kiliye Hazraat Anbiya Karam Alaihum As-salaat wa at-tasleem ko zariya banaya in uloom se pura faida uthane keliye zaroori hai ke is ilm ke mutabiq yaqeen banaya jaye. Allah Rabb-ul-izzat ke aali farmaan aur Rasool Allah ﷺ ke Mubarak Irshadaat ko padhte aur sunte waqt apne aap ko kuch na jaan ne wala samajha jaye yani insaani mushahada par se yaqeen hataya jaye, gayeb ki khabaraon par yaqeen laya jaye, jo kuch padha aur suna jaye ise dil se sachcha maana jaye. Jab Qur'an-e-Kareem padhne ya sunne baitha jaye to yun samajha jaye ke AllahSubhana Ta'ala mujh se muqatib hai. Kalaam ko padhte aur sunte waqt Sahib-e-Kalaam ki azmath jitni taari hogi aur is kalaam ki taraf jitni tawajah hogi issi qadr kalaam ka asar zyada hoga. Qur'an-e-Kareem mein ***AllahTa'ala ne Rasool Allah ﷺ se irshaad farmaya:***

﴿وَإِذَا سَمِعُوا مَآ أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُوْلِ تَرَى أَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ﴾

[المآئدة ٨٣]

TARJUMA: *Aur jab yeh log is kitab ko sunte hain jo Rasool par nazil hui hai to (Qur'an-e-Kareem ke tasir se) aap in ki aakhaon ko aansuaon se behta hua dekhte hain iski wajha ye hai ke inhone haq ko pehchaan liya.* [Al-Maida 83]

Dusri jagah ***Allah Ta'ala ne apne Rasool ﷺ se irshaad farmaya:***

﴿فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ﴾ [الزمر ١٧، ١٨]

TARJUMA: *Aap mere in bandaon ko khushkhabri suna dijiye jo is Kalaam-e-Illahi ko kaan laga kar sunte hain phir iski achchi bataon par amal karte hain, yehi log hai jinko Allah Ta'ala ne hidayat di hai aur yehi aqal wale hain.*
[Az-Zumar 17,18]

Ek hadees mein *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:*

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِذَا قَضَى اللهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ، كَأَنَّهُ سِلْسِلَةٌ عَلَى صَفْوَانٍ فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ، قَالُوا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؛ قَالُوا: الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ (رواه البخاري)

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jab Allah Ta'ala aasmaan mein koi hukm nafiz farmate hain to farishte Allah Ta'ala ke is hukm ke ru'ab wa haibat ki wajah se kaanp uthte hain aur apne paraon ko hilane lagte hain aur farishtaon ko Allah Ta'ala ka irshaad is tarah sunayee deta hai jaisa chikne pathar par zanjeer marne ki awaaz hoti hai. Phir jab inke dilaon se ghabrahat door kardi jati hai to ek dusre se daryaft karte hain ke tumhare parwardigar ne kya hukm diya? Woh kehte hai ke haq baat ka hukm farmaya aur waqayi woh alishaan hai, sabse bada hai (yun jab farishtaon par hukm wazeh ho jata hai to woh iski ta'meel mein lag jaate hain).

Ek dusri hadees mein irshaad hai:

عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَعَادَهَا ثَلَاثًا حَتَّى تُفْهَمَ (رواه البخاري)

Hazrat Anas رضي الله عنه farmate hai: ke Nabi-e-Kareem ﷺ jab koi (ahem) baat irshaad farmate to isko teen martaba duhraate taake isko samajh liya jaaye. Is liye munasib hai ke hadees-e-paak ko teen

martaba dehaan se padha jaye ya sunaya jaye. Mahobbat aur adab ke sath padhne aur sunne ki mashaq ho. Baatein na ki jayein. Ba wazu dozanu baithne ki koshish ho. Sahara na lagaya jaye. Nafs ke mujahede ke sath is ilm mein mashgul ho. Maqsad ye hai ke dil Qur'an wa hadees se asar lene lag jaye. Allah Ta'ala aur unke Rasool ﷺ ke wadaon ka yakheen paida ho kar deen ki aisi talab paida ho ke har amal mein Rasool ﷺ ka tariqa aur masael aur ulma-e-hazaraat se maloom kar ke amal karne waale bante chale jayein.

Ab is kitaab ki ibteda us qutba ke ibtedayee hisse se ki jaati hai jo Hazrat Maulana Mohammed Yousuf ﷺ ne apni kitaab" Amaani al-ahbaar sharah maani al-a'saar" ke liye tehreer farmaya tha.

8/Jumadi Al-Aula 1421H, (7, September, 2000)

MOHAMMED SAAD KANDHALVI
MADRASA KASHIF AL-ULOOM
(Basti Hazrat Nizamuddin Aulia, New Delhi)

ابتدائیہ:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ لِيُفِيْضَ عَلَيْهِ النِّعَمَ الَّتِیْ لَا يُفْنِيْهَا مُرُوْرُ الزَّمَانِ مِنْ خَزَائِنِهِ الَّتِیْ لَا تَنْقُصُهَا الْعَطَايَا وَلَا تَبْلُغُهَا الْاَذْهَانُ وَاَوْدَعَ فِيْهِ الْجَوَاهِرَ الْمَكْنُوْنَةَ الَّتِیْ بِاتِّصَافِهَا يَسْتَفِيْدُ مِنْ خَزَائِنِ الرَّحْمٰنِ وَيَفُوْزُ بِهَا اَبَدَ الْاٰبَادِ فِیْ دَارِ الْجِنَانِ. وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ الَّذِیْ اُعْطِیَ بِشَفَاعَةِ الْمُذْنِبِيْنَ وَاُرْسِلَ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَاصْطَفَاهُ اللهُ تَبٰرَكَ وَتَعَالٰى بِالسِّيَادَةِ وَالرِّسَالَةِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَاجْتَبَاهُ لِتَشْرِيْحِ مَا عِنْدَهُ مِنَ الْعَطَايَا وَالنِّعَمِ فِیْ خَزَائِنِهِ الَّتِیْ لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى وَكَشَفَ مِنْ ذَاتِهِ الْعُلِيَّةِ عَلَيْهِ مَا لَمْ يَكْشِفْ عَلٰى اَحَدٍ وَمِنْ صِفَاتِهِ الْجَلِيْلَةِ الَّتِیْ لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَا اَحَدٌ لَا مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ وَشَرَحَ صَدْرَهُ الْمُبَارَكَ لِاِدْرَاكِ مَا اُوْدِعَ فِی الْاِنْسَانِ مِنَ الْاِسْتِعْدَادَاتِ الَّتِیْ بِهَا يَتَقَرَّبُ الْعِبَادُ اِلَى اللهِ تَعَالٰى حَقَّ التَّقَرُّبِ وَيَسْتَعِيْنُهُ فِیْ اُمُوْرِ دُنْيَاهُ وَاٰخِرَتِهِ وَعَلَّمَهُ طُرُقَ تَصْحِيْحِ الْاَعْمَالِ الَّتِیْ تَصْدُرُ مِنَ الْاِنْسَانِ فِیْ كُلِّ حِيْنٍ وَاٰنٍ فَبِصِحَّتِهَا يَنَالُ الْفَوْزَ فِی الدَّارَيْنِ وَبِفَسَادِهَا الْحِرْمَانَ وَالْخُسْرَانَ وَرَضِیَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ عَنِ الصَّحَابَةِ الْكِرَامِ الَّذِيْنَ اَخَذُوْا عَنِ النَّبِیِّ الْاَطْهَرِ الْاَكْرَمِ ﷺ الْعُلُوْمَ الَّتِیْ صَدَرَتْ مِنْ مِشْكٰوةِ نُبُوَّتِهِ فِیْ كُلِّ حِيْنٍ اَكْثَرَ مِنْ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ فَاَخَذُوا الْعُلُوْمَ بِاَسْرِهَا وَكَمَالِهَا فَوَعَوْهَا وَحَفِظُوْهَا حَقَّ الْوَعْیِ وَالْحِفْظِ وَصَحِبُوا النَّبِیَّ ﷺ فِی السَّفَرِ وَالْحَضَرِ. وَشَهِدُوْا مَعَهُ الدَّعْوَةَ وَالْجِهَادَ وَالْعِبَادَاتِ وَالْمُعَامَلَاتِ وَالْمُعَاشَرَاتِ فَتَعَلَّمُوا الْاَعْمَالَ عَلٰى طَرِيْقَتِهِ بِالْمُصَاحَبَةِ فَهَنِيْئًا لَّهُمْ حَيْثُ اَخَذُوا الْعُلُوْمَ عَنْهُ بِالْمُشَافَهَةِ الْعَمَلِ بِهَا بِلَا وَاسِطَةٍ ثُمَّ لَمْ يَقْتَصِرُوْا عَلٰى نُفُوْسِهِمُ الْقُدْسِيَّةِ بَلْ قَامُوْا وَبَلَّغُوْا كُلَّ مَا وَعَوْهُ وَحَفِظُوْهُ مِنَ الْعُلُوْمِ وَالْعُلُوْمِ وَالْاَعْمَالِ حَتّٰى مَلَؤُوا الْعَالَمَ بِالْعُلُوْمِ الرَّبَّانِيَّةِ وَالْاَعْمَالِ الرُّوْحَانِيَّةِ الْمُصْطَفَوِيَّةِ فَصَارَ الْعَالَمُ دَارَ الْعِلْمِ وَالْعُلَمَاءِ وَالْاِنْسَانُ مَنْبَعَ النُّوْرِ وَالْهِدَايَةِ وَمَصْدَرَ الْعِبَادَةِ وَالْخِلَافَةِ.


TARJUMA:

Tamaam taarifein sirf Allah Ta'ala ke zaat-e-aali keliye hai. Jisne insaan ko paida kiya taake insaan par apni who ne'matein jo zamana ke guzar ne se khatm nahi hotein lutaye, woh ne'matein aise khazanaon mein hain jo ke aata karne se ghat-te nahi aur jin tak insanaon ke zehnaon ki rasayee nahi. Allah Ta'ala ne insaan ke andar salahiyataon ke aise johar chupa rakhe hai jin ko baroye kaar lakar insaan, Rehman ke khazanaon se faida utha sakta hai aur woh unhi salahiyataon se hamesha hamesha ki jannat mein rehne ki saadat bhi hasil karsakta hai.

Allah ki rehmat aur durood-o-salaam ho Mohammed ﷺ par jo tamaam nabiyaon aur Rasoolaon ke sardar hain, jinko gunahgaron ki shifa'at karne ka ezaaz diya gaya hai, jinko tamaam jahaan walaon ke liye rehmat bana kar bheja gaya, jinko Allah Ta'ala ne looh mehfooz aur qalm banane se pehle tamaam nabiyaon aur Rasoolaon ki sardari aur bandaon tak apna paigham pahunchane ka sharf ataa karne keliye chuna aur jinka intekhaab Allah Ta'ala ne isliye kiya ke woh Allah Ta'ala ke la-mehdood khazanao mein jo ne'matein hai inki tafseel bayan kare aur unko apni zaat-e-aali ke woh uloom wa mu'araf ataa kiye jo ab tak kisi par nahi khole the aur apni jaleel alqadr sifaat un par munkashaf farmaye jinko koi nahi jaanta tha na koi muqqarab farishta na koi nabi marsal, aur unke seena mubarak ko in salahiyataon ke idraak keliye khol diya jo Allah Ta'ala ne insaan mein wadiat farmayi hain jin fitri salahiyataon se bande Allah Ta'ala ka qurb hasil karte hain in salahiyataon se bande apni duniya wa aakhirat ke amor mein maddad hasil karte hain aur Allah Ta'ala ne Aap ﷺ ko insaan se har lamha saader hone waale amaal ki durstagi ke tariqaon ka ilm diya, kyunke duniya wa aakhirat ki kamiyabi ka madar amaal ki durstagi par hai. Jaise inki kharabi dono jahan mein mehrumi wa khasare ka ba'as hai

Allah Ta'ala Sahaba Karaam ﷺ se raazi ho jinhone Nabi Ather-wo-Ikraam se un uloom ko pura aur akmal darja mein hasil kiya jin uloom ki te'daad daraqtaon ke pattaon aur barish ke khatraon se zyada hai aur jinka zahoor chirag nabu'at se har waqt hota tha phir inhone un uloom ko aisa yaad kiya aur mehfooz rakha, jaisa ke yaad karne aur mehfooz rakhne ka haq hai. Woh safar-o-hazar mein Rasool Allah ﷺ ki sohbat mein rahe aur unke saath Dawat-o-Jihad, Ibadat, Mu'amlaat aur Mu'ashraat ke muaqe mein shareek rahe phir in amaal ko Rasool Allah ﷺ ke tareeqe per aap ke saath rehkar seekha.

Sahaba Karaam ﷺ ki jamaat ko Mubarak ho jinhone bagair kisi waaste ke aap ﷺ se bilmushafah uloom aur un per amal seekha phir inhone in uloom ko sirf apne nafoos-e-qudsiya tak mahdood nahi rakha balke jo uloom wa mu'araf inke dilaon mein mehfooz the aur jin amaal ko woh karne waale the woh dusraon tak pahunchaye aur saare aalam ko uloom-e-Rabania aur amaal Ruhania mustafawya se bhar diya. Chunache uske natije mein saara aalam ilm aur ahl-e-ilm ka gehwara ban gaya aur insaan noor-o-hidayat ka sarchashma ban gaye aur ibadat-o-khilafat ki buniyad per aagaye.



بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

کلمۂ طیّبہ

KALIMA-E-TAYYABA

IMAAN

Imaan lugat mein kisi ki baat ko kisi ke etemaad per yaqini taur se maan lene ka naam hai, aur deen ki khaas istalah mein khabr-e-Rasool ko bagair mushahida ke mehaz Rasool ke etemaad per yaqini taur se maan lene ka naam imaan hai.

AYAAT-E-QUR'ANIA

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ﴾ [الانبیاء ۲۵]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ se irshaad farmaya:*** *aur humne aapse pehle koi aisa paigambar nahi bheja jiske paas humne yeh wahi na bheji ho ke mere siwa koi ma'abood nahi is liye meri hi ibadat karo.* [Al-Anbiya'a 25]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ﴾ [الانفال ۲]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Imaan waale to wohi hai ke jab Allah Ta'ala ka naam liya jata hai to in ke dil darr jate hain aur jab Allah Ta'ala ki aayatein un ko padh kar sunayee jati hain to woh aayatein un ke imaan ko qavi tar kar deti hain aur woh apne Rabb hi par tawakkal karte hain.* [Al-Anfal 2]

وَقَالَ تَعَالىٰ: ﴿فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا﴾ [النساء ١٧٥]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Jo log Allah Ta'ala par imaan laye aur achchi tarah Allah Ta'ala se ta'luq paida karliya to Allah Ta'ala anqareeb aise logaon ko apni rehmat aur fazal mein daqil karenge aur inhe apne tak pahaonchne ka seedha rasta dekhaenge (jahan inhe rahnumayi ki zarurat pesh aayegi in ki dastagiri farmayenge).* [An-Nisa'a 175]

وَقَالَ تَعَالىٰ: ﴿إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ﴾ [المؤمن ٥١]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Beshak hum apne Rasoolon aur imaan walaon ki duniya ki zindagi mein bhi madad karte hain aur qayamat ke din bhi madad karenge jis din aamal likhne waale farishte gawahi dene khadhe honge.* [Momin 51]

وَقَالَ تَعَالىٰ: ﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ﴾ [الانعام ٨٢]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Jo log imaan laye aur unhone apne imaan mein shirk ki milawat nahi ki, aman inhi keliye hai aur yehi log hidayat par hain.* [Al-An'aam 82]

وَقَالَ تَعَالىٰ: ﴿وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ﴾ [البقرة ١٦٥]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai :** *Aur imaan walaon ko to Allah Ta'ala hi se zyada mohabbat hoti hai.* [Al-Baqarah 165]

وَقَالَ تَعَالىٰ: ﴿قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ﴾ [الانعام ١٦٢]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ se irshaad farmaya:** *Aap farmadijiye ke beshak meri namaz aur meri har ibadat, mera jina aur marna, sab kuch Allah Ta'ala hi keliye hai jo saray jahaan ke paalne waale hain.* [Al-An'aam 162]

AHADEES-E-NABIWIYAH

1. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ شُعْبَةً. فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الْأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ. وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيمَانِ.

رواه مسلم، باب بيان عدد شعب الإيمان، رقم 153

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Imaan ki sattar (70) se zyada shakhein hain. In mein sab se afzal shaaq لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ka kehna hai aur adna shaaq taklif dene wali cheezon ka raste se hatana hai aur haya imaan ki ek (ahem) shaaq hai. [Muslim]

FAIDA: Haya ki haqeeqat ye hai ke woh insaan ko galat kaam se bachane par aamada karti hai aur sahib haq ke haq mein kotahi karne se rokti hai.

2. عَنْ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُ عَلَى عَمِّي فَرَدَّهَا عَلَيَّ فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ.

رواه احمد 6/1

Hazrat Abu Bakar رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs is kalima ko qubool karle jis ko maine apne chachcha (Abu Talib) par (in ke inteqal ke waqt) pesh kiya tha aur inho ne usse rad kardiya tha woh kalima is shakhs keliye nijat (ka zariya) hai. [Musnad Ahmad]

3. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: رَسُولُ اللهِ ﷺ: جَدِّدُوا إِيمَانَكُمْ قِيلَ: يَارَسُولَ اللهِ! وَكَيْفَ نُجَدِّدُ إِيمَانَنَا؟ قَالَ: أَكْثِرُوا مِنْ قَوْلِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ. رواه احمد والطبراني وإسناد احمد حسن، الترغيب 415/2

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Apne Imaan ko taaza karte raha karo. *Arz kiya gaya:* Ya Rasool Allah! Hum apne imaan ko kis tarah taaza kare? *Irshaad farmaya:* لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ko kasrat se kehte raha karo.

[Musnad Ahmad, Tibrani, Targheeb]

4. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ.

رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن غريب، باب ماجاء ان دعوة المسلم مستجابة، رقم 3383

Hazrat Jaber Bin Abdullah رضي الله عنه *farmate hai ke mein ne Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Tamaam azkaar mein sab se afzal zikr لا إله إلا الله hai aur tamaam duaon mein sab se afzal dua الحمد لله hai. [Tirmizi]

FAIDA: لا إله إلا الله sab se afzal is liye hai ke sare deen ka daromadar is par hai is ke baghair na imaan sahi hota hai aur na koi musalman banta hai الحمد لله ko afzal dua is liye farmaya gaya ke Kareem ki tareef ka matlab sawal hi hota hai aur dua Allah Ta'ala se sawal karne ka naam hai. [Muzahir Haq]

5. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَا قَالَ عَبْدٌ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ قَطُّ مُخْلِصًا إِلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰى تُفْضِيَ إِلَى الْعَرْشِ مَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ.

رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن غريب، باب دعاء ام سلمة، رقم: 359

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *farmate hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaye :* Jab koi banda dil ke ekhlaas ke saath لا إله إلا الله kehta hai to is kalima keliye yaqeeni taur par asmaan ke darwaze khol diye jate hain yahan tak ke ye kalima seedha arsh tak pahunchta hai. Yani fauran qubool hota hai ba sharth ye ke woh kalima kehne wala kabiraah gunahon se bachta ho. [Tirmizi]

FAIDA: Ekhlaas ke saath kehna ye hai ke is mein riya aur nifaaq na ho. Kabirah gunahon se bachne ki sharth jald qubool hone keliye hai. Aur agar kabiraah gunahon ke saath bhi kaha jaye to nafa aur sawab se is waqt bhi qali nahi. [Murqaat]

6. عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي شَدَّادٌ وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا حَاضِرٌ يُصَدِّقُهُ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ غَرِيبٌ يَعْنِي أَهْلَ الْكِتَابِ، فَقُلْنَا: لَا يَا رَسُولَ اللهِ فَأَمَرَ بِغَلْقِ الْبَابِ وَقَالَ: ارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ وَقُولُوا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ فَرَفَعْنَا أَيْدِيَنَا سَاعَةً ثُمَّ وَضَعَ ﷺ يَدَهُ ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، اللّٰهُمَّ إِنَّكَ بَعَثْتَنِي بِهٰذِهِ الْكَلِمَةِ وَأَمَرْتَنِي بِهَا وَوَعَدْتَنِي عَلَيْهَا الْجَنَّةَ وَإِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ. ثُمَّ قَالَ: أَلَا أَبْشِرُوا فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ غَفَرَ لَكُمْ.

رواه احمد والطبراني والبزار ورجاله موثقون، مجمع الزوائد ١٦٤/١

Hazrat Yaala Bin Shadad رضي الله عنه *farmate hain ke mere walid Hazrat Shadad* رضي الله عنه *ne ye waqiya bayan farmaya aur Hazrat Obada* رضي الله عنه *jo ke is waqt maujood the is waqiye ki tasdiq farmayi:* Ke ek martaba hum log Nabi-e-Kareem ﷺ ki qidmat mein hazir the. *Rasool Allah* ﷺ *ne daryaft farmaya:* Koi ajnabi (ghair muslim) to majme mein nahi? Hum ne arz kiya: koi nahi. *Irshaad farmaya:* Darwaza band kardo. *Is ke baad irshaad farmaya:* Haath uthao aur kaho لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ. Hum ne thodi dair haath uthai rakhe (aur kalima tayaba padha) phir aapne apna haath neeche karliya. *Phir farmaya:* الْحَمْدُ لِلّٰهِ, Aye Allah Aap ne mujhe ye kalima de kar bheja hai aur is (kalima ki tableeq) ka mujhe hukm farmaya hai aur is kalima par jannat ka wada farmaya hai aur Aap wada khilaf nahi hain. *Is ke baad Rasool Allah* ﷺ *ne hum se farmaya:* Khush ho jao, Allah Ta'ala ne tumhari magfirat farmadi. [Musnad Ahmad, Tibrani, Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

7. عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ثُمَّ مَاتَ عَلَى ذٰلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ. قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ. قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ. قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ عَلَى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ.

رواه البخاري باب الثياب البيض، رقم 5827

Hazrat Abu Zarr رضي الله عنه *se riwayat hai ke Nabi-e-Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo banda لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ kahe aur phir issi par iski maut aajaye to woh jannat mein zaroor jayega. *Maine arz kiya:* Agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne chori ki ho? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* (Haan) agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne

chori ki ho. *Mein ne phir arz kiya:* Agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne chori ki ho? *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne chori ki ho. *Maine arz kiya:* Agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne chori ki ho? *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Agarcha is ne zina kiya ho agarcha is ne chori ki ho. Abu Zarr ke alal-ragum woh jannat mein zaroor jaye ga.

[Bukhari]

FAIDA: Alal-ragum arabi zuban ka ek khaas muhawra hai. Is ka matlab yeh hai ke agar tumhe yeh kaam nagawar bhi ho aur tum iska na hona bhi chahte ho tab bhi ye ho kar rahega. Hazrat Abu Zarr رضي الله عنه ko hairath thi ke itne badhe badhe gunhaon ke bawajood jannat mein kaise dakhil hoga jab ke adal ka taqaza yahi hai gunhaon par saza di jaye lehaza Nabi-e-Kareem ﷺ ne in ki hairath dur karne keliye farmaya khawah Abu Zarr ko kitna hi na gawar guzre who jannat mein zaroor dakhil hoga. Ab agar isne gunah bhi kiye honge to imaan ke taqaze se woh tauba astaqfaar kar ke gunah mu'af karalega ya Allah Ta'ala apne fazal se mu'af farma kar baghair kissi azaab ke hi ya gunahon ki saza dene ke baad bahrehal jannat mein zaroor dakhil farmayenge.

Ulma ne likha hai ke is hadees shareef mein kalima لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ kehne se murad poore deen wa tauhid par imaan lana hai aur isko eqtiyar karna hai. [Mu'araf Alhadith]

8. عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَدْرُسُ الْإِسْلَامُ كَمَا يَدْرُسُ وَشْيُ الثَّوْبِ حَتّٰى لَا يُدْرٰى مَا صِيَامٌ وَلَا صَدَقَةٌ وَلَا نُسُكٌ وَيُسْرٰى عَلٰى كِتَابِ اللهِ فِي لَيْلَةٍ فَلَا يَبْقٰى فِي الْأَرْضِ مِنْهُ آيَةٌ وَيَبْقٰى طَوَائِفُ مِنَ النَّاسِ الشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْعَجُوزُ الْكَبِيرَةُ يَقُولُونَ أَدْرَكْنَا آبَاءَنَا عَلٰى هٰذِهِ الْكَلِمَةِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ فَنَحْنُ نَقُولُهَا قَالَ صِلَةُ بْنُ زُفَرَ لِحُذَيْفَةَ: فَمَا تُغْنِي عَنْهُمْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَهُمْ لَا يَدْرُونَ مَا صِيَامٌ وَلَا صَدَقَةٌ وَلَا نُسُكٌ؟ فَأَعْرَضَ عَنْهُ حُذَيْفَةُ فَرَدَّدَهَا عَلَيْهِ ثَلٰثًا، كُلَّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ حُذَيْفَةُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِ فِي الثَّالِثَةِ فَقَالَ: يَا صِلَةُ تُنْجِيهِمْ مِنَ النَّارِ.

رواه الحاكم وقال هذا حديث صحيح على شرط مسلم يخرجاه 473/4

Hazrat Huzaifa ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jis tarha kapde ke naqsh wa nigaar ghis jate hain aur maand padh jate hai isi tarha Islam bhi ek zamane mein maand padh jayega yahan tak ke kisi shakhs ko ye ilm tak na rahega ke roza kya cheez hai aur sadqa wa haj kya cheez hai. Ek shab aayegi ke Qur'an seenaou se uthaliya jayega aur zameen par iski ek aayat bhi baqi na rahegi. Mutafarq taur par kuch budhe mard aur kuch budhi aurtein reh jayengi jo ye kahenge ke hum ne apne buzrugaon se ye kalmia لَا إِلٰهَ إِلَّا الله suna tha is liye hum bhi ye kalima padh lete hain. *Hazrat Huzaifa* ﷺ *ke shagird Silla ne pochcha:* Jab inhe roza, sadqa aur haj ka bhi ilm na hoga to bhala sirf ye kalima inhe kya faida dega? *Hazrat Huzaifa* ﷺ *is ka koi jawab na diya.* Unhone teen bar yahi sawal dohraya har bar *Hazrat Huzaifa* ﷺ *airaaz karte rahe in ke tisri martaba (israar) ke baad farmaya:* Silla! yeh kalima hi in ko dozaq se nijaat dilayega.

[Mustadarak Hakim]

9. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ نَفَعَتْهُ يَوْمًا مِنْ دَهْرِهِ، يُصِيبُهُ قَبْلَ ذَلِكَ مَا أَصَابَهُ.

رواه البزار والطبرانی وزواة الصحيح، الترغيب،414/2

Hazrat Abu Huraira ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jis ne لَا إِلٰهَ إِلَّا الله kaha is ko ye kalima ek din (yaum-e-qayamat) zaroor faida dega (nijat dilayega) agarche us ko kuch na kuch saza pehle bhugatna pade. [Bazzar, Tibrani, Targheeb]

10. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِوَصِيَّةِ نُوحٍ ابْنَهُ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: أَوْصَى نُوحٌ ابْنَهُ فَقَالَ لِابْنِهِ: يَا بُنَيَّ أُوصِيكَ بِاثْنَتَيْنِ وَأَنْهَاكَ عَنِ اثْنَتَيْنِ. أُوصِيكَ بِقَوْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، فَإِنَّهَا لَوْ وُضِعَتْ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ وَوُضِعَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ فِي كِفَّةٍ لَرَجَحَتْ بِهِنَّ، وَلَوْ كَانَتْ حَلْقَةٌ لَقَصَمَتْهُنَّ حَتَّى تَخْلُصَ إِلَى اللهِ، وَبِقَوْلِ! سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، فَإِنَّهَا عِبَادَةُ الْخَلْقِ، وَبِهَا تُقْطَعُ أَرْزَاقُهُمْ، وَأَنْهَاكَ عَنِ اثْنَتَيْنِ، الشِّرْكِ وَالْكِبْرِ، فَإِنَّهُمَا يَحْجُبَانِ عَنِ اللهِ.

(الحديث) رواه البزاروفيه محمد بن اسحاق وهو مدلس وهو ثقة وبقية رجاله رجال الصحيح، مجمع الزوائد 92/1

Hazrat Abdullah Bin Omar ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya :* Kya mai tumhe woh wasiyat na bataon jo (Hazrat) Nooh ﷺ ne apne bete ko ki thi? *Sahaba* *ne arz kiya:* Zaroor bataiyeh. *Irshaad farmaya:* (Hazrat) Nooh ﷺ ne apne bete ko wasiyat farmaya: Mere bete! tum ko do kaam karne ki wasiyat karta hoon aur do kaamon se rokta hoon. Ek to mein tumhe لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ke kehne ka hukm karta hoon kyunke agar ye kalima ek palde mein rakh diya jaye aur tamaam asmaan wa zameen ko dusre palde mein rakh diya jaye to kalima wala palda jhuk jayega aur agar tamaam asmaan wa zameen ka ek ghera ho jayega to bhi yeh kalima is gheray ko tod kar Allah Ta'ala tak pahunch kar rahega. Dusri cheez jis ka hukm deta hoon woh سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ka padhna hai. Kyunke yeh tamaam makhluq ki ibadat hai aur iski barkat se makhluqat ko rozi di jati hai. Aur mai tum ko do baaton se rokta hoon shirk se aur takabur se kyunke yeh dono buraiyan bande ko Allah Ta'ala se door kardeti hain.

[Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

11. عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا رَجُلٌ يَحْضُرُهُ الْمَوْتُ إِلَّا وَجَدَ رُوْحُهُ لَهَا رَوْحًا حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ جَسَدِهٖ وَكَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رواه ابو يعلى ورجاله رجال الصحيح، مجمع الزوائد 67/3

Hazrat Talha Bin Obaidullah ﷺ *se riwayat hai ke Nabi kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai ek aisa kalima jaanta hoon jise aisa shakhs padhe jis ki maut ka waqt qareeb ho to is ki rooh jism se nikalte waqt is kalima ki badaulat zaroor rahat payegi aur kalima iskeliye qayamat ke din noor hoga. (woh kalima لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ hai).

[Abu Ya'la, Majma Al-Zawa'id]

12. عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (فِيْ حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ) أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَكَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيْرَةً ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَكَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَكَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مَا يَزِنُ مِنَ الْخَيْرِ ذَرَّةً.

(وهو جزء من الحديث) رواه البخاري، باب قول الله تعالى: لما خلقت بيدي، رقم: 7410

Hazrat Anas ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Har woh shakhs jahanum se nikle ga jisne لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ kaha hoga aur iske dil mein ek jao ke wazn ke barabar bhi bhalaee hogi. (yani imaan hoga) phir har woh shakhs jahanum se niklega jis ne لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ kaha hoga aur is ke dil mein gandam ke daane ke barabar bhi khair hogi. (yani imaan hoga). Phir har woh shakhs jahanum se niklega jis ne لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ kaha hoga aur is ke dil mein zara barabar bhi khair hogi. [Bukhari]

13. عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: لَا يَبْقَى عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ كَلِمَةَ الْإِسْلَامِ بِعِزِّ عَزِيزٍ أَوْ ذُلِّ ذَلِيلٍ إِمَّا يُعِزُّهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَيَجْعَلُهُمْ مِنْ أَهْلِهَا أَوْ يُذِلُّهُمْ فَيَدِينُونَ لَهَا. رواه احمد 4/6

Hazrat Miqdad Bin Aswad ﷺ farmate hai ke mein ne Nabi kareem ﷺ ko yeh irshaad farmate hue suna: Ru-e-zameen par kisi shaher, gaon, sehra ka koi ghar ya khaima aisa baqi nahi rahega jahan Allah Ta'ala islam ke kalima ko daqil na farmadein, maan'ne waale ko kalime wala bana kar izzat denge na maan'ne waale ko zaleel farmayenge phir woh musalmanon ke ma'tahat ban kar rahenge. [Musnad Ahmad]

14. عَنِ ابْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ قَالَ حَضَرْنَا عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ وَهُوَ فِي سِيَاقَةِ الْمَوْتِ فَبَكَى طَوِيلًا وَحَوَّلَ وَجْهَهُ إِلَى الْجِدَارِ فَجَعَلَ ابْنُهُ يَقُولُ يَا أَبَتَاهُ أَمَا بَشَّرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِكَذَا أَمَا بَشَّرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِكَذَا قَالَ فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهِ فَقَالَ إِنَّ أَفْضَلَ مَا نُعِدُّ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ إِنِّي كُنْتُ عَلَى أَطْبَاقٍ ثَلَاثٍ لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَمَا أَحَدٌ أَشَدَّ بُغْضًا لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ مِنِّي وَلَا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَكُونَ قَدِ اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ فَقَتَلْتُهُ فَلَوْ مُتُّ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ لَكُنْتُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا جَعَلَ اللّٰهُ الْإِسْلَامَ فِي قَلْبِي أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَمِينَكَ فَلْأُبَايِعْكَ فَبَسَطَ يَمِينَهُ قَالَ فَقَبَضْتُ يَدِي قَالَ مَا لَكَ يَا عَمْرُو قَالَ قُلْتُ

أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِطَ قَالَ تَشْتَرِطُ بِمَاذَا قُلْتُ أَنْ يُغْفَرَ لِي قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ وَأَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلِهَا وَأَنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ وَمَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَلَا أَجَلَّ فِي عَيْنِي مِنْهُ وَمَا كُنْتُ أُطِيقُ أَنْ أَمْلَأَ عَيْنَيَّ مِنْهُ إِجْلَالًا لَهُ وَلَوْ سُئِلْتُ أَنْ أَصِفَهُ مَا أَطَقْتُ لِأَنِّي لَمْ أَكُنْ أَمْلَأُ عَيْنَيَّ مِنْهُ وَلَوْ مُتُّ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ لَرَجَوْتُ أَنْ أَكُونَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ وَلِينَا أَشْيَاءَ مَا أَدْرِي مَا حَالِي فِيهَا فَإِذَا أَنَا مُتُّ فَلَا تَصْحَبْنِي نَائِحَةٌ وَلَا نَارٌ فَإِذَا دَفَنْتُمُونِي فَشُنُّوا عَلَيَّ التُّرَابَ شَنًّا ثُمَّ أَقِيمُوا حَوْلَ قَبْرِي قَدْرَ مَا تُنْحَرُ جَزُورٌ وَيُقْسَمُ لَحْمُهَا حَتَّى أَسْتَأْنِسَ بِكُمْ وَأَنْظُرَ مَاذَا أُرَاجِعُ بِهِ رُسُلَ رَبِّي.

رواه مسلم، باب كون الإسلام يهدم قبله......، رقم 321

Hazrat Ibn Shimasa Mehri" se riwayat hai ke hum Hazrat Amr Bin Aas ﷺ ke paas in ke aakhiri waqt mein maujood the. Woh zaar wa qhataar ro rahe the aur deewar ki taraf apna rukh kiye hue the. In ke saheb zaade inko tasalli dene keliye kehne lage abba jaan! Kya Nabi Kareem ﷺ ne aapko falan basharat nahi di thi? Kya Rasool Allah ﷺ ne aapko falan basharat nahi di thi? Yani aap ko to Nabi Kareem ﷺ ne badi badi basharate di hain. Ye sun kar inhone (deewar ki taraf se) apna rukh badla aur farmaya sab se afzal cheez jo hum ne (aakhirat keliye) tayar ki hai woh is baat ki shahadat hai ke Allah Ta'ala ke siwa koi ma'bood nahi aur Mohammed ﷺ Allah ke Rasool hai. Meri zindagi ke teen daur guzre hain. Ek daur to woh tha jab ke Rasool Allah ﷺ se bagz rakhne wala mujh se zyada koi aur shakhs na tha aur jab ke meri sab se badi tamanna yeh thi ke kisi tarah aap par mera khaboo chal jaye to mein aap ko maar daloon. Ye to meri zindagi ka sab se bat-tar daur tha, agar (khuda na khawsta) mai is hal par mar jata to yaqeenan dozakhi hota. Is ke baad jab Allah Ta'ala ne mere dil mein Islam ka haq hona dal diya to mein aap ke paas aaya aur mein ne arz kiya: Apna haath Mubarak badhaiye taake mai aap se ba'ait karoon. Aap ﷺ ne apna haath Mubarak badha diya, maine apna haath peeche kheench liya. *Aap ne farmaya:* Amr ye kya? *Maine arz kiya:* mai kuch shart lagana chahta hoon. *Farmaya:* kya shart

lagana chaahte ho? *Maine kaha:* ye ke mere sab gunah mu'af hojayein. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Amr! Kya tumhe khabar nahi ke Islam to kufr ki zindagi ke gunahon ka tamaam qissa hi paak kardeta hai aur hijrat bhi pichle tamaam gunah mu'af kar deti hai aur haj bhi pichle sab gunah khatam kardeta hai. Ye daur woh tha jab ke aap se zyada pyara, aap se zyada buzrug wa bartar meri nazar mein koi aur na tha. Aap ki azmath ki wajha se meri ye taab na thi ke kabhi aap ko nazar bhar kar dekhsakta, agar mujhse aap ki surat mubarak poochi jaye to mai kuch nahi bata sakta kyun ke maine kabhi puri tarah aap ko dekha hi nahi. Kaash agar mai is haal par mar jata to umeed hai ke jannati hota. Phir hum kuch cheezon ke mutawalli aur zimedar bane aur nahi keh sakte ke hamara haal in cheezon mein kya raha (yeh meri zindagi ka teesra daur tha) achcha dekho jab meri wafat hojaye to mere (janaze ke) saath koi wawela aur shor wa shagab karne wali aurat na jaane paye na (zamana jahaliyat ki tarah) aag mere janaze ke saath ho. Jab mujhe dafan kar chuko to meri qabr par achi tarah mitti dalna aur jab (faarig hojao) to meri qabr ke paas itni dair teherna jitni dair mein ount zubah kar ke is ka gosht taqseem kiya jata hai taake tumhari wajha se mera dil laga rahe aur mujhe maloom hojaye ke mai apne Rabb ke bheje hue farishtaon ke sawalat ke jawabat kya deta hoon. [Muslim]

15. عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! اذْهَبْ فَنَادِ فِي النَّاسِ أَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا الْمُؤْمِنُونَ.

رواه مسلم، باب غلظ تحريم الغلول......، رقم 309

Hazrat Omer ﷺ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Khattaab ke bete! jao, logaon mein yeh elaan kardo ke jannat mein sirf imaan waale hi daqil honge. [Muslim]

16. عَنْ أَبِي لَيْلَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَأَسْلِمُوا تَسْلَمُوا.

(وهو بعض الحديث) رواه الطبراني وفيه حرب بن الحسن الطحان وهو ضعيف وقدوثق، مجمع الزوائد 251/6

Hazrat Abu Laila ﷺ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne (Abu Sufiyan se) irshaad farmaya:* Abu Sufiyan tumhari halat par afsoos hai. Mai to tumhare paas duniya wa aakhirat (ki bhalayi) le kar aaya hoon, tum Islam qubool karlo, salamati mein aajaoge.

[Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

17. عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ شُفِّعْتُ. فَقُلْتُ: يَارَبِّ أَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ خَرْدَلَةٌ فَيَدْخُلُونَ، ثُمَّ أَقُولُ أَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ أَدْنَى شَيْءٍ.

رواه البخاري، باب كلام الرب تعالى يوم القيامة........، رقم: 7509

Hazrat Anas ﷺ *farmate hai ke maine Nabi Kareem* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* jab qayamat ka din hoga to mujhe shafaat ki ijazat dijayegi. *Mai arz karonga:* Ae mere Rabb! jannat mein har us shakhs ko dakhil farmadijiye jis ke dil mein raee ke daane ke barabar bhi (imaan) ho, (Allah Ta'ala meri is shifaat ko qubool farmalenge) aur woh log jannat mein dakhil hojayenge. Phir mai arz karonga jannat mein har us shakhs ko dakhil farmadijiye jis ke dil mein zarasa bhi (imaan) ho.

[Bukhari]

18. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: يَدْخُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ ثُمَّ يَقُولُ اللهُ تَعَالَى: أَخْرِجُوا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ فَيُخْرَجُونَ مِنْهَا قَدِ اسْوَدُّوا، فَيُلْقَوْنَ فِي نَهَرِ الْحَيَاةِ فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي جَانِبِ السَّيْلِ، أَلَمْ تَرَ أَنَّهَا تَخْرُجُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً؟

ta'beer irshaad farmate) ek subha *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Raat ko maine khuwaab dekha hai ek do farishte mere paas aaye aur mujhe utah kar kaha: Hamare saath chaliye. Mai in ke saath chaldiya. Ek shakhs par hamara guzr hua jo leta hua hai aur dusra iske paas pathar utahye hue khada hai aur woh lete hue shakhs ke sar par zorse pathar marta hai jis ki wajha se iska sar kuchal jata hai aur pathar ludak kar dusri taraf chala jata hai. Ye jakar pathar utah kar lata hai iske wapas aane ke pehle iska sar bilkul sahi jaise pehle tha waisa hi hojata hai. Phir yahi isi tarah pathar maarta hai aur wohi kuch hota hai jo pehle hua tha. *Maine in dono se ta'jub se kaha:* Subhaan Allah ye dono shakhs kaun hain? (aur ye kya muamla horaha hai?) *Inhone kaha:* Chaliye aage chaliye. Hum aage chale, humara guzr ek shakhs par hua jo chith leta hua hai aur ek shakhs iske paas zanboor (lohe ki keelein nikalne wala aala) liye khada hai jo lete hue shakhs ke chehre ke ek janib aakar iska jabda, nathna, aur aankh ko guddi tak cheerta chala jata hai. Phir dusri janib bhi issi tarah karta hai abhi ye dusri janib se farig nahi hota ke pehli janib bilkul achchi hojati hai woh isi tarah karta rehta hai. *Maine in dono se kaha:* Subhaan Allah ye dono kaun hai? Inhone kaha chaliye aage chaliye. Hum aage chale ek tanoor ke paas pahunche jis mein bada shor-o-gul horaha hai humne is mein jhaank kar dekha to is mein bahut se mard wa aurat nange hai inke neeche se ek aag ka shoala aata hai jab woh inko apni lapait mein leta hai to woh cheekhne lagtein hain maine in dono se poocha: *Ye kaun log hai?* Inhone kaha: chaliye aage chaliye. Hum aage chale ek naher par pahunche jo khoon ki tarah surq thi aur is mein ek shakhs ta'ir raha tha aur naher ke kinare dusra shakhs tha jisne bahut se pathar jama kar rakhe the, jab ta'irne wala shakhs ta'irte hue is shakhs ke paas aata hai jisne pathar jama kiye hue hain to ye shakhs apna mooh khol deta hai to kinare wala shakhs iske mooh mein pathar daal deta hai (jis ki wajha se woh door) chala jata hai. Aur phir ta'ir kar wapas isi shakhs ke

paas aata hai jab bhi ye shakhs ta'irte hue kinare waale shakhs ke paas aata hai to apna mooh khol deta hai aur kinare waala shakhs is ke mooh mein pathar daal deta hai *maine in dono se poocha:* Ye dono shakhs kaun hain? *In dono ne kaha:* Chaliye aage chaliye. Phir hum aage chale to jitne badsurat aadmi tumne dekhe honge in sab se badsurat aadmi ke paas se hum guzre, iske paas aag jal rahi thi jisko woh bhadka raha tha aur iske chaaro taraf da'ud raha tha. *Maine inse poocha:* ye shakhs kaun hai? *Inhone kaha:* Chaliye aage chaliye. Phir hum ek aise baagh mein pahunche jo hara bhara tha aur is mein mausam-e-bahar ke tamaam phool the. Is baagh ke darmiyaan ek bahut lambe sahib nazar aaye. Inke bahut zyada lambe hone ki wajha se mere liye inke sar ko dekhna mushkil tha, inke chaaro taraf bahut saare bachche the itne zyada bachche maine kabhi nahi dekhe. *Maine poocha:* Ye kaun hai? Aur ye bachche kaun hain? *Inhone mujh se kaha:* Aage chaliye aage chaliye, phir hum chale aur ek bade baagh mein pahunche, maine itna bada aur khoobsurat baagh kabhi nahi dekha. Inhone ne mujh se kaha iske upar chadhiye. Hum is par chadhe aur aise shaher ke qareeb pahunche jo is tarah bana hua tha ke iski ek eint sone ki thi aur ek eint chaandi ki thi. Hum shaher ke darwaze ke paas pahunche aur ise khulwaya, woh hamare liye khol diya gaya. Hum is mein aise logaon se mile jin ke jism ka aadha hissa itna khoobsurat tha ke tum ne itna khoobsurat na dekha hoga aur aadha hissa itna badsurat tha ke itna badsurat tumne na dekha hoga. In dono farishton ne in logaon se kaha ke jao is naher mein kood jao. Maine dekha saamne ek chaudi naher behrahi hai iska paani doodh jaisa safaid hai.Woh log is mein kood gaye, phir jab woh humare paas wapas aaye to inki badsurti khatm hochuki thi aur woh bahut khoobsurat ho chuke the. *Dono farishton ne mujhse kaha:* Ye jannat adan hai aur ye apka ghar hai, meri nazar upar uthi to maine safaid badal ki tarah ek mahal dekha inhone kaha: Yahi apka ghar hai. Maine in se kaha بَارَكَ اللهُ فِيكُمَا (Allah Ta'ala

tum dono mein barkat de) mujhe chordo, mai is ke andar ja'oon. *Inhone kaha:* Abhi nahi lekin baad mein tashreef lejayenge. *Maine inse poocha:* Aaj raat maine aajeeb cheezein dekhi hain, ye kya hai? *Inhone mujhse kaha:* Ab hum aap ko batate hain: 1 (Pehla shakhs) jis ke paas se Aap guzre aur uska sar pathar se kuchla jaraha tha ye woh hai jo Quran seekhta hai aur isko chord deta hai (na padhta hai na amal karta hai) aur farz namaz chord kar sojata hai. 2 (Dusra) woh shakhs jis ke paas se Aap guzre aur uske jabde, nathne aur aankh ko guddi tak cheera ja raha tha ye woh hai jo subha ghar se nikal kar jhoot bolta hai aur woh jhoot duniya mein phail jata hai. 3 (Teesre) woh nange mard aur aurtein jinhe Aap ne tanoor mein jalte hue dekha tha zinakar mard aur aurtein hain. 4 (Chauthe) woh shakhs jis ke paas se Aap guzre jo naher mein ta'ir raha tha aur iske mooh mein pathar dala ja raha tha soodkhor hai. 5 (Paanchwa) woh badsurat aadmi jis ke paas se Aap guzre jo aag jala raha tha aur iske chaaron taraf da'ud raha tha jahanum ka daroga hai jis ka naam Malik hai. 6 (Chatah) woh saheb jo baagh mein the Hazrat Ibrahim ﷺ hai aur woh bachche jo inke chaaro taraf the ye woh hain jo bachpan hi mein fitrat (Islam) par margaye. *Is par kisi sahabi ne poocha:* Ya Rasool Allah mushrikeen ke bachchon ka kya hoga? *Aap ne irshaad farmaya:* Mushrikeen ke bachche bhi (wahin) the. Aur woh log jinka aadha jism khoobsurat aur aadha jism badsurat tha ye woh log the jinhone achche amal ke saath bure amal kiye Allah Ta'ala ne inke gunah mu'af kardiye. [Bukhari]

200. عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْنَ الْأُمَمِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! وَكَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَكَ؟ قَالَ: أَعْرِفُهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ، وَأَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ وَأَعْرِفُهُمْ بِنُورِهِمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيهِمْ.

رواه احمد 199/5

Hazrat Abu Zarr ﷺ *aur Hazrat Abu Darda'a* ﷺ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai saari ummaton mein se apni ummat ko qayamat ke din pehchaan loonga, *Sahaba Karam* *ne arz kiya*, Ya Rasool Allah! Aap apni ummat ko kaise pehchanenge? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai unhe inke amaalnaame daayen haath mein diye jane ki wajha se pehchanonga aur inhe inke chaheron ke noor ki wajha se pehchanonga jo sajdon ki kasrat ki wajha se in par numaya hoga. Aur inhe inke ek (khaas) noor ki wajha se pehchanonga jo inke aage aage da'ud raha hoga. [Musnad Ahmad]

FAIDA: Ye noor har momin ke imaan ki roshni hogi. Har ek ki imaani quwwat ke baqadr isse roshni milegi. [Kashf Ar-Rahman]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نماز

NAMAZ

Allah Ta'ala ki khudrath se barah-e-rast istefada keliye Allah Rabb-ul-Izzat ke awamer ko Hazrat Mohammed ﷺ ke tareeqe per pura karne mein sabse aham aur buniyadi amal namaz hai.

FARZ NAMAZEIN

AYAAT-E-QUR'ANIA

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ﴾ [العنکبوت ٤٥]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Beshak namaz behayai aur bure kaamaon se rokti hai.* [Al-Ankabut]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ [البقرة ٢٧٧]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Jo log imaan laye aur naik amal karte rahe khusussan namaz ki pabandi ki aur zakat ada ki toh unke Rabb ke paas unka sawab mehfuz hai aur na unko kisi qism ka khauf hoga aur na woh ghamgeen hoge.* [Al-Baqarah]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ﴾ [ابراهيم ٣١]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ne apne Rasool ﷺ se irshaad farmaya:*** *Aap mere imaan waale bandaon se keh dijiye ke woh namaz ki pabandi rakhein aur jo kuch humne unko diya hai is mein se kuch khufia aur alaniya qairaat bhi*

kiya kare us din ke aane se pehle pehle ke jis din na koi khareed-o-faroqt hogi (ke koi cheez dekar naik amaal khareedliye jaye) aur na us din koi dosti kaam aayegi (ke koi dost tumhein naik amaal dede. [Ibrahim]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ﴾ [اِبْرٰهِيْم ٤٠]

TARJUMA: Hazrat Ibrahim عليه السلام *ne dua farmayi: ae mere Rabb! mujhko aur meri aulaad ko namaz ka khaas ehtemam karne waala banadijiye. Ae hamare Rabbb! aur meri ye dua qubool karlijiye.* [Ibrahim]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۖ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾ [بَنِيْ اِسْرَآءِيْل ٧٨]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ne apne Rasool*** ﷺ ***se irshaad farmaya:*** *Zawal-e-aftab se lekar raat ka andhera hone tak namazein ada kiya kijiye yani zohar, asar, maghrib, isha aur fajr ki namaz bhi ada kiya kijiye. Beshak fajr ki namaz (amaal likhne waale) farishton ke hazir hone ka waqt hai.* [Bani Isra'il]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ﴾ [اَلْمُؤْمِنُوْن ٩]

TARJUMA: (Allah Tala ne kamiyab imaan waalon ki ek siffat ye bayan farmayi ke) woh apne farz namazon ki pabandi karte hain . [Al-Muminun]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ [اَلْجُمُعَة ٩]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Imaan waalo! Jab jumma ke din jumma ke namaz ke liye azaan di jaye to tum Allah Ta'ala ki yaad yani qutba aur namaz ki taraf fauran chaldiya karo aur kharedo-o-faroqt (aur usi tarah dusre mashaghil) chord diya karo. Yeh baat tumhare liye behtar hai agar tumhein kuch samajh ho.* [Al-Jumu'a]

AHADEES-E-NABIWIYAH

1. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ. وَإِقَامِ الصَّلَاةِ. وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ. وَالْحَجِّ. وَصَوْمِ رَمَضَانَ.

روا‌ه البخاری، باب دعاؤکم ایمانکم……، رقم : 8

Hazrat Abdullah bin Omer *"* *riwayat karte hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Islam ki buniyad paanch sutunon per qayam ki gayi hai: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ ki gawahi dena yani us haqiqat ki gawahi dena ke Allah Ta'ala ke siwa koi ibadat aur bandagi ke layeq nahi aur Mohammed ﷺ Allah Ta'ala ke bande aur Rasool hai, namaz qayam karna, zakat ada karna, haj karna aur Ramzan-ul-Mubarak ke roze rakhna. [Bukhari]

2. عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ رَحِمَهُ اللهُ مُرْسَلًا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَا أُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ أَجْمَعَ الْمَالَ، وَأَكُونَ مِنَ التَّاجِرِينَ، وَلَكِنْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ، وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّى يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ.

رواه البغوی فی شرح السنة، مشکاة المصابیح، رقم : 5206

Hazrat Jaber Bin Nufair *"* *riwayat karte hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mujhe ye hukm nahi diya gaya ke mai maal jama karoon aur taajir banu balke mujhe ye hukm diya gaya hai ke aap apne Rabbb ki tasbeeh aur tareef karte rahe namaz padhne waalon me shamil rahein aur apne Rabbb ki ibadat me mashgool rahein yahan tak ke aapko maut ajaye.

[Sharah Al-Sunna, Mishkat Al Masabih]

3. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِي سُؤَالِ جِبْرِيلَ إِيَّاهُ عَنِ الْإِسْلَامِ. فَقَالَ: الْإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ. وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ. وَأَنْ تُقِيمَ الصَّلَاةَ. وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ. وَتَحُجَّ الْبَيْتَ. وَتَعْتَمِرَ. وَتَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ. وَأَنْ تُتِمَّ الْوُضُوءَ. وَتَصُومَ رَمَضَانَ. قَالَ: فَإِذَا فَعَلْتُ ذَلِكَ. فَأَنَا مُسْلِمٌ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: صَدَقْتَ.

رواه ابن خزیمة 4/1

Hazrath Abdullah Bin Omer ﷺ *se riwayat hai ke* Rasool Allah ﷺ se Jibrael ﷺ ne (jab ke woh ek ajnabi shaks ke shakl me hazir hue the) Islam ke baare me sawal kiya. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Islam ye hai ke tum (dil-o-zuban se) is baat ki shahadat ada karo ke Allah Ta'ala ke siwa koi mabood nahi aur Mohammed ﷺ Allah Ta'ala ke Rasool hai namaz padho, zakat ada karo, haj aur umrah karo, janabat se paak hone ke liye ghusl karo, wazu ko pura karo aur Ramzan ke roze rakho. Hazrat Jibrael ﷺ ne poocha: Jab mai ye saare amaal karloon to kya mai musalman hojaunga? *Irshaad farmaya:* Haan. *Hazrat Jibrael* ﷺ *ne arz kiya:* Aap ne sach farmaya. [Ibn Khuzaima]

4. عَنْ قُرَّةَ بْنِ دَعْمُوصٍ رضي الله عنه قَالَ: أَلْفَيْنَا النَّبِيَّ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ. فَقُلْنَا: يَارَسُولَ اللهِ! مَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا؟ قَالَ: أَعْهَدُ إِلَيْكُمْ أَنْ تُقِيمُوا الصَّلاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، وَتَحُجُّوا الْبَيْتَ الْحَرَامَ، وَتَصُومُوا رَمَضَانَ، فَإِنَّ فِيهِ لَيْلَةً خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ، وَتُحَرِّمُوا دَمَ الْمُسْلِمِ وَمَالَهُ وَالْمُعَاهِدِ إِلَّا بِحَقِّهِ، وَتَعْتَصِمُوا بِاللهِ وَالطَّاعَةِ.

رواه البيهقى فى شعب الايمان 342/4

Hazrat Qurrah Bin Damoos ﷺ *farmate hai ke* hamari mulakhat nabi-e-kareem ﷺ se hijjatul wida mein hui. *Humne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Aap hamein kin cheezon ki wasiyat farmate hai? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai tumko is baat ki wasiyat karta hoon ke namaz qayam karo, zakat ada karo, baitullah ka haj ada karo aur ramzan ke roze rakho, is mein ek raat aisi hai jo hazaar mahinaon se behtar hai. Musalman aur zimmi (jisse muhaida kiya hua hai) ke qatal karne ko aur unke maal lene ko haram samjho albatta kisi jurm ke irtekab per Allah Ta'ala ke hukm ke mutabiq unko saza di jayegi. Aur tumhein wasiyat karta hoon ke tum Allah Ta'ala ko aur uski farmabardari ko mazbooti se pakde raho yani himmat ke saath deen ke kamaon mein Allah Ta'ala ke ghair ki khushnaudi aur naraazgi ki perwah kiye baghair lage raho. [Baihaqi]

5. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ، وَمِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الطُّهُورُ.

رواه احمد 340/3

Hazrat Jaber Bin Abdullah ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* jannat ki kunji namaz hai aur namaz ki kunji wazu hai.

[Musnad Ahmad]

6. عَنْ أَنَسٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: جُعِلَ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ.

(وهو بعض الحديث) رواه النسائي، باب حب النساء، رقم: 3391

Hazrat Anas ؓ *se riwayat karte hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Meri aankhaon ki thandak namaz me rakhi gayi hai.

[Nisai]

7. عَنْ عُمَرَ أَنَسٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّينِ.

رواه ابو نعيم في الحلية وهو حديث حسن، الجامع الصغير 120/2

Hazrat Omer ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* namaz deen ka sutoon hai.

[Hulya Al-Aulia, Jaame Sagheer]

8. عَنْ عَلِيٍّ ؓ قَالَ: كَانَ آخِرُ كَلَامِ رَسُولِ اللهِ ﷺ: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، اتَّقُوا اللهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ.

رواه ابو داؤد، باب في حق المملوك، رقم: 5156

Hazrat Ali ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne aakhiri wasiyat ye irshaad farmayi:* namaz, namaz. Apne ghulamaon aur matehataon ke baare mein Allah Ta'ala se daro yani inke huqooq ada karo.

[Abu Dawood]

9. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ؓ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَقْبَلَ مِنْ خَيْبَرَ وَمَعَهُ غُلَامَانِ، فَقَالَ عَلِيٌّ ؓ: يَا رَسُولَ اللهِ! أَخْدِمْنَا. قَالَ: خُذْ أَيَّهُمَا شِئْتَ. قَالَ: خِرْ لِي. قَالَ: خُذْ هٰذَا وَلَا تَضْرِبْهُ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُهُ يُصَلِّي مَقْبَلَنَا مِنْ خَيْبَرَ وَإِنِّي قَدْ نُهِيتُ عَنْ ضَرْبِ أَهْلِ الصَّلَاةِ.

(وهو بعض الحديث) رواه احمد والطبراني، مجمع الزوائد 433/4

Hazrat Abu Umama ؓ *se riwayat hai ke* Nabi-e-Kareem ﷺ Khaibar se wapas tashreef laye Aap ﷺ ke saath do ghulam the. *Hazrat Ali* ؓ *ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Hamein khidmat ke liye koi khadim de dijiye. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Dono me

se jo chaho lelo. *Unho ne arz kiya:* Aap hi pasand farmadein . *Nabiye kareem ﷺ ne in mein se ek ki taraf ishara karke farmaya:* Isko lelo lekin isko marna nahi kiyunke Khaibar se wapsi per maine isko namaz padhte dekha hai aur mujhe namaziyaon ko maarne se mana kiya gaya hai. [Musnad Ahmad, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

10. عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللهُ عَزَّوَجَلَّ، مَنْ أَحْسَنَ وُضُوءَهُنَّ وَصَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ، وَأَتَمَّ رُكُوعَهُنَّ وَخُشُوعَهُنَّ، كَانَ لَهُ عَلَى اللهِ عَهْدٌ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَلَيْسَ لَهُ عَلَى اللهِ عَهْدٌ، إِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ، وَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ. رواه ابو داؤد، باب المحافظة على الصلوات، رقم : 425

Hazrat Obada Bin Samit ﷺ farmate hai ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Allah Ta'ala ne paanch namazein farz farmayi hai. Jo shakhs in namazaon ke liye achchi tarah wazu karta hai, unhe mustahab waqt mein ada karta hai, ruku (sajdah) itmenan ke saath karta hai, aur poore khushu se padhta hai to Allah Ta'ala ka wada hai ke uski zaroor maghfirat farmayege. Aur jo shakhs in namazaon ko waqt per ada nahi karta aur na hi khushu se padhta hai to use maghfirat ka koi wada nahi. Chahe maghfirat farmaye chahe azaab dein.

[Abu Dawood]

11. عَنْ حَنْظَلَةَ الْأُسَيْدِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ عَلَى وُضُوءِهَا وَمَوَاقِيتِهَا وَرُكُوعِهَا وَسُجُودِهَا يَرَاهَا حَقًّا لِلّٰهِ عَلَيْهِ حُرِّمَ عَلَى النَّارِ. رواه احمد 267/4

Hazrat Hanzala Osaidi ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs paanchon namazaon ki is tarah pabandi kare ke wazu aur auqaat ka ehtemam kare, ruku aur sajda achchi tarha kare aur is tarha namaz padhne ko Allah Ta'ala ki taraf se apne zimme zaroori samjhein to is aadmi ko jahanum ki aag per haram kardiya jayega. [Musnad Ahmad]

12. عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: قَالَ اللهُ تَعَالَى: إِنِّي فَرَضْتُ عَلَى أُمَّتِكَ خَمْسَ صَلَوَاتٍ وَعَهِدْتُ عِنْدِي عَهْدًا، أَنَّهُ مَنْ جَاءَ يُحَافِظُ عَلَيْهِنَّ لِوَقْتِهِنَّ أَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ، وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهِنَّ فَلَا عَهْدَ لَهُ عِنْدِي. رواه ابو داود، باب المحافظة على الصلوات، رقم: 430

Hazrat Abu Qatadah Bin Rabbe'e ؓ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Allah Ta'ala irshaad farmate hain: Maine tumhari ummat per paanch namazein farz ki hain aur is baat ki maine zimedari leli hai ke jo shakhs (mere paas) is haal mein ayega ke usne in paanch namazon ko inke waqt per ada karne ka ehtemam kiya hoga usko jannat me daakhil karoonga aur jis shakhs ne namazaon ka ehtemam nahi kiya hoga to mujh per uski koi zimedari nahi (chahe mu'af kardoon ya saza doon).

[Abu Dawood]

13. عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ ؓ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ عَلِمَ أَنَّ الصَّلَاةَ حَقٌّ وَاجِبٌ، دَخَلَ الْجَنَّةَ. رواه عبدالله بن احمد فى زياداته و ابو يعلى الا انه قال: حَقٌّ مَكْتُوبٌ وَاجِبٌ.

و البزار بنحوه، و رجاله موثقون، مجمع الزوائد 15/2

Hazrat Osman Bin Affan ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs namaz padhne ko zaroori samjhein woh jannat mein daakhil hoga.

[Musnad Ahmad, Abu Ya'la, Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

14. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُرْطٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلَاةُ، فَإِنْ صَلَحَتْ صَلَحَ لَهُ سَائِرُ عَمَلِهِ، وَإِنْ فَسَدَتْ فَسَدَ سَائِرُ عَمَلِهِ.

رواه الطبرانى فى الاوسط ولا باس باسناده انشاء الله، الترغيب 245/1

Hazrat Abdullah Bin Qurt ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: qayamat ke din sabse pehle namaz ka hisaab kiya jayega. Agar namaz achchi hui to baaqi amaal bhi achche honge, aur agar namaz kharaab hui to baaqi amaal bhi kharaab honge.

[Tibrani, Targheeb]

15. عَنْ جَابِرٍ ؓ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ ﷺ: إِنَّ فُلَانًا يُصَلِّي فَإِذَا أَصْبَحَ سَرَقَ. قَالَ: سَيَنْهَاهُ مَا يَقُولُ. رواه البزار ورجاله ثقات، مجمع الزوائد 531/2

Hazrat Jaber ﷺ *farmate hai ek shakhs ne Nabi-e-Kareem* ﷺ *se arz kiya:* Falan shakhs (raat ko) namaz padhta hai phir subah hote hi chori karta hai. *Nabi-e-Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Iski namaz usko us bure kaam se ankhareeb hi rok degi. [Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

16. عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، تَحَاتَّتْ خَطَايَاهُ كَمَا يَتَحَاتُّ هَذَا الْوَرَقُ". وَقَالَ ﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ﴾

(هود: 114) (وهو جزء من الحديث) رواه احمد 437/5

Hazrat Salman ﷺ *riwayat karte hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshad farmaya:* Jab musalman achchi tarha wazu karta hai phir paanchaon namazein padhta hai to uske gunah aise hi girjate hai jaise ye patte girrahe hain. Phir Aap ﷺ ne Qur'an ki ayat tilawat farmayee.

﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ﴾

TARJUMA: Ae Mohammed! Aap din ke dono kinaaraon aur raat ke kuch hissaon mein namaz ki pabandi kiya kijiye. Beshak naikiyan buraiyon ko door kardeti hain. Ye baat, mukammil nasihat hain in logaon keliye jo nasihat qubool karne waale hain. [Musnad Ahmad]

FAIDA: Baaz ulma ke nazdeek do kinaraon se muraad do hisse hain. Pehle hisse mein subah ki namaz aur dusre hisse mein zohar aur asar ki namazein muraad hain. Raat ke kuch hissaon mein namaz padhne se muraad maghrib aur isha ki namazaon ka padhna hai. [Tafseer Ibn Katheer]

17. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَقُولُ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَالْجُمُعَةُ إِلَى الْجُمُعَةِ، وَرَمَضَانُ إِلَى رَمَضَانَ، مُكَفِّرَاتٌ مَا بَيْنَهُنَّ إِذَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ.

رواه مسلم، باب الصلوات الخمس......، رقم : 552

Hazrat Abu Huraira ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Paanchaon namazein jumma ki namaz pichle jumma tak aur ramzan ke roze pichle ramzan tak darmiyani auqaat ke tamaam gunahaon ke liye kafara hai jabke in amaal ko karne waala kabira gunahaon se bachein. [Muslim]

18. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ حَافَظَ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِينَ. (الحديث) رواه ابن خزيمة فى صحيحه، 180/2

Hazrat Abu Huraira ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs in paanch farz namazaon ko pabandi se padhta hai wo Allah Ta'ala ki ibadat se gaafil rehne waalon mein shumaar nahi hota. [Ibn Khuzaima]

19. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: أَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا، فَقَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُورًا وَبُرْهَانًا، وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ يَكُنْ لَهُ نُورٌ وَلَا بُرْهَانٌ، وَلَا نَجَاةٌ، وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ فِرْعَوْنَ، وَهَامَانَ، وَأُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ.

رواه احمد والطبرانى فى الكبير والاوسط، ورجال احمد ثقات، مجمع الزوائد 21/2

Hazrat Abdullah Bin Omer ﷺ *se riwayat hai ke ek din Nabi Kareem* ﷺ *ne namaz ka zikr farmate hue irshaad farmaya:* Jo shakhs namaz ka ehtemam karta hai to namaz iske liye qayamat ke din noor hogi, is (ke poore imandar hone) ki daleel hogi aur qayamat ke din azaab se bachne ka zariya hogi. Jo shakhs namaz ka ehtemam nahi karta iske liye qayamat ke din na noor hoga, na (iske poore imandar hone ki) koi daleel hogi, na azaab se bachne koi zariya hoga aur wo qayamat ke din Fira'on, Hamaan aur Obi Bin Khalf ke saath hoga. [Musnad Ahmad, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

20. عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ إِذَا أَسْلَمَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ عَلَّمُوهُ الصَّلَاةَ.

رواه الطبرانى فى الكبير 380/8 وفى الحاشية: قال فى المجمع 293/1: رواه الطبرانى والبزارو رجاله رجا الصحيح

Hazrat Abu Malik Ashjayi ﷺ apne waalid se riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ke zamane mein jab koi shakhs musalman hota to (sahaba karaam *) sabse pehle ise namaz sikhaate. [Tibrani]

21. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ قَالَ: قِيلَ: يَارَسُولَ اللهِ! أَيُّ الدُّعَاءِ أَسْمَعُ؛ قَالَ: جَوْفَ اللَّيْلِ الْآخِرِ، وَدُبُرَ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ.

رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن، باب حديث ينزل ربنا كل ليلة...... رقم: 3499

Hazrat Abu Umama ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ se daryaft kiya gaya: Ya Rasool Allah! Kaun se waqt ki dua zyada qubool hoti hai? *Irshaad farmaya:* Raat ke aakhiri hisse mein aur farz namazon ke baad. [Tirmizi]

22. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهَا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَعْتَمِلُ فَكَانَ بَيْنَ مَنْزِلِهِ وَمُعْتَمَلِهِ خَمْسَةُ أَنْهَارٍ، فَإِذَا أَتَى مُعْتَمَلَهُ عَمِلَ فِيهِ مَا شَاءَ اللهُ، فَأَصَابَهُ الْوَسَخُ أَوِ الْعَرَقُ، فَكُلَّمَا مَرَّ بِنَهْرٍ اغْتَسَلَ مَا كَانَ ذٰلِكَ يُبْقِي مِنْ دَرَنِهِ، فَكَذٰلِكَ الصَّلَاةُ كُلَّمَا عَمِلَ خَطِيئَةً فَدَعَا وَاسْتَغْفَرَ، غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ قَبْلَهَا. رواه البزار و الطبراني في الاوسط والكبير وزاد فيه ثُمَّ صَلَّى صَلَاةً إِسْتَغْفَرَ غَفَرَ اللهُ لَهُ مَا كَانَ قَبْلَهَا وفيه: عبدالله بن قريظ ذكره ابن حبان في الثقات، بقيه رجاله رجال الصحيح، مجمع الزوائد 32/2

Hazrat Abu Sayeed Khudri ﷺ se riwayat hai ke unho ne Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Paancho namazein darmiyani auqaat ke liye kafara hain yani ek namaz se dusri namaz tak jo saghira gunah hojate hain wo namaz ki barkat se mu'af hojate hain. Is ke baad *Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya:* Ek shakhs ka koi karkhana hai jis mein wo kuch karobar karta hai uske karkhane aur makaan ke darmiyan paanch nehrein padti hain. Jab wo karkhane mein kaam karta hai to iske badan per mail lagjata hai ya ise paseena ajata hai. Phir ghar jaate hue har neher per gusl karta hua jata hai. Is (baar baar gusl karne) se iske jism per mail nahi rehta. Yehi haal namaz ka hai ke jab bhi koi gunah karleta hai to dua astaghfaar karne se Allah Ta'ala namaz se pehle ke tamaam gunahaon ko mu'af farmadete hain.

[Bazzar, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

23. عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رضي الله عنه قَالَ: أُمِرْنَا أَنْ نُسَبِّحَ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَنَحْمَدَهُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَنُكَبِّرَهُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ. قَالَ: فَرَأَى رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْمَنَامِ، فَقَالَ: أَمَرَكُمْ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنْ تُسَبِّحُوا فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدُوا اللهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرُوا أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَاجْعَلُوا خَمْسًا وَعِشْرِينَ، وَاجْعَلُوا التَّهْلِيلَ مَعَهُنَّ. فَغَدَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَحَدَّثَهُ. فَقَالَ: افْعَلُوا.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث صحيح، باب منه ماجاء فى التسبيح والتكبير والتحميد عند المنام، رقم: 3413 الجامع الصحيح وهو سنن الترمذى، طبع دار الكتب العلمية.

Hazrat Zaid Bin Sabit ﷺ *farmate hain ke* humein (Nabi Kareem ﷺ ki taraf se) hukm diya gaya tha ke hum har namaz ke baad سُبْحَانَ اللهِ 33 martaba اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 martaba اَللّٰهُ أَكْبَرُ 34 martaba padhein. *Ek Anasari sahabi ne khuwaab mein dekha koi saheb kehte hain:* Kya tumko Rasool Allah ﷺ ne hukm farmaya hai ke har namaz ke baad سُبْحَانَ اللهِ 33 martaba اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 martaba اَللّٰهُ أَكْبَرُ 34 martaba padho? *Unho ne kaha:* Ji haan! *In saheb ne kaha:* Har kalima ko 25 martaba karlo aur in kalimaat ke saath (25 martaba) لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ka izafa karlo. Chunacha subah ko Nabi Kareem ﷺ ki khidmat mein hazir hokar khuwaab bayan kiya. *Aap* ﷺ *ne farmaya* ke aisa hi karlo, yani iski ijazat farmadi. [Tirmizi]

24. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللهِ ﷺ، فَقَالُوا: ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُورِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلَى، وَالنَّعِيمِ الْمُقِيمِ. فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي، وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ، وَيَتَصَدَّقُونَ وَلَا نَتَصَدَّقُ، وَيُعْتِقُونَ وَلَا نُعْتِقُ. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَفَلَا أُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكُونَ بِهِ مَنْ سَبَقَكُمْ، وَتَسْبِقُونَ بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ؟ وَلَا يَكُونُ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِنْكُمْ، إِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ. قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ. قَالَ: تُسَبِّحُونَ، وَتُكَبِّرُونَ، وَتَحْمَدُونَ، دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ، ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ مَرَّةً. قَالَ أَبُو صَالِحٍ: فَرَجَعَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَقَالُوا: سَمِعَ إِخْوَانُنَا أَهْلُ الْأَمْوَالِ بِمَا فَعَلْنَا، فَفَعَلُوا مِثْلَهُ. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ذَلِكَ فَضْلُ اللهِ، يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ.

رواه مسلم، باب استحباب الذكر بعد الصلاة......، رقم: 1347

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ki khidmat mein ek martaba fuqra muhajireen hazir hue aur arz kiya:* Maaldaar buland darje aur hamesha rehne wali ne'matein legaye. *Aap* ﷺ *ne poocha:* Wo kaise? *Inho ne arz kiya:* Jaise hum namaz padhte hain wo namaz padhte hain, jaise hum roza rakhte hain, wo roza rakhte hain, (lekin) wo sadqa dete hain hum nahi de sakte aur wo ghulam azaad karte hain hum nahi kar sakte. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Kya mai tumhe aisi cheez na sikhadoon ke jis ki wajha se tum apne se aage badhne waalon ke darjaon ko haasil karlo aur apne se kam darje waale se aage badhe raho aur koi tumse is waqt tak afzal na ho jab tak ke ye amal na karle. *Unho ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Zaroor batadijiye. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Har namaz ke baad سُبْحَانَ اللهِ 33, الْحَمْدُ لِلّٰهِ 33, اللهُ أَكْبَرُ 34 martaba padh liya karo (chunacha inho ne isper amal karna shuru kardiya lekin maaldaraon ko bhi Rasool Allah ﷺ ka ye farmaan pahunch gaya to wo bhi is per amal karne lage) Fuqra muhajireen ne dubara hazir hokar arz kiya ke hamare maaldaar bhaiyon ne bhi ye sunliya aur wo bhi yehi karne lage. *Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ye to Allah Ta'ala ka fazal hai jise chahe ataa farmadete hain. [Muslim]

25. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ: مَنْ سَبَّحَ اللهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَحَمِدَ اللهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَكَبَّرَ اللهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، فَتِلْكَ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ، وَقَالَ تَمَامَ الْمِائَةِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، غُفِرَتْ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ.

رواه مسلم، باب استحباب الذكر بعد الصلاة، وبيان صفته، رقم: 1352

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs har namaz ke baad سُبْحَانَ اللهِ 33 martaba الْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 martaba اللهُ أَكْبَرُ 33 martaba padhe, Ye kul 99 martaba hua, aur sau (100) ki ginti poori karte hue ek martaba:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

padhe iske gunah mu'af hojate hain agarcha samundar ke jhaag ke barabar ho. [Muslim]

26. عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْحَسَنِ الضَّمْرِيِّ، أَنَّ أُمَّ الْحَكَمِ أَوْ ضُبَاعَةَ ابْنَتَيِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا حَدَّثَتْهُ، عَنْ إِحْدَاهُمَا، أَنَّهَا قَالَتْ: أَصَابَ رَسُولُ اللهِ ﷺ سَبْيًا فَذَهَبْتُ أَنَا وَأُخْتِي وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَشَكَوْنَا إِلَيْهِ مَا نَحْنُ فِيهِ وَسَأَلْنَاهُ أَنْ يَأْمُرَ لَنَا بِشَيْءٍ مِنَ السَّبْيِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: سَبَقَكُنَّ يَتَامَى بَدْرٍ، لَكِنْ سَأَدُلُّكُنَّ عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكُنَّ مِنْ ذٰلِكَ، تُكَبِّرْنَ اللهَ عَلَى إِثْرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.

رواه ابو داؤد، باب فى مواضع قسم الخمس...... رقم : 2987

Hazrat Fazal Bin Hassan Zamri se riwayat hai ke Zubair Bin Abdullah Mutalib ki do sahibzadiyaon mein se Hazrat umm Hakm ya Hazrat Zuba'a ؓ ne ye waqiya bayan kiya ke Rasool Allah ﷺ ke pass kuch qaidi aaye. Mai aur meri behan aur Nabi Kareem ﷺ ki beti Hazrat Fatima ؓ hum teeno aap ki khidmat hazir hue aur apni mushkilaat ka zikr karke kuch qaidi khidmat keliye maange. *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Khadim ke dene mein to badar ke yateem tum se pehle hain albatta mai tumhe khadim se behtar cheez batata hoon. Har namaz ke baad ye teeno kalime سُبْحَانَ اللهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اللهُ أَكْبَرُ 33, 33 martaba aur ek martaba لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ padhliya karo. [Abu Dawood]

27. عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ ؓ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ، قَالَ: مُعَقِّبَاتٌ، لَا يَخِيبُ قَائِلُهُنَّ أَوْ فَاعِلُهُنَّ، ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَأَرْبَعٌ وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً، فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ.

رواه مسلم، باب استحباب الذكر بعد الصلاة...... رقم : 1350

Hazrat Ka'ab Bin Ujrah ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: namaz ke baad padhe jaane waale chand kalimaat aise hain jinka padhne wala kabhi mehroom nahi hota. Wo kalimaat har farz namaz ke baad 33 martaba سُبْحَانَ اللهِ, 33 martaba اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ, 34 martaba اللهُ أَكْبَرُ hain. [Muslim]

28. عَنِ السَّائِبِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ لَمَّا زَوَّجَهُ فَاطِمَةَ بَعَثَ مَعَهُ بِخَمِيلَةٍ، وَوِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، وَرَحَيَيْنِ، وَسِقَاءٍ، وَجَرَّتَيْنِ. فَقَالَ عَلِيٌّ ؓ لِفَاطِمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا ذَاتَ يَوْمٍ: وَاللهِ لَقَدْ سَنَوْتُ حَتَّى لَقَدِ اشْتَكَيْتُ صَدْرِي، قَالَ: وَقَدْ جَاءَ اللهُ أَبَاكِ بِسَبْيٍ، فَاذْهَبِي فَاسْتَخْدِمِيهِ. فَقَالَتْ: وَأَنَا وَاللهِ قَدْ طَحَنْتُ حَتَّى مَجَلَتْ يَدَايَ. فَأَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكِ أَيْ بُنَيَّةُ؟ قَالَتْ: جِئْتُ لِأُسَلِّمَ عَلَيْكَ، وَاسْتَحْيَتْ أَنْ تَسْأَلَهُ وَرَجَعَتْ. فَقَالَ: مَا فَعَلْتِ. قَالَتْ: اسْتَحْيَيْتُ أَنْ أَسْأَلَهُ. فَأَتَيْنَاهُ جَمِيعًا، فَقَالَ عَلِيٌّ ؓ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَاللهِ لَقَدْ سَنَوْتُ حَتَّى اشْتَكَيْتُ صَدْرِي، وَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا: قَدْ طَحَنْتُ حَتَّى مَجَلَتْ يَدَايَ، وَقَدْ جَاءَكَ اللهُ بِسَبْيٍ وَسَعَةٍ فَأَخْدِمْنَا. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: وَاللهِ لَا أُعْطِيكُمَا وَأَدَعُ أَهْلَ الصُّفَّةِ تَطْوَى بُطُونُهُمْ، لَا أَجِدُ مَا أُنْفِقُ عَلَيْهِمْ، وَلَكِنِّي أَبِيعُهُمْ وَأُنْفِقُ عَلَيْهِمْ أَثْمَانَهُمْ. فَرَجَعَا، فَأَتَاهُمَا النَّبِيُّ ﷺ وَقَدْ دَخَلَا فِي قَطِيفَتِهِمَا، إِذَا غَطَّتْ رُءُوسَهُمَا تَكَشَّفَتْ أَقْدَامُهُمَا، وَإِذَا غَطَّيَا أَقْدَامَهُمَا تَكَشَّفَتْ رُؤُوسُهُمَا، فَثَارَا، فَقَالَ: مَكَانَكُمَا، ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمَا بِخَيْرٍ مِمَّا سَأَلْتُمَانِي؟ قَالَا: بَلَى، فَقَالَ: "كَلِمَاتٌ عَلَّمَنِيهِنَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: تُسَبِّحَانِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَتَحْمَدَانِ عَشْرًا، وَتُكَبِّرَانِ عَشْرًا، وَإِذَا أَوَيْتُمَا إِلَى فِرَاشِكُمَا فَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَاحْمَدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَكَبِّرَا أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ. قَالَ: فَوَاللهِ مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ عَلَّمَنِيهِنَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ: فَقَالَ لَهُ ابْنُ الْكَوَّاءِ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ. فَقَالَ: قَاتَلَكُمُ اللهُ يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ، نَعَمْ، وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ.

رواه احمد 1/106

Hazrat Sayeb ؓ farmate hain ke Hazrat Ali ؓ ne irshaad farmaya ke Rasool Allah ﷺ ne jab inki shaadi Hazrat Fatima ؓ se ki to Hazrat Fatima ؓ ke saath ek chaadar, ek chamde ka takiya jis mein khajoor ki chaal bhari hui thi, do chakiyan, ek mashkeeza aur do matke bheje. *Hazrat Ali ؓ farmate hain: Mai ne ek din Hazrat Fatima ؓ se kaha:* Allah ki qasam! Kunwein se doal kheenchte kheenchte mere seene mein dard hogaya, tumhare waalid ke pass kuch qaidi Allah Ta'ala ne bheje hain inke khidmat mein jaakar ek khadim maanglo. *Hazrat Fatima ؓ ne*

kaha: Mere haaton mein bhi chakki chalate chalate gatte padh gaye. Chunacha wo Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein gayee. *Aap ne irshaad farmaya:* Pyari beti kaise aana hua? *Hazrat Fatima ne arz kiya:* Salaam karne aayi hoon aur sharm ki wajha se apni zarurat na bataa sakein aur yun hi wapas agayein. *Maine inse poocha:* Kya hua? *Inho ne kaha:* Mai to sharm ki wajha se khadim na maang saki. Phir hum dono ekatte Nabi Kareem ﷺ ki khidmat hazir hue. *Mai ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Kunwein se paani kheenchte kheenchte mere seene mein takleef hogayee aur *Hazrat Fatima ne arz kiya:* Chakki chala chala kar mere haat per gatte padh gaye. Allah Ta'ala ne aap ke pass qaidi bheje hain aur kuch wosa'at ataa farmayee hai isliye humein bhi ek khadim de dijiye. *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Allah ki qasam! Suffa waale bhook ki wajha se aise haal mein hain ke inke paitaon per bal padhe hue hain inper kharch karne ke liye mere pass kuch nahi hai isliye ye ghulam bech kar inki raqm ko Suffa waalon per kharch karoonga. Ye sunkar hum dono wapas agaye. Raat ko hum dono chote se ek kambal mein lete hue the ke jab isse sar dhaanpte to pair khul jaate aur jab pairaon ko dhaanpte to sar khuljata. Achanak Rasool Allah ﷺ hamare pass tashreef le aaye hum dono jaldi se uthne lage to *aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Apni jagah lete raho aur *farmaya:* Tum ne mujhse jo khadim maanga hai kya tumhein usse behtar cheez na batadoon? *Hum ne arz kiya:* Zaroor batlaiye. *Irshaad farmaya:* Ye chand kalimaat mujhe Jibrael ؑ ne sikhaye hain. Tum dono har namaz ke baad dus martaba سُبْحَانَ اللهِ dus martaba اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ dus martaba اَللّٰهُ اَكْبَرُ kehliya karo aur jab bistar per leto to 33 martaba سُبْحَانَ اللهِ 33 martaba اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 34 martaba اَللّٰهُ اَكْبَرُ kaha karo. *Hazrat Ali ؓ ne farmaya:* Allah ki qasam! Jab se mujhe Rasool Allah ﷺ ne ye kalimat sikhaye hain maine inka padhna kabhi na chordta. Ibn Kawa ne Hazrat Ali ؓ se poocha (kya aapne) jung sifeen ki raat mein in kalimaat ko padhna na chordta? *Farmaya:* Iraq waalo! Tumper Allah ki maar ho, jung sifeen ki raat ko bhi mai ne ye kalimaat nahi chordde. [Musnad Ahmad]

29. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: خَصْلَتَانِ لَا يُحْصِيهِمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، هُمَا يَسِيرٌ، وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيلٌ: يُسَبِّحُ اللهَ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَيَحْمَدُهُ عَشْرًا، وَيُكَبِّرُ عَشْرًا، قَالَ: فَأَنَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَعْقِدُهَا بِيَدِهِ، قَالَ: فَقَالَ: "خَمْسُونَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ، وَإِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ سَبَّحَ وَحَمِدَ وَكَبَّرَ مِائَةً، فَتِلْكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ فِي الْمِيزَانِ، فَأَيُّكُمْ يَعْمَلُ فِي الْيَوْمِ الْوَاحِدِ أَلْفَيْنِ وَخَمْسَمِائَةِ سَيِّئَةٍ". قَالَ: كَيْفَ لَا يُحْصِيهِمَا؟ قَالَ: يَأْتِي أَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ، وَهُوَ فِي صَلَاةٍ، فَيَقُولُ: اذْكُرْ كَذَا، اذْكُرْ كَذَا، حَتَّى شَغَلَهُ، وَلَعَلَّهُ أَنْ لَا يَعْقِلَ، وَيَأْتِيهِ فِي مَضْجَعِهِ فَلَا يَزَالُ يُنَوِّمُهُ حَتَّى يَنَامَ.

رواه ابن حبان، قال المحقق: حديث صحيح 354/5

Hazrat Abdullah Bin Omer ؓ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Do aadatein aisi hain jo musalman bhi inki pabandi karein wo jannat mein zaroor daakhil hoga. Wo dono aadatein asaan hain lekin in per amal karne waale bahut kam hain. Ek ye ke har namaz ke baad dus martaba سُبْحَانَ الله , dus martaba اَلْحَمْدُ لِله, dus martaba اللهُ أَكْبَر padhe *Hazrat Abdullah* ؓ *farmate hain:* Maine Nabi Kareem ﷺ ko dekha ke apne haath ki ungliyaon per shumaar farmarahe the ke ye (teeno kalimaat dus dus martaba paanch namazon ke baad) padhne mein ek sau pachas (150) hue lekin amaal ki tarazu mein (dus guna hojane ki wajha se) pandra sau (1500) honge. Dusri aadat ye ke jab sone keliye bistar per aaye to سُبْحَانَ الله ، اَلْحَمْدُ لِله aur اللهُ أَكْبَر sau martaba padhe (is taur per ke سُبْحَانَ الله 33 martaba, اَلْحَمْدُ لِله 33 martaba اللهُ أَكْبَر 34 martaba padh liya kare) ye padhne mein sau (100) kalime hogaye jin ka sawab ek hazar(1000) naikiyaan hogayee(ab inki aur din bhar ki namazaon ke baad ki kul meezan do hazar paanch sau (2500) naikiyaan hogayee) *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Din mein do hazar paanch sau (2500) gunah kaun karta hoga? Yani itne gunah nahi hote aur do hazar paanch sau (2500) naikiyaan likh di jaati hain. *Hazrat Abdullah* ؓ *ne poocha:* Ya Rasool Allah! Ye kya baat hai ke in aadaton per amal karne waale aadmi kam

hain? *Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya:* (Ye is wajha se ke) shaitan namaz mein aakar kehta hai ke falaan zaroorat aur falaan baat yaad kar yahan tak ke isko inhi khayalat mein mashgul kardeta hai taake in kalimaat ke padhne ka dihaan na rahe. Aur shaitan bistar per aakar sulata rehta hai yahan tak ke in kalimaat ko padhe baghair hi sojata hai. [Ibn Hibban]

30. عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضي الله عنه، أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَخَذَ بِيَدِي وَقَالَ: "يَا مُعَاذُ، وَاللهِ إِنِّي لَأُحِبُّكَ، فَقَالَ: أُوصِيكَ يَا مُعَاذُ! لَا تَدَعَنَّ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ تَقُولُ: اَللّٰهُمَّ! أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. رواه ابو داؤد، باب فى الاستغفار، رقم : 1522

Hazrat Mu'az Bin Jabl رضي الله عنه se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne inka haath pakad kar irshaad farmaya: Mu'az, Allah ki qasam! Mujhe tumse mohabbat hai. *Phir farmaya:* Mai tumhe wasiyat karta hoon ke kisi bhi namaz ke baad ye padhna na chordna: اَللّٰهُمَّ! أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ TARJUMA: Ae Allah meri madad farmaiye ke mai aapka zikr karoon aur apka shukr karoon aur aap ki achchi ibadat karoon. [Abu Dawood]

31. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُولِ الْجَنَّةِ إِلَّا أَنْ يَمُوتَ. رواه النسائى فى عمل اليوم و الليل، رقم : 100، وفى رواية: وَقُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ. رواه الطبرانى الكبير والاوسط باسانيد واحدها جيد، مجمع الزوائد 128/10

Hazrat Abu Umama رضي الله عنه se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs har farz namaz ke baad ayatal kursi padh liya kare usko jannat mein jaane se sirf iski maut hi roke hui hai. Ek riwayat mein ayatal kursi ke saath sura قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ padhne ka bhi zikr hai. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

32. عَنْ حَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ كَانَ فِي ذِمَّةِ اللهِ إِلَى الصَّلَاةِ الْأُخْرَى.

رواه الطبرانى و اسناده حسن، مجمع الزوائد 128/10

Hazrat Hassan Bin Ali *riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Jo shakhs farz namaz ke baad "ayatal kursi" padh leta hai wo dusri namaz tak Allah Ta'ala ki hifazat mein rehta hai. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

33. عَنْ أَبِي أَيُّوبَ رضي الله عنه قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ نَبِيِّكُمْ ﷺ إِلَّا سَمِعْتُهُ يَقُولُ حِينَ يَنْصَرِفُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلَّهَا. اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِي، وَاجْبُرْنِي، وَاهْدِنِي بِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ.

رواه الطبرانی فی الصغیر والاوسط واسناده جید، مجمع الزوائد 145/10

Hazrat Abu Ayub ﷺ farmate hain ke maine jab bhi tumhare Nabi Kareem ﷺ ke peeche namaz padhi inhe namaz se farigh hokar yehi dua maangte hue suna:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلَّهَا. اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِي، وَاجْبُرْنِي، وَاهْدِنِي بِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

TARJUMA:Ya Allah meri tamaam galtiyaan aur gunah mu'af farmaiye Ya Allah mujhe bulandi ataa farmaiye meri kami ko door farmaiye aur mujhe achche amaal aur achche akhlaaq ki taufeeq naseeb farmaiye isliye ke achche amaal aur achche akhlaaq ki hidayat apke alawa aur koi nahi desakta aur bure kaamaon aur bure akhlaaq ko aapke siwa aur koi door nahi kar sakta. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

34. عَنْ أَبِي مُوسَى رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

رواه البخاری، باب فضل صلوة الفجر، رقم: 574

Hazrat Abu Moosa ﷺ riwayat farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo do thandi namazein padhta hai wo jannat mein daakhil hoga. [Bukhari]

FAIDA: Do thandi namazaon se muraad fajr aur asar ki namaz hai. Fajr thande waqt ke ikhtetam per aur

asar thandak ki ibteda per ada ki jaati hai. In dono namazaon ka khaas taur per isliye zikr farmaya ke fajr ki namaz neend ke galba ki wajha se aur asar ki namaz karobari mashguliyat ki wajha se padhna mushkil hota hai lehaza in do namazaon ka ehtemaam karne waala yaqeenan baaqi teen namazaon ka bhi ehtemaam karega. [Mirqat]

35. عَنْ رُوَيْبَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: لَنْ يَلِجَ النَّارَ أَحَدٌ صَلَّى قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَقَبْلَ غُرُوبِهَا، يَعْنِي الْفَجْرَ، وَالْعَصْرَ.

رواه مسلم، باب فضل صلاتى الصبح و العصر......رقم : 1436

Hazrat Ruyeba ﷺ *farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs suraj nikalne se pehle aur suraj ghuroob hone se pehle namaz padhta hai yani fajr aur asar wo jahanum mein daakhil nahi hoga. [Muslim]

36. عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ فِي دُبُرِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يَتَكَلَّمَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكَانَ يَوْمَهُ ذَلِكَ فِي حِرْزٍ مِنْ كُلِّ مَكْرُوهٍ، وَحُرِسَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَلَمْ يَنْبَغِ لِذَنْبٍ أَنْ يُدْرِكَهُ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ إِلَّا الشِّرْكَ بِاللهِ.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب، باب فى ثواب كلمة التوحيد......رقم : 3474 وراوه نسائى فى عمل اليوم الليلة: 117 وذكر بِيَدِهِ الْخَيْرُ مكان يُحْيِي وَيُمِيتُ، وزادفيه : وَكَانَ لَهُ بِكُلِّ وَاحِدَةٍ قَالَهَا عِتْقُ رَقَبَةٍ، رقم : 127، وراوه نسائى فى عمل اليوم الليلة، من حديث معاذ، وزادفيه: وَمَنْ قَالَهُنَّ حِينَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ أُعْطِيَ مِثْلَ ذَلِكَ فِي لَيْلَتِهِ.

Hazrat Abu Zarr ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs fajr ki namaz ke baad (jis tarah namaz mein bait'te hain isi tarha) dozano bait'te hue baat karne se pehle dus martaba (ye kalimaat) padhta hai aur ek riwayat mein hai ke asar ki namaz ke baad bhi dus martaba padh leta hai.To iske liye dus

naikiyaan likh di jati hain, dus gunah mita diye jate hain, dus darje buland kardiye jate hain, poore din har nagawar aur na pasandida cheez se mehfooz rehta hai. Ye kalimaat shaitan se bachne ke liye pehredaari ka kaam dete hain aur is din shirk ke alawa koi gunah ise halak na kar sakega. Ek riwayat mein ye bhi hai ke har kalima padhne per isko ek ghulam azaad karne ka sawab milta hai. Aur asar ki namaz ke baad padhne per bhi raat bhar wahi sawab milta hai jo fajr ki namaz ke baad padhne per din bhar milta hai (wo kalimaat ye hain):

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

Ek riwayat mein يُحْيِي وَيُمِيتُ ki jagah بِيَدِهِ الْخَيْرُ hai. TARJUMA:Allah Ta'ala ke siwa koi ma'bood nahi wo apni zaat wa sifaat mein akele hain, koi inka shareek nahi, sara mulk, duniya wa aakhirat inhi ka hai, inhi ke haath mein tamaam tar bhalayee hai aur jitni khoobiyaan hain wo inhi ke liye hain, wahi zinda karte hain wahi maarte hain aur wo har cheez per qadir hai. [Tirmizi]

37. عَنْ جُنْدَبٍ الْقَسْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ، فَإِنَّهُ مَنْ يَطْلُبْهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ يُدْرِكْهُ، ثُمَّ يَكُبَّهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ.

رواه مسلم: باب فضل صلاة العشاء...... رقم: 1494

Hazrat Jundab Qasri ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs fajr ki namaz padhta wo Allah Ta'ala ki hifazat mein ajata hai (lehaza usse na satao) aur is baat ka khayal rakho ke Allah Ta'ala apni hifazat mein liye hue shakhs ko satane ki wajha se tum se kisi cheez ka mutalba na farmalein kyunke jisse Allah Ta'ala apni hifazat mein liye hue shakhs ke baare mein mutalba farmainge iski pakad farmainge phir usse aoundhe mooh jahanum ki aag mein daal denge. [Muslim]

38. عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْحَارِثِ التَّمِيمِيِّ رضي الله عنه عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ أَنَّهُ أَسَرَّ إِلَيْهِ، فَقَالَ: إِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَقُلْ: اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ، سَبْعَ مَرَّاتٍ، فَإِنَّكَ إِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ، ثُمَّ مُتَّ فِي لَيْلَتِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِنْهَا، وَإِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ، فَقُلْ كَذٰلِكَ، فَإِنَّكَ إِنْ مُتَّ فِي يَوْمِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِنْهَا.

رواه ابو داؤد، باب ما يقول إذا صبح، رقم: 5079

Hazrat Muslim Bin Haris Tameemi رضي الله عنه *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne mujhe chupke se irshaad farmaya:* Jab tum maghrib ki namaz se farigh hojao to saath martaba ye dua padhliya اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ "Ya Allah! Mujhko dozakh se mehfooz rakhe" jab tum isko padh lo ge aur phir isi raat tumhari maut aajaye to dozakh se mehfooz rahoge aur agar is dua ko saath martaba fajr ki namaz ke baad (bhi) padhlo aur isi din tumhari maut aajaye to dozakh se mehfooz rahoge. [Abu Dawood]

FAIDA: Rasool Allah ﷺ ne chupke isliye farmaya taake sunne waale ke dil mein baat ki ehmiyat rahe.

39. عَنْ أُمِّ فَرْوَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ فِي أَوَّلِ وَقْتِهَا.

رواه ابو داؤد، باب المحافظة على الصلوات، رقم: 426

Hazrat Umm Farwah رضي الله عنها *farmati hain ke Rasool Allah* ﷺ *se poocha gaya ke sab se afzal amal kya hai? Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Awal waqt mein namaz padhna. [Abu Dawood]

40. عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ! أَوْتِرُوا فَإِنَّ اللهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ.

رواه ابو داؤد، باب استحباب الوتر، رقم: 1416

Hazrat Ali رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Qur'an waalo yani musalmano! Witar padh liya karo kyunke Allah Ta'ala witar hain, witar padhne ko pasand farmate hain. [Abu Dawood]

FAIDA: Witar bejoud adad ko kehte hain. Allah Ta'ala ke witar hone ka matlab ye hai ke iske joud ka koi nahi. Witar padhne ko pasand farmana bhi is wajha se hai ke is namaz ki rakataon ki tedaad taaq hai.

Hazrat Abdullah Bin Masood رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Bani Israel mein sab se pehle kami ye paida hui ke jab ek shakhs kisi dusre se milta aur is se kehta ya falaan! Allah Ta'ala se daro, jo kaam tum kar rahe ho isse chord do isliye ke woh kaam tumhare liye jayaz nahi. Phir dusre din isse milta to iske na manne par bhi woh apne talooqaat ki wajha se is ke saath khane peene mein aur uthne baithne mein waisa hi muamla karta jaisa ke is se pehle tha. Jab aam taur par aisa hone laga aur أَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ aur نَهِيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ karna chord diya to Allah Ta'ala ne farmabardaaron ke dil nafarmanon ki tarah sakht kardiye. *Rasool Allah* ﷺ *ne* لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى بْنِ مَرْيَمَ se

فَاسِقُونَ tak padha. (pehli do aayat ka tarjuma ye hai) "Bani israel par Hazrat Daood aur Hazrat Esa ؑ ki zubani lanat ki gayi, ye is wajha se ke inhone nafarmani ki aur had se nikal jate the. Jis burai mein woh mubtela the isse ek dusre ko mana nahi karte the. Waqai in ka ye kaam bilashuba bura tha". Is ke baad Rasool Allah ﷺ ne badi takeed se ye hukm farmaya ke tum zaroor naiki ka hukm karo aur burai se roko, zalim ko zulm se rokte raho aur is ko haq baat ki taraf kheench kar late raho aur isse haq par rokein rakho. [Abu Dawood]

19. عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رضي الله عنه أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ ﴾ (سورة المائدة: 105) وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ: إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللهُ بِعِقَابٍ مِنْهُ.

رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن صحيح، باب مَا جَاءَ فِي نُزُولِ الْعَذَابِ إِذَا لَمْ يُغَيَّرِ المنكر، رقم: 2176

Hazrat Abu Bakar Siddiq رضي الله عنه *ne farmaya:* Logo! tum ye aayat pesh karte ho: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ Ae imaan walo apni fikr karo, jab tum seedhi rah par chal rahe ho to jo shakhs gumraah hai isse tumhara koi nuqsaan nahi" aur *maine Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna* ke jab log zalim ko zulm karte hue dekhein aur isse zulm se na rokein, to woh waqt door nahi ke Allah Ta'ala in sab ko apne amomi azaab mein mubtela farmadein. [Tirmizi]

FAIDA: Hazrat Abu Bakar Siddiq رضي الله عنه ka matlab ye tha ke tum aayat ka mafhum ye samjhte ho ke jab insaan khud hi hidayat par ho to is ke liye أَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ aur نَهِي عَنِ الْمُنْكَرِ karna zaruri nahi kyunke dusraon ke bare mein isse puch-guch nahi hogi. Hazrat Abu Bakar Siddiq رضي الله عنه ne hadees bayaan farma kar aayat ke is galt mafhum ki tardeed farmayi hai jis se ye wazeh hua ke hattal imkan burai se rokna ummat ki zimmedaari aur har har fard

ka kaam hai. Aayat ka sahi mafhum ye hai ke ae imaan walo! apni islaah ki fikr karo, tumhara deen ke raste par chalna is tarah ho ke apni bhi islaah kar rahe ho aur dusraon ki islaah ki bhi koshish kar rahe hai ho phir agar koi shakhs tumhari islaah ki khoshish ke bawajud bhi gumraah rahe to is ke gumraah rehne se tumhara koi nuqsaan nahi.

20. عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: تُعْرَضُ الْفِتَنُ عَلَى الْقُلُوبِ كَالْحَصِيرِ عُودًا عُودًا. فَأَيُّ قَلْبٍ أُشْرِبَهَا نُكِتَ فِيهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، وَأَيُّ قَلْبٍ أَنْكَرَهَا نُكِتَ فِيهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ، حَتَّى تَصِيرَ عَلَى قَلْبَيْنِ، عَلَى أَبْيَضَ مِثْلِ الصَّفَا. فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ، وَالْآخَرُ أَسْوَدُ مُرْبَادًّا كَالْكُوزِ مُجَخِّيًا. لَا يَعْرِفُ مَعْرُوفًا. وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا، إِلَّا مَا أُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ. رواه مسلم، باب رفع الامانة والايمان من بعض القلوب...، رقم: 369

Hazrat Huzaifa ﷺ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Logaon ke dilon par aise aage peeche fitne aayenge jis tarah chatayi ke tinke aage peeche ek dusre se joode hote hain. Lehaza jo dil in fitnon mein se kisi ek fitna ko qubool karle ga to is dil mein ek siyah nuqta lag jayega aur jo dil is ko qubool nahi karega is dil mein ek safed nishaan lagjayega yahan tak ke dil do qism ke hojayenge. Ek safed sang marmar ki tarah jis ko koi fitna nuqsaan nahi pahoncha sakega jab tak zameen wa aasman qayam hain (yani jis tarah sang marmar par iske chikne hone ki wajha se koi cheez nahi teher sakti isi tarah iske dil mein imaan ke mazboot hone ki wajha se koi fitna asar andaaz nahi hoga). Dusri qism ka dil siyah khaki rang ke ulte piyale ki tarah hoga yani gunahon ki kasrat se dil siyah hojayega aur jis tarah ulte piyala mein koi cheez baqi nahi rehti isi tarh is dil mein gunahon ki nafrat aur imaan ka noor baqi nahi rahega jis ki wajha se ye na naiki ko naiki na burai ko burai samjhe ga sirf apni khuwahishat par amal karega jo is ke dil mein rach bas gayi honge. [Muslim]

21. عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيِّ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ رضي الله عنه فَقُلْتُ: يَا أَبَا ثَعْلَبَةَ! كَيْفَ تَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ) قَالَ: أَمَا وَاللهِ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْهَا خَبِيرًا سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَالَ: بَلِ ائْتَمِرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، حَتَّى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا، وَهَوًى مُتَّبَعًا، وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً، وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِي رَأْيٍ بِرَأْيِهِ، فَعَلَيْكَ يَعْنِي بِنَفْسِكَ، وَدَعْ عَنْكَ الْعَوَامَّ، فَإِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ، الصَّبْرُ فِيهِ مِثْلُ قَبْضٍ عَلَى الْجَمْرِ، لِلْعَامِلِ فِيهِمْ مِثْلُ أَجْرِ خَمْسِينَ رَجُلًا يَعْمَلُونَ مِثْلَ عَمَلِهِ فَقَالَ (أَبُو ثَعْلَبَةَ): يَا رَسُولَ اللهِ! أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْهُمْ، قَالَ: أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْكُمْ.

رواه ابو داود، باب الأمر والنهي، رقم: 4341

Hazrat Abu Umiya Sha'bani " *farmate hain ke maine Abu Saalba Khashni* رضي الله عنه *se poocha ke Aap Allah Ta'ala ke irshaad* عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ "tum apni fikr karo" ke bare mein kya farmate hain? *Inhone irshaad farmaya:* Allah ki qasam! tum ne aise shakhs se ye baat poochi hai jo is ke bare mein khoob janata hai. Maine khud Rasool Allah ﷺ se is aayat ka matlab poocha tha to *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya tha* (ke ye matlab nahi ke sirf apni hi fikr karo) balke ek dusre ko bhalayi ka hukm karte raho aur bure kaamon se rokte raho yahan tak ke jab dekho ke log aam taur se bakhal kar rahe hain, khuwahishat ko pura kiya jaraha hai, duniya ko deen par tarjeeh di jarahi hai aur har shakhs apni rai ko pasand kar raha hai (dursre ki nahi maan raha) to is waqt awaam ko chord kar apni islaah ki fikr mein lag jao kyunke aakhri zamane mein aise din aane wale hain jin mein deen ke ahkamat par isteqamat ke saath amal karna itna mushkil hoga jaise angare ko pakdh na. In dinaon mein amal karne wale ko iske ek amal par itna sawab milega jitna pachaas afrad ko is amal ke karne par milta. *Hazrat Abu Saalba* رضي الله عنه *farmate hain maine arz kiya:* Ya Rasool Allah! in mein se pachaas ka ajar milega (ya hum mein se pachaas? kyunke sahaba ke amal ka ajar sawab zyada hai) *irshaad farmaya:* Tum mein se pachaas ka ajar is ek shakhs ko milega. [Abu Dawood]

FAIDA: Iska ye matlab hargiz nahi ke aakhri zamane mein amal karne wala shakhs apni is khas fazeelat ki wajha se sahaba karam رضي الله عنهم se darje mein badh jayega kyunke sahaba karam baherhal baqi saari ummat se afzal hi hain.

Is hadees shareef se maloom hua ke أَمْرٌ بِالْمَعْرُوف aur نَهِي عَنِ الْمُنْكَر karte rehna zaruri hai albatta agar aisa waqt aajaye jis mein haq baat ko qubool karne ki istedad bilkul khatm hojaye to is surat mein yaksu rehne ka hukm hai. Allah Ta'ala ke fazal se abhi woh waqt nahi aaya hai kyunke is waqt ummat mein haq baat ko qubool karne ki istedad maujood hai.

22. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوسَ بِالطُّرُقَاتِ. فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! مَا لَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيهَا، فَقَالَ: فَإِذَا أَبَيْتُمْ إِلَّا الْمَجْلِسَ، فَأَعْطُوا الطَّرِيقَ حَقَّهُ قَالُوا: وَمَا حَقُّ الطَّرِيقِ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ الْأَذَى، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ.

رواه البخاري، باب قول الله تعالى، يا ايها الذين آمنوا لا تدخلوا بيوتا..... رقم: 6229

Hazrat Abu Sayeed Khudri رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Tum rastoan mein na baitha karo. *Sahaba* رضي الله عنهم *ne arz kiya:* Ya Rasool Allah ﷺ! Humare liye in rastaon mein baithna zaruri hai hum wahan baith kar batein karte hain. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Agar baithna hi hai to raste ke haqooq aada kiya karo. *Sahaba* رضي الله عنهم *ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! raste ke haqooq kya hai? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Nighaon ko neeche rakhna, takleef dah cheezon ko raste se hata dena (ya khud takleef pahunchane se baaz rehna) salam ka jawab dena, naiki ki naseehat karna aur burai se rokna. [Bukhari]

FAIDA: Sahaba ؓ ki muraad ye thi ke rastaon mein baithne se bachna humare liye mumkin nahi hai kyunke humare paas koi aisi jaga nahi hai jahan hum apni majlis rakha karein. Is liye jab hum chand log kaheen mil jate hain to wahin raste mein baith jate hain aur apne deeni wa duniyawi umoor ke bare mein apas mein rai mashware karte hain. Ek dusre ki haalat daryaft karte hain, agar koi beemar hota to iske liye ilaaj mualja tajweez karte hain, agar apas mein koi ranjish ho to salah safayi karte hain.

23. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ : لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَيُوَقِّرْ كَبِيرَنَا، وَيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ.

رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن غريب، بَاب مَا جَاءَ فِي رَحْمَةِ الصِّبْيَانِ، رقم : 1921

Hazrat Ibn Abbas ؓ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Woh shakhs humari itba'a karne walaon mein se nahi hai jo humare chotaon par shafaqat na kare, humare badaon ka ehteram na kare, naiki ka hukm na kare aur burai se mana na kare. [Tirmizi]

24. عَنْ حُذَيْفَةَ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ : فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ، وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ.

(الحديث) رواه البخاری، بَاب الْفِتْنَةِ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، رقم : 7096

Hazrat Huzaifa ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Aadmi se biwi, maal, aulad aur padosi ke mutaliq ehkamat ke pura karne ke silsile mein jo kotahiyan aur gunah hojate hain in ka kafara namaz, sadqa, أَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ aur نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ banjate hain. [Bukhari]

25. عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَوْحَى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى جِبْرِيْلَ عليه السلام أَنِ اقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا وَكَذَا بِأَهْلِهَا. قَالَ: يَارَبِّ إِنَّ فِيْهِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ. قَالَ: فَقَالَ: اِقْلِبْهَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ فَإِنَّ وَجْهَهُ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ. مشكاة المصابيح، رقم: 5162

Hazrat Jaber رضي الله عنه *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala ne Hazrat Jibrael عليه السلام ko hukm diya ke falan shahr ko shahr walaon sameet ulat do. *Hazrat Jibrael* عليه السلام *ne arz kiya:* Ae mere Rabb! is shahr mein Aap ka falan banda bhi hai jis ne ek lamha bhi Aap ki nafarmani nahi ki. *Rasool Allah* ﷺ *farmate hain ke Allah Ta'ala ne Hazrat Jibrael* عليه السلام *se irshaad farmaya:* ke tum is shahr ko is shakhs sameet saare shahr walaon par ulat do kyunke shahr walaon ko meri nafarmani karta hua dekh kar is shakhs ke chehre ka rang ek ghadi ke liye bhi nahi badla. [Mishkat Al-Masabih]

FAIDA: Allah Ta'ala ke irshaad ka hasil ye hai ke beshak mere is bande ne kabhi bhi meri nafarmani nahi ki, magar is ka ye jurm hi kya kum hai ke log iske samne gunah karte rahe aur woh itmenaan ke saath inko dekhta raha, burai phailti rahi aur log Allah Ta'ala ki nafarmani karte rahe magar in buraiyon aur nafarmani karne walaon ko dekh kar iske chehre par kabhi bhi nagawari ke asaar mehsoos nahi hue.

26. عَنْ دُرَّةَ بِنْتِ أَبِيْ لَهَبٍ قَالَتْ: قَامَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: خَيْرُ النَّاسِ أَقْرَؤُهُمْ، وَأَتْقَاهُمْ، وَآمَرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَأَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَأَوْصَلُهُمْ لِلرَّحِمِ. رواه احمد وهذا لفظه، والطبراني ورجالهما ثقات وفي بعضهم كلام لا يضر، مجمع الزوائد 520/7

Hazrat Darrah Bint Abi Lahab رضي الله عنها *farmati hain ke Rasool Allah* ﷺ *manbar par tashreef farma the* ke ek shakhs ne kadhe hokar

sawal kiya: Ya Rasool Allah! logaon mein behtareen shakhs kaunsa hai? *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* behtareen shakhs woh hai jo logaon mein sab se zyada Qur'an shareef ka padhne wala, sab se zyada taqwe wala, sab se zyada naiki karne wala aur burai se bachne ko kehne wala aur sab se zyada sila rahmi karne wala ho. [Musnad Ahmad, Majma Al-Zawa'id]

27. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى، وَإِلَى قَيْصَرَ، وَإِلَى النَّجَاشِيِّ، وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ، يَدْعُوهُمْ إِلَى اللهِ تَعَالَى، وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِي صَلَّى عَلَيْهِ النَّبِيُّ ﷺ.

رواه مسلم، اب كُتُبِ النَّبِيِّ ﷺ إلى ملوك الكفار...، رقم: 4609

Hazrat Anas رضي الله عنه farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne Kasra, Qaisar, Najashi aur har bade hakim ko khat likha (in khatoot mein) inhe Allah Ta'ala ki taraf bulaya. Ye najashi woh nahi hain (jo musalmaan hogaye the aur) Rasool Allah ﷺ ne in ki namaz janaza padhayi thi (balke ye dusra shakhs tha. Habsha ke har badshah ka laqab Najashi hota tha). [Muslim]

28. عَنِ الْعُرْسِ ابْنِ عَمِيرَةَ الْكِنْدِيِّ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيئَةُ فِي الْأَرْضِ كَانَ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا، وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا.

رواه ابو داؤد، بَاب الْأَمْرِ وَالنَّهْيِ، رقم: 4345

Hazrat Urs Bin Umaira Kandi رضي الله عنه farmate hain ke jab zameen mein koi gunah kiya jata hai to jisne ise dekha aur bura samjha woh gunah ke wabaal se is shakhs ki tarah mehfooz rahega jo gunah ki jaga par maujood na tha. Aur jo gunah ki jaga par maujood na tha is gunah ke hone ko bura na samjha woh is gunah ke wabaal mein is shakhs ki tarah shareek rahega jo gunah ki jaga par maujood tha. [Abu Dawood]

29. عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَوْقَدَ نَارًا، فَجَعَلَ الْجَنَادِبُ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهَا، وَهُوَ يَذُبُّهُنَّ عَنْهَا، وَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ، وَأَنْتُمْ تَفَلَّتُونَ مِنْ يَدِي.

رواه مسلم، بَاب شَفَقَتِهِ ﷺ على أمته...، رقم: 5958

Hazrat Jaber ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Meri aur tumhari misaal is shakhs ki si hai jis ne aag jalayi to patinge aur parvane is mein girne lage aur woh inko aag se hatane laga. Mai bhi tumhari kamaron se pakad pakad kar tumhe jahanum ki aag se bacha raha hoon lekin tum mere haaton se nikle chale jarahe ho yani jahanum ki aag mein gire jarahe ho. [Muslim]

FAIDA: Hadees-e-shareef mein Nabi Kareem ﷺ ki be-inteha shafaqat aur hirs ka bayaan hai jo apni ummat ko jahanum ki aag se bachane ke liye Aap ﷺ ke dil mein thi.

30. عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ يَحْكِي نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَأَدْمَوْهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ.

رواه البخاري، كتاب احاديث الانبياء، رقم: 3477

Hazrat Abdullah ﷺ farmate hain ke mai goya Rasool Allah ﷺ ko dekh raha hoon ke woh ek Nabi ka waqiya bayaan farmarahe hai ke inki qaum ne inko itna maara ke laho lahan kardiya aur woh apne chehre se khoon poch rahe the aur farmarahe the: Ae Allah! meri qaum ko mu'af farma dijiye kyunke woh jaante nahi hain (isi tarah ka waqiya khud Nabi Kareem ﷺ ke saath bhi gazwa ohud ke bamuqaam taif (yaum al aqba) par pesh aaya). [Bukhari]

31. عَنْ هِنْدِ بْنِ أَبِي هَالَةَ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مُتَوَاصِلَ الْأَحْزَانِ، دَائِمَ الْفِكْرَةِ، لَيْسَتْ لَهُ رَاحَةٌ، طَوِيلَ السَّكْتِ، لَا يَتَكَلَّمُ فِي غَيْرِ حَاجَةٍ.

(وهو طرف من الرواية) الشمائل المحمدية والخصائل المصطفوية، رقم: 226

Hazrat Hind Bin Abi Hala ﷺ ne Rasool Allah ﷺ ki sifaat bayaan karte hue farmaya ke Aap ﷺ (ummat ke baare mein) musalsil ghamgeen aur hamesha fikarmand rehte the kisi ghadi aapko chain nahi aata tha. Aksar auqaat khamosh rehte, bila zarurat guftagu na farmate the. [Shama'il Tirmizi]

32. عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالُوا: يَارَسُولَ اللهِ! أَحْرَقَتْنَا نِبَالُ ثَقِيفٍ فَادْعُ اللهَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِ ثَقِيفًا.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب، باب في ثقيف ، وبني حنيفة، رقم : 3942

Hazrat Jaber ؓ farmate hain ke sahaba ؓ ne arz kiya: Ya Rasool Allah! Qabila Saqeef ke teeron ne to hume halaak kardiya Aap inke liye badwa farmadijiye. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Ae Allah! Qabil Saqeef ko hidayat farmadijiye. [Tirmizi]

33. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ: تَلَا قَوْلَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي إِبْرَاهِيمَ عليه السلام: ﴿رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي﴾ [ابراهيم 36]، وَقَالَ عِيسَى عليه السلام: ﴿إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾ [المائدة 118]، فَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ، أُمَّتِي، أُمَّتِي، وَبَكَى، فَقَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا جِبْرِيلُ! اذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ، وَرَبُّكَ أَعْلَمُ، فَسَلْهُ مَا يُبْكِيكَ؟ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عليه السلام، فَسَأَلَهُ: فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ بِمَا قَالَ، وَهُوَ أَعْلَمُ، فَقَالَ اللهُ: يَا جِبْرِيلُ! اِذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ، فَقُلْ: إِنَّا سَنُرْضِيكَ فِي أُمَّتِكَ وَلَا نَسُوءُكَ.

رواه مسلم، باب دُعاءِ النَّبِيِّ ﷺ لامته...، رقم : 499

Hazrat Abdullah Bin Amr Bin Aas ؓ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne Qur'an kareem ki woh aayat tilawat farmayi jis mein Allah Ta'ala ne Hazrat Ibrahim ؑ ki dua zikr farmayi hai:

﴿رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾

"Ae mere Rabb in buttaon ne bahut se aadmiyon ko gumraah kardiya (is liye apne aur apni aulad ke liye buttaon ki ibadat se bachne ki dua karta hoon isi tarah qaum ko bhi inki ibadat se rokta hoon) phir (mere kehne, sunne ke baad) jis ne meri baat maanli woh to mera hai hi (aur is ke liye maghfirat ka waada hai) aur jis ne meri baat na maani to (isko aap hidayat ata farmaye kyun ke) aap bahut mu'af karne wale aur bahut reham

karne wale hain". (Hazrat Ibrahim عليه السلام ka is dua se maqsad momineen ke haq mein shafaat karna ghair momin ke liye hidayat mangna hai).

Aur Rasool Allah ﷺ ne ye aayat bhi tilawat farmayi jis mein Allah Ta'ala ne Hazrat Esa عليه السلام ki dua ka zikr farmaya hai:

﴿إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾

Agar aap inko saza dein to ye aapke bande hain (aur aap inke maalik hain aur maalik ko haq hai ke bandon ko inke gunah par saza de) aur agar aap inko mu'af farmade to aap zabardast (qudrat wale) hain (lehaza mu'af karne par bhi qadir hain aur) hikmat wale (bhi) hain (lehaza aapki mu'afi bhi hikmat ke muafiq hogi"). Ye dono aayatein tilawat farmakar (Rasool Allah ﷺ ko apni ummat yaad agayi) aur *Rasool Allah ﷺ ne dua ke liye haath uthaye aur arz kiya:* Ae Allah! meri ummat! meri ummat! aur aap rone laage. *Is par Allah Ta'ala ka irshaad hua:* Jibrael! Mohammed ke paas jao. Agarcha tumhara Rab sab kuch jaanta hai magar phir bhi tum inse poocho ke inke rone ka sabab kya hai? Chunacha Hazrat Jibrael عليه السلام Mohammed ﷺ ke paas aaye aur Aap ﷺ se poocha. Aap ﷺ ne Jibrael عليه السلام ko bataya ke mujhe apni ummat ke baare mein is fikr ne rulaya ke inka aakhirat mein kya hoga? (Jibrael عليه السلام jaakar Allah Ta'ala se is baat ko arz kiya) *Allah Ta'ala ne irshaad farmaya:* Jibrael! Mohammed ke paas jao, aur inse kaho ke tumhari ummat ke baare mein hum tumhe khush kardinge aur tumhe ghamgeen nahi karenge. [Muslim]

FAIDA: Baaz riwayaat mein hai Rasool Allah ﷺ ne Jibrael عليه السلام se Allah Ta'ala ka ye paighaam sunkar farmaya ke mai to tab mutmayeen aur khush honga jab mera koi ummati bhi dozakh mein na rahe.

Allah Ta'ala ko sab kuch maloom hone ke bawajud rone ka sabab poochne ke liye Jibrael عليه السلام ko Rasool Allah ﷺ ke paas bhejna sirf aapke ikraam wa izaaz ke taur par tha. [Mu'araf Al-Hadith]

34. عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: لَمَّا رَأَيْتُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ طِيبَ نَفْسٍ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ! ادْعُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لِي، فَقَالَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِعَائِشَةَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهَا وَمَا تَأَخَّرَ، وَمَا أَسَرَّتْ وَمَا أَعْلَنَتْ فَضَحِكَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا حَتَّى سَقَطَ رَأْسُهَا فِي حِجْرِهَا مِنَ الضَّحِكِ، قَالَ: فَقَالَ: رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَيَسُرُّكِ دُعَائِي؟ فَقَالَتْ: وَمَا لِيَ لَا يَسُرُّنِي دُعَاؤُكَ؟ فَقَالَ: وَاللهِ إِنَّهَا لَدَعْوَتِي لِأُمَّتِي فِي كُلِّ صَلَاةٍ.

رواه البزار ورجاله رجال الصحيح غير احمد من منصور الزمادر وهو ثقة، مجمع الزوائد 390/9

Hazrat Ayesha " farmati hain ke jab maine Rasool Allah ﷺ ko ek martaba khush dekha to arz kiya: Ya Rasool Allah! mere liye Allah Ta'ala se dua farmade *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:*

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِعَائِشَةَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهَا وَمَا تَأَخَّرَ، وَمَا أَسَرَّتْ وَمَا أَعْلَنَتْ

"Ae Allah Ayesha ke agle peehcle tamaam gunah mu'af farma dijiye aur in gunahaon ko bhi mu'af farma dijiye jo isne chup kar kiye aur alaniya kiye". Is dua ko sunkar mai khushi mein itna hassi ke mera sar meri goadh se ja laga. *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Kya tumhe meri dua se bahut khushi horahi hai? Maine kaha: Mujhe aapki dua se khushi kyun na ho? *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Allah ki qasam! ye dua to mai apni ummat keliye har namaz mein mangta hun. [Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

35. عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الدِّينَ بَدَأَ غَرِيبًا وَيَرْجِعُ غَرِيبًا، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ الَّذِينَ يُصْلِحُونَ مَا أَفْسَدَ النَّاسُ مِنْ بَعْدِي مِنْ سُنَّتِي.

(وهو بعض الحديث) رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن صحيح، باب ما جاء أنّ الإسلام بدأ غريبا...، رقم: 2630

Hazrat Amr Bin Aauf رضي الله عنه Rasool Allah ﷺ ka irshaad naqal farmate hain ke deen shuru mein ajnabi tha aur anqareeb phir pehle ki

tarah ajnabi hojayega lehaza un musalmaanon ke liye khushkhabri hai jin ko deen ki wajha se ajnabi samjha jayega. Ye woh log honge jo mere is tareeqe ko durust karenge jis ko mere baad logaon ne bigaad diya hoga. [Tirmizi]

36. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ: قِيلَ: يَارَسُولَ اللهِ! ادْعُ عَلَى الْمُشْرِكِينَ. قَالَ: إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ لَعَّانًا، وَإِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً.

رواه مسلم، بَاب النَّهْيِ عَنْ لَعْنِ الدَّوَابِّ وَغَيْرِهَا، رقم: 6613

Hazrat Abu Huraira ؓ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ se mushrikeen ke liye badwa karne ki darkhwast ki gayi. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Mujhe la'nat karne waala banakar nahi bheja gaya mujhe sirf rehmat banakar bheja gaya. [Muslim]

37. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَسَكِّنُوا وَلَا تُنَفِّرُوا.

رواه مسلم، بَاب فِي الْأَمْرِ بِالتَّيْسِيرِ.....، رقم: 4528

Hazrat Anas Bin Malik ؓ farmate hain Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Asaniyan paida karo aur mushkilat paida na karo, logaon ko tasalli do aur nafrat na dilao. [Muslim]

38. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُنْعِشُ لِسَانَهُ حَقًّا يُعْمَلُ بِهِ بَعْدَهُ، إِلَّا أَجْرَى اللهُ عَلَيْهِ أَجْرَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ وَفَّاهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ ثَوَابَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رواه احمد 266/3

Hazrat Anas Bin Malik ؓ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs apni zuban se koi haq baat kahe, jis par is ke baad amal kiya jata rahe to qayamat tak keliye Allah Ta'ala iska ajar jari farmadete hain, phir Allah Ta'ala qayamat ke din iska pura pura sawab aata farmayenge. [Musnad Ahmad]

39. عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْبَدْرِيِّ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ.

(وهو جزء من الحديث) رواه ابو داود، بَاب فِي الدَّالِّ عَلَى الْخَيْرِ، رقم: 5129

Hazrat Abu Masood Badri ؓ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jis shakhs ne bhalayi ki taraf rehnumayi ki isse bhalayi karne wale ke barabar sawab milta hai. [Abu Dawood]

40. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ، لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْإِثْمِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ تَبِعَهُ، لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا.

رواه مسلم، باب من سن سنة حسنة...، رقم: 6804

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه *se riwayat hai Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs hidayat aur khair ke kaamon ki dawat de isko in tamaam logaon ke amal ke barabar ajar milta rahega jo is khair ki pairwi karenge aur pairwi karne waalon ke apne sawab mein koi kami na hogi. Isi tarah jo gumraahi ke kaamon ki taraf bulayega isko in sabke amal ka gunah milta rahega jo is gumraahi ki pairwi karenge aur iski wajha se in pairwi karne waalon ke gunahaon mein koi kami na hogi. [Muslim]

41. عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ سَعِيدٍ رضي الله عنه قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ، فَأَثْنَى عَلَى طَوَائِفَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا، ثُمَّ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ لَا يُفَقِّهُونَ جِيرَانَهُمْ، وَلَا يُعَلِّمُونَهُمْ، وَلَا يَعِظُونَهُمْ، وَلَا يَأْمُرُونَهُمْ، وَلَا يَنْهَوْنَهُمْ، وَمَا بَالُ أَقْوَامٍ لَا يَتَعَلَّمُونَ مِنْ جِيرَانِهِمْ، وَلَا يَتَفَقَّهُونَ، وَلَا يَتَّعِظُونَ وَاللهِ لَيُعَلِّمَنَّ قَوْمٌ جِيرَانَهُمْ، وَيُفَقِّهُونَ، وَيَتَّعِظُونَ، أَوْ لَأُعَاجِلَنَّهُمُ الْعُقُوبَةَ ثُمَّ نَزَلَ فَقَالَ قَوْمٌ: مَنْ تَرَوْنَهُ عَنَى بِهٰؤُلَاءِ؟ قَالُوا: الْأَشْعَرِيِّينَ، هُمْ قَوْمٌ فُقَهَاءُ، وَلَهُمْ جِيرَانٌ جُفَاةٌ مِنْ أَهْلِ الْمِيَاهِ وَالْأَعْرَابِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ الْأَشْعَرِيِّينَ، فَأَتَوْا رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! ذَكَرْتَ قَوْمًا بِخَيْرٍ، وَذَكَرْتَنَا بِشَرٍّ، فَمَا بَالُنَا؟ فَقَالَ: "لَيُعَلِّمَنَّ قَوْمٌ جِيرَانَهُمْ، وَلَيَعِظُنَّهُمْ، وَلَيَأْمُرُنَّهُمْ، وَلَيَنْهَوُنَّهُمْ، وَلَيَتَعَلَّمَنَّ قَوْمٌ مِنْ جِيرَانِهِمْ، وَيَتَّعِظُونَ، وَيَتَفَقَّهُونَ، أَوْ لَأُعَاجِلَنَّهُمُ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا". فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! أَنُفَطِّنُ غَيْرَنَا؟ فَأَعَادَ قَوْلَهُ عَلَيْهِمْ، وَأَعَادُوا قَوْلَهُمْ: أَنُفَطِّنُ غَيْرَنَا؟ فَقَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا، فَقَالُوا: أَمْهِلْنَا سَنَةً، فَأَمْهَلَهُمْ سَنَةً لِيُفَقِّهُوهُمْ، وَيُعَلِّمُوهُمْ، وَيَعِظُوهُمْ، ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللهِ ﷺ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ﴾ الآية

رواه الطبراني في الكبير عن بكيربن معروف عن علقمة، الترغيب 122/1، بكير بن معروف صدوق فيه لين، تقريب التهذيب

Hazrat Alqama Bin Sayeed رضي الله عنه *farmate hain ke ek martaba Rasool Allah* ﷺ *ne bayan farmaya jis mein baaz musalman qaumon ki tareef farmayi. Phir irshaad farmaya:* Ye kya baat hai ke baaz qaumein apne padosiyon mein na deen ki samajh paida karti hain, na unko deen sikhati hain, na unko nasihat karti hain, na unko achchi bataon ka hukm karti hain aur na inko buri bataon se rokti hain. Aur kya baat hai ke baaz qaumein apne padosiyon se na ilm sikhti hain, na deen ki samajh hasil karti hain aur na naseehat qubool karti hain. Allah ki qasam! ye log apne padosiyon ko ilm sikhayein in mein deen ki samajh paida karein in ko naseehat kare, inhe achchi bataon ka hukm kare, buri bataon se rokein aur dusre log apne padosiyon se deen sikhe inse deen ki samajh hasil karein aur inki naseehat qubool kare, agar aisa na hua to Mai in sab ko duniya hi mein sakht saza doonga. Is ke baad Rasool Allah ﷺ manbar se neeche tashreef le aaye. Logaon mein iska charcha hua ke isse Rasool Allah ﷺ ne kaunsi qaumein muraad li hain? logaon ne kaha: Ashari qaum ke log muraad hai ke woh ilm wale hain aur inke aas paas ke dihati deen se na waqif hain. Ye khabar Ashari logaon ko pahunchi. Woh Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein hazir hue aur arz kiya: Ya Rasool Allah! Aap ne baaz qaumon ki tareef farmayi aur hum par naraazgi ka izhaar farmaya, hamara kya khusoor hai? *Rasool Allah* ﷺ *ne (dubara) irshaad farmaya:* Ya to ye log apne padosiyon ko ilm sikhaye, ya inko naseehat kare, inko achchi bataon ka hukm kare, buri bataon se mana kare aur aise hi dusre logaon ko chahiye ke woh apne padosiyon se sikhein, inse naseehat hasil kare, deen ki samajh bhuj le warna Mai in sab ko duniya hi mein sakht saza doonga. Ashari logaon ne arz kiya: Ya Rasool Allah! kya hum dusro ko samajhdar banaye? *Rasool Allah* ﷺ *ne phir apna wahi hukm irshaad farmaya.* Unhone teesri dafa phir yehi arz kiya. Nabi Kareem ﷺ ne phir apna wahi hukm irshaad farmaya. Phir unhone arz kiya: Ya Rasool Allah! ek saal ki mohalat humko dedein. Nabi Kareem ﷺ ne inko inke

padosiyon ki taleem ke liye ek saal ki mohalat dedi taake in mein deen ki samajh paida kare, inhe sikhaye aur inhe naseehat kare. *Phir Rasool Allah ﷺ ne ye aayat tilawat farmayi:*

لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

TARJUMA: Bani Israel mein jo log kafir the in par Hazrat Daood aur Hazrat Esa عليهما السلام ki zuban se la'nat ki gayi thi aur ye la'nat is sabab se hui ke unhone hukm ki mukhalifat ki aur had se nikal gaye. Jis burai mein woh mubtela the isse ek dusre ko mana nahi karte the inka ye kaam waqai bura tha. [Tibrani, Targheeb]

42. عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُلْقَى فِي النَّارِ، فَتَنْدَلِقُ أَقْتَابُهُ فِي النَّارِ فَيَدُورُ كَمَا يَدُورُ الْحِمَارُ بِرَحَاهُ، فَيَجْتَمِعُ أَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ، فَيَقُولُونَ: يَا فُلَانُ! مَا شَأْنُكَ، أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ؛ قَالَ: كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَا آتِيهِ وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَآتِيهِ.

رواه البخاري، باب صِفَةِ النَّارِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ، رقم: 3267

Hazrat Osama Bin Zaid رضي الله عنه *se riwayat hain ke inho ne Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Qayamat ke din ek shakhs ko laya jayega aur isko jahanum mein phenk diya jayega jisse iski antediyan nikal padegi woh antediyon ke ird gird is tarah ghoomega jaisa ke chakki ka gadha chakki ke gird ghoomta hai yani jaise janwar ko aate ki chakki chalane ke liye chakki ke charo taraf ghoomaya jata hai isi tarah ye shakhs apni antediyon ke charo taraf ghoomega jahanum ke log iske charo taraf jamaa hojaeynge aur is se poochenge: Ya falan! tumhe kya hua? kya tum achchi bataon ka hukm nahi karte the aur buri bataon se humko nahi rokte the? woh jawab dega: Mai tumko achchi bataon ka hukm karta tha lekin khud in par amal nahi karta tha, aur tumhe buri bataon se rokta tha lekin khud inhe kiya karta tha. [Bukhari]

43 . عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عَلَى قَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ. قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالُوا: خُطَبَاءُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا كَانُوا يَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ، وَيَنْسَوْنَ أَنْفُسَهُمْ. وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ. أَفَلَا يَعْقِلُونَ.

رواه احمد 120/3

Hazrat Anas Bin Malik ﷺ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Shab-e-meraj mein mere guzara aisi jamaat par hua ke inke hount jahanum ki aag ki khainchiyon se katre jarahe the. Maine Jibrael ﷺ se daryaft kiya ke ye kaun log hain? Inho ne bataya: ye woh wa'az hai jo dusraon ko naiki karne ke liye kehte the aur khud apne ko bhuladete the yani khud amal nahi karte the halanke woh Allah Ta'ala ki kitaab padhte the kya woh samajhdaar nahi the. [Musnad Ahmad]

اللہ تعالیٰ کے راستہ میں نکلنے کی فضائل

ALLAH TA'ALA KE RAASTE MEIN NIKALNE KE FAZAIL

AYAAT–E-QUR'ANIA

قَالَ اللہُ تَعَالٰی: ﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝﴾ [الانفال ٧٤]

TARJUMA: Allah Ta'ala ka irshaad hai: Jo log imaan laye aur inhone apne ghar chorde aur Allah Ta'ala ke raaste mein jihad kiya aur jin logaon ne in muhajireen ko apne yahan tehraya aur inki madad ki, ye log imaan ka pura haq aada karne wale hain. In ke liye maghfirat aur izzat ki rozi hai. [Al-Anfa'l]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝﴾ [التوبة ٢٠-٢٢]

TARJUMA: Allah Ta'ala ka irshaad hai: Jo log imaan laye aur inhone apne ghar chorde aur Allah Ta'ala ke raaste mein apne maal wa jaan se jihad kiye Allah Ta'ala ke yahan inke liye bada darja hai, aur yehi log poore kamiyab hain. Inhe in ke Rabb khushkaabri detein hain apni rehmat aur razamandi aur jannat ke aise baghon ki jin mein inhe hamesha ki ne'matein milengi,

in jannaton mein ye log hamesha hamesha rahenge. Bilashuba Allah Ta'ala ke paas bada ajar hai. [At-Tauba]

وَقَالَ تَعَالیٰ: ﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَإِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ [العنكبوت ٦٩]

*TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** Aur jo log humare (deen ke) liye mushaqaten bardasht karte hain hum inko zaroor apne tak pahunchne ki rahein samjhadenge (ke unhe wo baatein samjhaenge ke dusron ko in baaton ka ehsaas tak nahi hoga) aur beshak Allah Ta'ala ikhlaas se amal karne walaon ke saath hain.* [Al-Ankabut]

وَقَالَ تَعَالیٰ: ﴿وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ﴾ [العنكبوت ٦]

*TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** Jo shakhs mehnat karta hai wo apne hi nafa ke liye mehnat karta hai (warna) Allah Ta'ala ko to tamaam jahan walaon mein se kisi ki hajat nahi.* [Al-Ankabut]

وَقَالَ تَعَالیٰ: ﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ أُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ﴾ [الحجرٰت ١٥]

*TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** Kamil imaan wale to wahi log hain jo Allah Ta'ala aur in ke Rasool ﷺ par imaan laye phir (umar bhar kabhi) shak nahi kiya (yani Allah Ta'ala aur in ke Rasool ki har baat ko tah-e-dil se tasleem kiya aur is mein kabhi shak na kiya) aur apne maalon aur apni jaanon ke saath Allah Ta'ala ke raaste mein mushaqaten bardasht ki. Yehi log imaan mein sachhe hain.* [Al-Hujurat]

وَقَالَ تَعَالَىٰ: ﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿١٠﴾ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٢﴾ ﴾ [الصف ١٠-١٢]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Imaan walo! kya Mai tumhe aisi tijarat bataon, jo tumhe dardnaak azaab se bachale (aur wo ye hai ke) tum Allah Ta'ala aur inke Rasool par imaan lao aur Allah Ta'ala ke raaste mein apne maalon aur apni jaanon ke saath jihad karo.ye tumhare haq mein bahut hi behtar hai agar tum kuch samajh rakhte ho. Is par Allah Ta'ala tumhare gunah mu'af kardenge aur tum ko jannat ke aise baghon mein dakhil karenge jin ke neeche nehrein beh rahi hongi aur umda makanaat mein dakhil karengi jo dayimi honge. Ye bahut badi kaamiyabi hai.* [As-Saff]

وَقَالَ تَعَالَىٰ: ﴿ قُلْ إِن كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٤﴾ ﴾ [التوبة ٢٤]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ne apne Rasool ﷺ se irshaad farmaya:*** *Aap musalmaanon se keh dijiye ke agar tumhare baap aur bete aur bhai aur biwiyan aur tumhari bradari aur wo maal jo tum ne kamaye hain aur wo tijarat jis ke band hone se tum darte ho aur wo makanaat jin mein rehna tum pasand karte ho, agar ye sab cheezein tum ko Allah Ta'ala se aur inke Rasool se aur Allah Ta'ala ke raaste mein jihad karne se zyada mehboob hain to intezar karo yahan tak ke Allah Ta'ala saza ka hukm behj dein aur Allah Ta'ala hukm na manne walaon ki rehbari nahi farmate.* [At-Tauba]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَأَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ﴾ [البقرة ١٩٥]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur tum log jaan ke saath maal bhi Allah Ta'ala ke raaste mein kharch kiya karo (aur jihad se ji chura kar) apne aap ko apne haathon halakat mein na dalo aur jo kaam bhi karo achchi tarah kiya karo, beshak Allah Ta'ala achchi tarah kaam karne walaon ko pasand farmate hain.* [Al-Baqarah]

AHADEES-E-NABIWIYAH

44 . عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَقَدْ أُخِفْتُ فِي اللهِ وَمَا يُخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أُوذِيتُ فِي اللهِ وَمَا يُؤْذَى أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثُونَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَمَا لِي وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُو كَبِدٍ إِلَّا شَيْءٌ يُوَارِيهِ إِبْطُ بِلَالٍ.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن صحيح، باب احاديث عائشه وانس...، رقم: 2472

Hazrat Anas ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Deen (ki dawat) ke silsile mein mujhe itna daraya gaya ke kisi ko itna nahi daraya gaya aur Allah Ta'ala ke raste mein mujhe itna sataya gaya ke kisi aur ko itna nahi sataya gaya. Mujh par tees (30) din aur tees raatein musalsil is haal mein guzari hain ke mere aur Bilal ﷺ ke liye khane ki koi aisi cheez nahi thi jis ko koi jandaar kha sake. Sirf itni cheez hoti jis ko Bilal ﷺ ki bagal chupale yani bahut thodi muqdaar mein hoti thi. [Tirmizi]

45 . عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَبِيتُ اللَّيَالِي الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا وَأَهْلُهُ لَا يَجِدُونَ عَشَاءً وَكَانَ أَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزَ الشَّعِيرِ.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن صحيح، بَاب مَا جَاءَ فِي مَعِيشَةِ النَّبِيِّ ﷺ واهله، رقم: 2360

Hazrat Ibn Abbas ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ aur Aap ke ghar wale bahut si raatein musalsil khali pait (faaqe se) guzaarte the, inke paas raat ka khana nahi hota tha. Aur in ka khana aam taur se jao ki roti hoti thi. [Tirmizi]

46. عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ ﷺ مِنْ خُبْزِ شَعِيرٍ، يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ، حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ. رواه مسلم، باب الدنيا سجن للمومن وجنة للكافر، رقم: 7445

Hazrat Ayesha ﷺ *farmati hain* ke Rasool Allah ﷺ ke wafaat pajane tak Aap ke ghar walaon ne jao ki roti bhi kabhi do din musalsil pait bhar kar nahi khayi. [Muslim]

47. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: إِنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا نَاوَلَتِ النَّبِيَّ ﷺ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ شَعِيرٍ، فَقَالَ: هٰذَا أَوَّلُ طَعَامٍ أَكَلَهُ أَبُوكِ مُنْذُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ رواه احمد والطبراني وزاد فَقَالَ: مَا هٰذِهِ الْكِسْرَةُ يَا فَاطِمَةُ؟ قَالَتْ: قُرْصٌ خَبَزْتُهُ فَلَمْ تَطِبْ نَفْسِي حَتَّى أَتَيْتُكَ بِهٰذِهِ الْكِسْرَةِ.

ورجالهما ثقات، مجمع الزوائد 562/10

Hazrat Anas Bin Malik ﷺ *riwayat karte hain ke* ek martaba Hazrat Fatima ﷺ ne Rasool Allah ﷺ ko jao ki roti ka ek tukda pesh kiya. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya*: Teen din mein ye pehla khana hai jis ko tumhare walid ne khaya hai. [Musnad Ahmad]

Ek riwayat mein hai ke Rasool Allah ﷺ ne sahabzadi se poocha ye kya hai? inhone arz kiya: Ek roti maine pakayi thi, mujhe achcha nahi laga ke mai Aap ke baghair khaon.

[Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

48. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ بِالْخَنْدَقِ وَهُوَ يَحْفِرُ، وَنَحْنُ نَنْقُلُ وَبَصُرَ بِنَا، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ.

رواه البخارى، باب الصحة والفراغ...، رقم: 6141

Hazrat Sahel Bin Saad Saadi ﷺ *farmate hain ke* hum gazwah khandaq mein Rasool Allah ﷺ ke saath the. Aap ﷺ khandaq khod rahe the aur hum khandaq se mithi nikaal kar dusri jaga daal rahe the. *Aap* ﷺ *ne hume (is haal mein) dekh kar farmaya*: Ae Allah! zindagi to sirf aakhirat hi ki zindagi hai, Aap Ansaar aur muhjareen ki maghfirat farmadijiye. [Bukhari]

49. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَخَذَ رَسُولُ اللهِ ﷺ بِمَنْكِبِي، فَقَالَ: كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ، أَوْ عَابِرُ سَبِيلٍ.

رواه البخارى، باب قول النبي ﷺ كن فى الدنيا كانك غريب...، رقم: 6416

Hazrat Abdullah Bin Omer ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne (baat ki ahmiyat ki wajha se mutwajjah karne ke liye) mere kandhe ko pakad kar irshaad farmaya: Tum duniya mein musafir ki tarah ya rasta chalne wale ki tarah raho. [Bukhari]

50. عَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: فَوَاللهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ، وَلَكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا، وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا أَلْهَتْهُمْ.

(وهو بعض الحديث) رواه البخاري، باب ما يُحذر من زَهرة الدُّنيا....، رقم: 6425

Hazrat Amr Bin Aauf ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Allah ki qasam mujhe tumhare bare mein faqr wa faaqa ka darr nahi balke is baat se daarta hoon ke duniya ko tum par phaila diya jaye jis tarah tum se pehle logaon par duniya ko phaila diya gaya ṭha, phir tum bhi duniya ko hasil karne ke liye ek dusre se aage badhne lago jis tarah tum se pehle log duniya hasil karne ke liye ek dusre se aage badhte the, phir duniya tumko issi tarah gafil karde jis tarah unko gafil kardiya. [Bukhari]

FAIDA: *Rasool Allah ﷺ ke irshaad* "tumhare bare mein faqr wa faaqa ka darr nahi" ka matlab ye hai ke tum par faqr wa faaqa nahi aayega ya ye matlab hai ke agar faqr wa faaqa ki naubat aayi to isse tumhare deen ko nuqsaan nahi pahunchega.

51. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ مَا سَقَى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ.

رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن غريب، باب ما جاءَ في هَوَانِ الدُّنْيا عَلَى الله عَزَّوَجَلَّ، رقم: 2320

Hazrat Sahel Bin Saad ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Agar duniya ki qadr wa qeemat Allah Ta'ala ke nazdeek ek machchar ke par ke barabar bhi hoti to Allah Ta'ala kisi kafir ko is mein se ek ghoont pani na pilate (kyunke duniya ki qeemat Allah Ta'ala ke nazdeek itni bhi nahi hai is liye kafir fajir ko bhi duniya behisab di hui hai). [Tirmizi]

52. عَنْ عُرْوَةَ رَحِمَهُ اللهُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّهَا كَانَتْ تَقُولُ: وَاللهِ! يَا ابْنَ أُخْتِي! إِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ ثَلَاثَةَ أَهِلَّةٍ فِي شَهْرَيْنِ، وَمَا أُوقِدَ فِي أَبْيَاتِ رَسُولِ اللهِ ﷺ نَارٌ، قَالَ: قُلْتُ يَا خَالَةُ! فَمَا كَانَ يُعَيِّشُكُمْ، قَالَتِ الْأَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ.

(وهو طرف من الرواية) رواه مسلم، باب الدنيا سجن للمومن...، رقم: 7452

Hazrat Urwah farmate hain ke Hazrat Ayesha ﷺ farmaya karti thi: Mere Bhaanje! hum ek chaand dekhte phir dusra chaand dekhte phir teesra chaand dekhte, yun do mahine mein teen chaand dekhte, lekin Rasool Allah ﷺ ke gharaon mein aag nahi jalti thi. Maine kaha: Khala jaan! phir Aap ka guzarah kis cheez par hota tha? *Inhone farmaya:* Do siyah cheezon par. Khajoor aur pani.

[Muslim]

53. عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَا خَالَطَ قَلْبَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ رَهْجٌ فِي سَبِيلِ اللهِ إِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ النَّارَ.

رواه احمد والطبرانى فى الاوسط ورجال احمد ثقات، مجمع الزوائد 502/5

Hazrat Ayesha ﷺ riwayat karti hain ke maine Rasool Allah ﷺ ke ye irshaad farmate hue suna: Jiske jism ke andar Allah Ta'ala ke raaste ka gubaar dakhil hojaye Allah Ta'ala is par dozakh ki aag ko zaroor haram farmadenge. [Musnad Ahmad, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

54. عَنْ أَبِي عَبْسٍ ﷺ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَهُمَا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى النَّارِ.

رواه احمد 479/3

Hazrat Abu Abas ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jis shakhs ke dono qadam Allah Ta'ala ke raaste mein gubaar aalud hojaye Allah Ta'ala inhe dozakh ki aag par haram farmadenge.

[Musnad Ahmad]

55. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي سَبِيلِ اللهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِي جَوْفِ عَبْدٍ أَبَدًا، وَلَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْإِيمَانُ فِي قَلْبِ عَبْدٍ أَبَدًا.

رواه النسائی، فَضْلُ مَنْ عَمِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ عَلَى قَدَمِهِ، رقم: 3112

Hazrat Abu Huraira ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Allah Ta'ala ke raaste ka gird gubara aur jahanum ka dhuwan kabhi kisi bande ke pait mein jama nahi hosakte aur bukhal aur (kamil) imaan kisi bande ke dil mein kabhi jama nahi hosakte. [Nisai]

56. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِي مَنْخَرَيْ مُسْلِمٍ أَبَدًا.

رواه النسائى، فَضْلُ مَنْ عَمِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ عَلَى قَدَمِهِ، رقم :3115

Hazrat Abu Huraira ﷺ riwayta karte hain ke Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya: Allah Ta'ala ke raaste ka gird gubaar aur jahanum ka dhuwan kabhi kisi musalmaan ke nathnau mein jama nahi hosakte. [Nisai]

57. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَغْبَارُّ وَجْهُهُ فِي سَبِيلِ اللهِ إِلَّا أَمَّنَ اللهُ وَجْهَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَغْبَارُّ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللهِ إِلَّا أَمَّنَ اللهُ قَدَمَيْهِ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رواه البيهقى فى شعب الايمان 43/4

Hazrat Abu Umama Bahali ﷺ se riwayat hai ke Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya: Jis shakhs ka chehra Allah Ta'ala ki rah mein gubaar aalud hojaye Allah Ta'ala iske chehre ko qayamat ke din zaroor (dozakh ki aag se) mehfooz farmayenge aur jis shakhs ke dono qadam Allah Ta'ala ki raah mein gubaar aalud hojaye Allah Ta'ala is ke qadmaon ko qayamat ke din dozakh ki aag se zaroor mehfooz farmayenge. [Baihaqi]

58. عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: يَوْمٌ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ.

رواه النسائى، بَابِ فَضْلُ الرِّبَاطِ، رقم : 3172

Hazrat Osman Bin Affan ﷺ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Allah Ta'ala ke raaste ka ek din is ke alawa ke hazaar dinaon se behtar hai. [Nisai]

59. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا.
(وهو بعض الحديث) رواه البخاري، باب صفة الجنة والنار، رقم: 6568

Hazrat Anas ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Allah Ta'ala ke raaste mein ek subah ya ek shaam duniya wa mafeeha se behtar hai. [Bukhari]

FAIDA: Matlab ye hai ke duniya aur duniya mein jo kuch hai wo sab Allah Ta'ala ki raah mein kharch kardiya jaye tab bhi Allah Ta'ala ke raaste ki ek subah ya ek shaam isse zyada ajar dilane wali hai.

60. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ رَاحَ رَوْحَةً فِي سَبِيلِ اللهِ، كَانَ لَهُ بِمِثْلِ مَا أَصَابَهُ مِنَ الْغُبَارِ مِسْكًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. رواه ابن ماجه، بَاب الْخُرُوجِ فِي النَّفِيرِ، رقم: 2775

Hazrat Anas Bin Malik ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs Allah Ta'ala ke raaste mein ek shaam bhi nikle to jitna gird wa gubaar isse lagega iske baqadr qayamat mein isse mushk milega. [Ibn Ma'jah]

Hazrat Hanif Bin Qais ﷺ *farmate hain ke* mai Hazrat Osman ﷺ ke zamane mein baitullah ka Tawaf kar raha tha ke utne mein qabila Banolais ke ek aadmi aaye. Inhone mere haath pakad kar kaha kya mai tum ko ek khushkhabri na sunadoon? Maine kaha zaroor sunade. Inhone kaha kya tumhe yaad hai jab ke Rasool Allah ﷺ ne mujhe tumhari qaum Bani Saad ke paas (islam ki dawat dene ke liye) bheja tha to maine in par islam ko pesh karna shuru kiya aur in ko islam ki dawat dene laga. Is waqt tum ne kaha tha ke tum hume bhalayee ki dawat de rahe ho aur bhali baat ka hukm kar rahe ho aur wo Rasool Allah ﷺ bhi bhalayee ki dawat de rehe hain aur bhali baat ka hukm kar rahe hain yani tum ne Rasool Allah ﷺ ki dawat ki tasdeeq ki to maine tumhari ye baat Rasool Allah ﷺ ko pahunchadi thi. Aap ﷺ ne (tumhari) is (tasdeeq) par farmaya tha: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ "Ya Allah! Ahnif Bin Qais ki magfirat farmadijiye". Hazrat Ahnif ﷺ farmaya karte the ke mujhe Rasool Allah ﷺ ki is dua se zyada apne kisi amal par bakhshish ki umeed nahi. [Mustadrak Hakim]

106. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: أَرْسَلَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِهِ إِلَى رَأْسٍ مِنْ رُءُوسِ الْمُشْرِكِينَ يَدْعُوهُ إِلَى اللهِ. فَقَالَ: هَذَا الْإِلٰهُ الَّذِي تَدْعُو إِلَيْهِ، أَمِنْ فِضَّةٍ هُوَ؟ أَمْ مِنْ نُحَاسٍ هُوَ؟ فَتَعَاظَمَ مَقَالَتُهُ فِي صَدْرِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ. فَقَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهِ فَادْعُهُ إِلَى اللهِ. فَرَجَعَ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَقَالَتِهِ. فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ. فَقَالَ:

ارْجِعْ إِلَيْهِ فَادْعُهُ إِلَى اللهِ. وَرَسُولُ اللهِ ﷺ فِي الطَّرِيقِ لَا يَعْلَمُ. فَأَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَأَخْبَرَهُ أَنَّ اللهَ قَدْ أَهْلَكَ صَاحِبَهُ. وَنَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ: وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللهِ. رواه ابو يعلى، قال المحقق: اسناده حسن 351/3

Hazrat Anas ﷺ *farmate hain ke* Rasool Allah ﷺ ne ek sahabi ko mushrikeen ke sardaron mein se ek sardar ke paas Allah Ta'ala ki taraf dawat dene ke liye bheja (chunacha inhone ja kar isko dawat di) is mushrik ne kaha ke jis ma'bood ki taraf tum mujhe dawat derahe ho wo chaandi ka bana hua hai ya tambe ka? Is mushrik ki ye baat Rasool Allah ﷺ ki taraf se bheji hui qasid ko bahut nagawaar guzri. Wo Rasool Allah ﷺ ke paas aaye aur Aap ko mushrik ki ye baat batayi. *Aap* ﷺ *ne sahabi se irshaad farmaya*: Tum dobara is mushrik ko ja kar dawat do. Chunache inhone dobara ja kar dawat di. Mushrik ne apni pehli baat dohrayi. Wo sahabi Rasool Allah ﷺ ke paas aaye mushrik ki baat batayi. *Aap* ﷺ *phir irshaad farmaya:* Jao isko dawat do (chunache wo sahabi teesri martaba dawat dene ke liye tashreef le gaye) phir wapis aakar Rasool Allah ﷺ ko bataya ke Allah Ta'ala ne to is mushrik ko (bijli ki kadhak bhej kar) halak kardiya hai. Rasool Allah ﷺ raaste mein the Aap ko is waqiya ka ilm nahi tha is mauqe par Rasool Allah ﷺ par Allah Ta'ala ka ye irshaad nazil hua: وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللهِ TARJUMA:Aur Allah Ta'ala zameen ki taraf bijliyan bhejte hain phir jis par chahe giradete hain aur ye log Allah Ta'ala ke bare mein jhagadte hain.

[Abu Ya'la]

107. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضي الله عنه حِينَ بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ: إِنَّكَ سَتَأْتِي قَوْمًا أَهْلَ كِتَابٍ، فَإِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلَى أَنْ يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ، فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللهِ حِجَابٌ.

رواه البخاري، باب أخذ الصدقة من الأغنياء...، رقم: 1496

Hazrat Ibn Abbas ؓ *farmate hain ke* jab Rasool Allah ﷺ ne Hazrat Mu'az Bin Jabl ؓ ko yemen bheja to inko ye hidayat dein ke tum aisi qaum ke paas ja rahe ho jo ahele kitaab hai. Jab tum inke paas pahunch jao to inko is baat ki dawat dena ke wo ye gawahi dein ke Allah Ta'ala ke siwa koi ma'bood nahi hai aur Mohammed ﷺ Allah Ta'ala ke Rasool hain. Agar wo tumhari baat maanle to phir inko batana ke Allah Ta'ala ne in par din raat mein paanch namazein farz kiye hain. Agar wo tumhari ye baat bhi maanle to phir inko batana ke Allah Ta'ala ne in par zakat farz ki hai jo inke maldaron se le kar inke gareebon ko di jayegi. Agar wo tumhari ye baat bhi maanle to phir inke umdah maalon ke lene se bachna yani zakat mein darmiyana darje ka maal lena umdah maal na lena aur mazloom ki badua se bachna kyun ke is ki badua aur Allah Ta'ala ke darmiyan koi aadh nahi.

[Bukhari]

108. عَنِ الْبَرَاءِ ؓ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ إِلَى أَهْلِ الْيَمَنِ يَدْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ. قَالَ الْبَرَاءُ: فَكُنْتُ فِيمَنْ خَرَجَ مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ فَأَقَمْنَا سِتَّةَ أَشْهُرٍ يَدْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَلَمْ يُجِيبُوهُ. ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ؓ فَأَمَرَهُ أَنْ يُقْفِلَ خَالِدًا إِلَى رَجُلٍ كَانَ مِمَّنْ يَمَّمَ مَعَ خَالِدٍ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُعَقِّبَ مَعَ عَلِيٍّ فَلْيُعَقِّبْ مَعَهُ. قَالَ الْبَرَاءُ: فَكُنْتُ فِيمَنْ عَقَّبَ مَعَ عَلِيٍّ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنَ الْقَوْمِ خَرَجُوا إِلَيْنَا ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَلَّى بِنَا عَلِيٌّ ثُمَّ صَفَّنَا صَفًّا وَاحِدًا. ثُمَّ تَقَدَّمَ بَيْنَ أَيْدِينَا وَقَرَأَ عَلَيْهِمْ كِتَابَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَأَسْلَمَتْ هَمْدَانُ جَمِيعًا. فَكَتَبَ عَلِيٌّ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ بِإِسْلَامِهِمْ. فَلَمَّا قَرَأَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْكِتَابَ خَرَّ سَاجِدًا ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَى هَمْدَانَ، السَّلَامُ عَلَى هَمْدَانَ.

قال البيهقى: رواه البخارى مختصرا من وجه أخر عن ابرهيم بن يوسف، البداية والنهاية 101/5

Hazrat Bara'a ؓ *farmate hain ke* Rasool Allah ﷺ ne Hazrat Khalid Bin Waleed ؓ ko islam ki dawat dene ke liye yemen bheja. Hazrat Khalid Bin Waleed ke saath jane wali jamaat mein, mai bhi tha. Hum cheh(6) mahine wahan tehre. Hazrat Khalid ؓ inko dawat dete rahe lekin inhone is dawat ko qubool

na kiya. Phir Rasool Allah ﷺ ne Hazrat Ali Bin Abi Talib رضي الله عنه ko wahan bheja aur in se farmaya ke Hazrat Khalid ko to wapis bhej dein aur in ke saathiyon mein se jo tumhare saath wahan rehna chahe wo reh jayein. Chunache Hazrat Bara'a رضي الله عنه farmate hain ke mai bhi un logaon mein tha jo Hazrat Ali رضي الله عنه ke saath teher gaye. Jab hum yemen walaon ke bikul qareeb pahunche to wo bhi nikal kar humare samne aagaye. Hazrat Ali رضي الله عنه ne aage badh kar hamein namaz padhayi phir hamari ek saf banayi aur hum se aage badh kar inko Rasool Allah ﷺ ka khat sunaya. Khat sunkar qabila Hamdaan sara hi musalman hogaya. Hazrat Ali رضي الله عنه ne Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein qabila hamdaan ke musalman hone ki khush khabri ka khat bheja. Jab Rasool Allah ﷺ ne wo khat padha to (khushi ki wajha se) sajde mein girgaye, phir Aap ne sajde se sar utha kar qabila hamdaan ko dua di ke hamdaan par salamati ho, hamdaan par salamati ho. [Baihaqi]

109. عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَنْفَقَ نَفَقَةً فِي سَبِيلِ اللهِ، كُتِبَتْ لَهُ بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ.

رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن، بَاب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللهِ، رقم: 1625

Hazrat Khareem Bin Faatik رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs Allah Ta'ala ke raaste mein kuch kharch karta hai iske naame aamal mein saat sau gunah likha jata hai. [Tirmizi]

110. عَنْ مُعَاذٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الصَّلَاةَ وَالصِّيَامَ وَالذِّكْرَ يُضَاعَفُ عَلَى النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ.

رواه ابو داؤد، اب فِي تَضْعِيفِ الذِّكْرِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ، رقم: 2498

Hazrat Mu'az رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Bilashuba Allah Ta'ala ke raaste mein namaz, roza aur zikr ka sawab Allah Ta'ala ki raah mein maal kharch karne ke sawab se saat sau guna bada diya jata hai. [Abu Dawood]

111. عَنْ مُعَاذٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الذِّكْرَ فِي سَبِيلِ اللهِ تَعَالَى يُضَعَّفُ فَوْقَ النَّفَقَةِ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، قَالَ يَحْيَى فِي حَدِيثِهِ: بِسَبْعِ مِائَةِ أَلْفِ ضِعْفٍ. رواه احمد 438/3

Hazrat Mu'az ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Bilashuba Allah Ta'ala ke raaste mein zikr ka sawab (Allah Ta'ala ke raaste mein) kharch karne ke sawab se saat sau guna badha diya jata hai. Ek riwayat mein hai ke saat lakh guna sawab badha diya jata hai. [Musnad Ahmad]

112. عَنْ مُعَاذٍ ؓ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَرَأَ أَلْفَ آيَةٍ فِي سَبِيلِ اللهِ كَتَبَهُ اللهُ مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ.

رواه الحاكم وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي 87/2

Hazrat Mu'az Jahni ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jis ne Allah Ta'ala ke raaste mein Hazar aayatein tilawat ki Allah Ta'ala isse anbiya, sidiqeen, shudaye aur naik logaon ki jamaat mein likh denge. [Mustadrak Hakim]

113. عَنْ عَلِيٍّ ؓ قَالَ: مَا كَانَ فِينَا فَارِسٌ يَوْمَ بَدْرٍ غَيْرَ الْمِقْدَادِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا فِينَا إِلَّا نَائِمٌ إِلَّا رَسُولَ اللهِ ﷺ تَحْتَ شَجَرَةٍ يُصَلِّي وَيَبْكِي حَتَّى أَصْبَحَ. رواه احمد 125/1

Hazrat Ali ؓ farmate hain ke Badar ke din Hazrat Maqdar ؓ ke alawa hum mein aur koi ghode par sawar nahi tha. Maine dekha ke Rasool Allah ﷺ ke alawa hum sab soye hue the. Rasool Allah ﷺ ek darkht ke neeche namaz padhte rahe aur rote rahe yahan tak ke subah hogayi. [Musnad Ahmad]

114. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللهِ بَاعَدَ اللهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ بِذَلِكَ الْيَوْمِ سَبْعِينَ خَرِيفًا. رواه النسائي، باب ثواب من صام.... رقم: 2247

Hazrat Abu Sayeed Khudri ؓ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jo shakhs ek din Allah Ta'ala ke raaste mein roza rakhe Allah Ta'ala isse is ek din ke badle dozakh aur is shakhs ke darmiyan sattar saal (70) ka fasla kardenge. [Nisai]

115. عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ ﷺ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللهِ، بَعُدَتْ مِنْهُ النَّارُ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ. رواه الطبراني في الكبير والاوسط ورجاله موثقون، مجمع الزوائد 3/444

Hazrat Omer Bin Absa ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jis ne ek din Allah Ta'ala ke raaste mein roza rakha is se jahanum ki aag sau saal ki masafat ke baqdr door hojayegi. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

116. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللهِ، جَعَلَ اللهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ. رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن غريب، بَاب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الصَّوْمِ فِي سَبِيلِ اللهِ، رقم: 1624

Hazrat Abu Umama Bahli ﷺ se riwayat hai ke Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya: Jis ne Allah Ta'ala ke raaste mein ek din roza rakha Allah Ta'ala is ke aur dozakh ke darmiyan itni badi khandaq ko aadh banadete hain jitna aasman wa zameen ke darmiyan fasla hai. [Tirmizi]

117. عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ أَكْثَرُنَا ظِلًّا الَّذِي يَسْتَظِلُّ بِكِسَائِهِ، وَأَمَّا الَّذِينَ صَامُوا فَلَمْ يَعْمَلُوا شَيْئًا، وَأَمَّا الَّذِينَ أَفْطَرُوا فَبَعَثُوا الرِّكَابَ وَامْتَهَنُوا وَعَالَجُوا، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ذَهَبَ الْمُفْطِرُونَ الْيَوْمَ بِالْأَجْرِ. رواه البخاري، بَاب فَضْلِ الْخِدْمَةِ فِي الْغَزْوِ، رقم: 2890

Hazrat Anas ﷺ farmate hain ke hum log Rasool Allah ﷺ ke saath the hum mein sabse zyada saya wala shakhs wo tha jisne apni chadar se saya kiya hua tha. Jinhone roza rakha hua tha wo to kuch na karsake aur jinhone roza nahi rakha tha inhone sawariyon ko (paani peene aur charne ke liye) bheja aur khidmat ke kaam mehnat aur mashaqqat se kiye. Ye dekh kar *Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Jin logaon ne roza nahi rakha wo aaj sara sawab legaye. [Bukhari]

118. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فِي رَمَضَانَ، فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَلَا يَجِدُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ، وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ، يَرَوْنَ أَنَّ مَنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ، ذٰلِكَ حَسَنٌ، وَيَرَوْنَ أَنَّ مَنْ وَجَدَ ضَعْفًا فَأَفْطَرَ، فَإِنَّ ذٰلِكَ حَسَنٌ.

رواه مسلم، باب جواز الصوم والفطر في شهر رمضان....، رقم: 2618

Hazrat Abu Sayeed khudri رضي الله عنه farmate hain ke hum log ramzan ke mahine mein Rasool Allah ﷺ ke saath gazwah (jung) mein jaya karte the to humare kuch saathi roza rakhlete aur kuch saathi roza na rakhte. Rozedaar roza na rakhne walaon par naraaz na hote aur roza na rakhne wale rozedaaron par naraaz na hote. Sab ye samajhte the ke jo apne mein himmat mehsoos karta hai aur is ne roza rakhliya is ke liye aisa karna hi theek hai aur jo apne mein kamzori mehsoos karta hai aur is ne roza nahi rakha is ne bhi theek kiya.

[Muslim]

119. عَنْ عَبْدِ اللهِ الْخَطْمِيِّ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْتَوْدِعَ الْجَيْشَ، قَالَ: أَسْتَوْدِعُ اللهَ دِينَكُمْ وَأَمَانَتَكُمْ وَخَوَاتِيمَ أَعْمَالِكُمْ.

رواه ابو داود، بَاب فِي الدُّعَاءِ عِنْدَ الْوَدَاعِ، رقم: 2601

Hazrat Abdullah khatmi رضي الله عنه farmate hain ke Rasool Allah ﷺ jab kisi lashkar ko rawana farmane ka irada karte to irshaad farmate:

أَسْتَوْدِعُ اللهَ دِينَكُمْ وَأَمَانَتَكُمْ وَخَوَاتِيمَ أَعْمَالِكُم

Tarjuma: Mai tumhare deen ko, tumhari amanataon ko aur tumhare amaal ke khatmaon ko Allah Ta'ala ke hawale karta hoon (jis ki hifazat mein di hui cheezein zaya nahi hoti).

[Abu Dawood]

FAIDA: Amanaton se muraad ahel-o-ayaal, maal daulat aur saaz wa samaan hai ke ye sab cheezein Allah Ta'ala ki taraf se bande ke paas amanat ke taur par rakhwayi gayi hai is tarah wo amanatein bhi muraad hai jo jaane waale musafir ke paas logaon ki rakhi hui hoon ya logaon ke paas is musafir ne rakhwayi ho. Is mukhtasar

jumle mein kaisi jaame dua di gayi hai ke Allah Ta'ala tumhare deen ki ahel-o-ayaal ki maal wa daulat ki hifazat farmaye aur tumhare amaal ka khatma bakhair farmaye..

120. عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا ﷺ وَأُتِيَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا. فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ قَالَ: بِسْمِ اللهِ. فَلَمَّا اسْتَوَى عَلَى ظَهْرِهَا قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ. ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ. ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: اللهُ أَكْبَرُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. ثُمَّ قَالَ: "سُبْحَانَكَ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ. ثُمَّ ضَحِكَ فَقِيلَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ! مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ؟ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَعَلَ كَمَا فَعَلْتُ. ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ! مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ؟ قَالَ: إِنَّ رَبَّكَ تَعَالَى يَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ: اِغْفِرْ لِي ذُنُوبِي يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ غَيْرِي.

رواه ابو داؤد، بَاب مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا رَكِبَ، رقم : 2602

Hazrat Ali Bin Rabiya " riwayat karte hain ke mai Hazrat Ali ﷺ ke paas hazir hua. Aap ke samne sawari ke liye ek janwar laya gaya. Jab aap ne apna paun rikab mein rakha to farmaya: بِسْمِ اللهِ phir jab sawari ki pasht par baith gaye to farmaya: الْحَمْدُ لِلَّهِ phir farmaya:

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ

TARJUMA: Paak hai wo zaat jis ne is sawari ko humare qabu mein kardiya jab ke hum to isko qabu mein karne wale na the aur bilashuba hum apne Rabb hi ki taraf laut kar jane wale hain. Phir teen martaba الْحَمْدُ لِلَّهِ aur teen martaba اللهُ أَكْبَرُ kehne ke baad farmaya: سُبْحَانَكَ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ Tarjuma: Aap paak hain maine (nafarmani kar ke) apne upar bahut zulm kiya, aap mujhe mu'af farmadijiye aap ke siwa koi gunahon ko mu'af nahi karsakta. Phir Hazrat Ali ﷺ hasse. *Aap se pochca gaya:* Aap kis wajha se hasse? *Aap ne farmaya:* Maine Rasool Allah ﷺ ko issi tarah karte hue dekha jaise maine kiya (ke Aap ne dua

padhi) phir hasse. *Maine arz kiya:* Ya Rasool Allah! Aap kis baat par hasse? to *Aap ne irshaad farmaya:* Tumhare Rabb apne bande se khush hote hain jab wo kehta hai mere gunah ko mu'af farmadijiye is liye ke banda janta hai ke mere siwa gunahaon ka bakshne wala koi nahi. [Abu Dawood]

FAIDA: Rikab lohe se bane hue us halqe ko kehte hai jo ghode ki zaen mein dono taraf latakta rehta hai aur sawar isper paun rakh kar ghode par chadta hai.

121. أَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ إِذَا اسْتَوَى عَلَى بَعِيرِهِ خَارِجًا إِلَى سَفَرٍ، كَبَّرَ ثَلَاثًا. ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا، وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ. اللّٰهُمَّ! إِنَّا نَسْأَلُكَ فِي سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوَى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضَى. اللّٰهُمَّ! هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا، وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ. اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ. اللّٰهُمَّ! إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ، وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ. وَإِذَا رَجَعَ، قَالَ: هُنَّ وَزَادَ فِيهِنَّ: آيِبُونَ، تَائِبُونَ، عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ.

رواه مسلم، باب استحباب الذكر اذا ركب دابته...، رقم : 3275

Hazrat Abdullah Bin Omer ﷺ *se riwayat hai ke* Rasool Allah ﷺ jab safar mein jaane ke liye sawari par baith jaate to teen martaba اللهُ أَكْبَرُ farmate phir ye dua padhte:

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا، وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ. اللّٰهُمَّ! إِنَّا نَسْأَلُكَ فِي سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوَى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضَى، اللّٰهُمَّ! هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا، وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ، اللّٰهُمَّ! إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ، وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ

TARJUMA: Paak hai wo zaat jis ne is sawari ko humare qabu mein kar diya jab ke hum to is ko qabu mein karne wale na the aur bilashuba hum apne Rabb hi ki taraf laut kar jane wale hain. Ae Allah! hum apne is safar mein Aap se naiki aur taqwa aur aise amal ka sawal karte hain jis se Aap razi hoon. Ae Allah

humare is safar ko humare liye asaan farmadein aur iski doori ko humare liye muqtesar farmadein. Ae Allah Aap hi humare is safar mein humare saathi hain aur humare peeche Aap hi humare ghar walaon ke nigehbaan hai. Ae Allah! mai Aap se safar ki mashaqqat se, safar mein kisi takleefda manzar ko dekhne se aur wapisi par maal aur ahel-o-ayaal mein kisi takleefdah cheez ke paane se panah chahta hoon.

Aur jab safar se wapis tashreef late to yahi dua padhte aur in alfaaz ka izafa farmate: آيِبُونَ ، تَائِبُونَ ، عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ "Hum safar se wapis aane wale hain tauba karne wale hain, ibadat karne wale hain aur apne Rabb ki tareef karne wale hain". [Muslim]

122. عَنْ صُهَيْبٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَرَ قَرْيَةً يُرِيدُ دُخُولَهَا إِلَّا قَالَ حِينَ يَرَاهَا: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَإِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هَذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا.

رواه الحاكم وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي 100/2

Hazrat Suhaib رضي الله عنه *farmate hain ke* Rasool Allah ﷺ jab bhi kisi basti mein dakhil hone ka irada farmate to isse dekh kar ye dua padhte:

اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَإِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هَذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا

TARJUMA: Ae Allah! jo Rabb hain saaton asmanon ke aur in tamaam cheezon ke jin par saaton aasman saya kiye hue hain, aur jo Rabb hain saaton zameenon ke aur in tamaam cheezon ke jin ko saaton zameenon ne uthaya hua hai, aur jo Rabb hain tamaam shayateen ke aur in sab ke jin ko shayateen ne gumraah kiya hai, aur jo Rabb hain hawaon ke aur in cheezon ke jinhe

hawaon ne udhaya hai, hum Aap se is basti ki khair aur is basti walaon ki khair maangte hain, aur Aap se is basti ke shar aur is basti walaon ke shar aur is basti mein jo kuch hai is ke shar se panah maangte hain. [Mustadrak Hakim]

123. عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ السُّلَمِيَّةِ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا تَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا، ثُمَّ قَالَ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ حَتَّى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ ذَلِكَ.

رواه مسلم، باب في التعوذ من سوء القضاء...، رقم: 6878

Hazrat Khaula Bint Hakeem Salmiya ؓ *farmati hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs kisi jaga par utar kar أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ padhe "mai Allah Ta'ala ke saare (nafa dene wale, shafa dene wale) kalimaat ke zariye iski tamaam makhlooq ke shar se panah chahta hoon", to isse koi cheez is jaga se rawana hone tak nuqsaan nahi pahunchayegi. [Muslim]

124. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ؓ قَالَ: قُلْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَا رَسُولَ اللهِ! هَلْ مِنْ شَيْءٍ نَقُولُهُ فَقَدْ بَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ قَالَ: نَعَمْ! اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا، وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا، قَالَ: فَضَرَبَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وُجُوهَ أَعْدَائِهِ بِالرِّيحِ، فَهَزَمَهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ بِالرِّيحِ.

رواه احمد 3/3

Hazrat Abu Sayeed Khudri ؓ *farmate hain ke gazwah khandaq ke din hum logaon ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! kya is mauqa par padhne ke liye koi dua hai jise hum padhe kyunke kaleje moo ko aachuke hain yani sakht ghabrahat ka haal hai. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Haan ye dua padho: اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا، وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا Tarjuma: Ya Allah! (dushman ke muqabile mein) jo humari kamzoriyan hain in par pardah daal dein aur hume khauf ki cheezon se aman aata farmaein.

Hazrat Abu Sayeed Khudri ؓ *farmate hain ke* (hum ne ye dua padhni shuru kardi jis ki barkat se) Allah Ta'ala ne sakht hawa bhej kar dushmanon ke chehre ko phair diya (aur yun) Allah ta'ala ne in ko hawa ke zariye shikast dedi. [Musnad Ahmad]

125. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللهِ دَعَاهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّ خَزَنَةِ بَابٍ: أَيْ فُلُ هَلُمَّ. قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللهِ! ذَاكَ الَّذِي لَا تَوَى عَلَيْهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ. رواه البخاري، باب فضل النفقة في سبيل الله، رقم : 2841

Hazrat Abu Huraira ﷺ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs kisi cheez ka joda (masalan do ghode, do kapde, do dirham, do gulaam waghaira) Allah Ta'ala ke raaste mein kharch karega to isse jannat ke (tamaam) daroga bulayenge (jannat ke) har darwaze ka daroga (apni taraf bulaye ga) ke ae falan! is darwaze se (isper) *Hazrat Abu Bakar* ﷺ *ne arz kiya*: Ya Rasool Allah! phir to is shakhs ko koi kauf nahi rahega. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya*: Mujhe poori umeed hai ke tum bhi inhi mein se honge (jinhe har darwaze se bulaya jayega). [Bukhari]

126. عَنْ ثَوْبَانَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَفْضَلُ دِينَارٍ دِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى عِيَالِهِ، وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ عَلَى فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللهِ، وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى أَصْحَابِهِ فِي سَبِيلِ اللهِ.

رواه ابن حبان، قال المحقق: اسناده صحيح 503/10

Hazrat Saubaan ﷺ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Afzal denar wo hai jise aadmi apne ghar walaon par kharch karta hai, aur wo denar afzal hai jise aadmi Allah Ta'ala ke raaste mein apne ghode par kharch karta hai, aur wo denar afzal hai jise aadmi Allah Ta'ala ke raaste mein apne saathiyon par kharch karta hai (denar sone ke sikke ka naam hai). [Ibn Hibban]

127. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ مَشُورَةً لِأَصْحَابِهِ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ.

رواه الترمذي، باب ماجا في المشورة، رقم : 1714

Hazrat Abu Huraira ﷺ *farmate hain ke* maine Rasool Allah ﷺ se zyada apne saathiyon se mashwara karne wala koi nahi dekha yani Aap bahut zyada mashwara farmaya karte the. [Tirmizi]

128. عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ! إِنْ نَزَلَ بِنَا أَمْرٌ لَيْسَ فِيهِ بَيَانُ أَمْرٍ وَلَا نَهْيٍ فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: شَاوِرُوا فِيهِ الْفُقَهَاءَ وَالْعَابِدِينَ، وَلَا تُمْضُوا فِيهِ رَأْيَ خَاصَّةٍ.

رواه الطبراني في الاوسط ورجاله موثقون من أهل الصحيح، مجمع الزوائد، 428/10

Hazrat Ali رضي الله عنه *se riwayat hai ke maine arz kiya:* Ya Rasool Allah! agar humare saath koi aisa muamla pesh ajaye jis mein humare liye Aapki taraf se koi wazeh hukm karne ya na karne ka na ho to is baare mein Aap humein kya hukm farmate hain? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Is surat mein deen ki samajh rakhne waalon aur ibadat guzaron se mashwara karliya karo aur kisi ki enfaradi raye par faisla na karna. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

129. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ الآية قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَمَا إِنَّ اللهَ وَرَسُولَهُ غَنِيَّانِ عَنْهَا، وَلٰكِنْ جَعَلَهَا اللهُ رَحْمَةً لِأُمَّتِي، فَمَنْ شَاوَرَ مِنْهُمْ لَمْ يُعْدَمْ رُشْدًا، وَمَنْ تَرَكَ الْمَشُورَةَ مِنْهُمْ لَمْ يُعْدَمْ عَنَاءً. رواه البيهقي 86/6

Hazrat Ibn Abbas رضي الله عنه *farmate hain ke jab ye aayat nazil hui:* ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ "Aur inse ahem kaamon mein mashwara karte raha kijiye" to *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala aur iske Rasool ko to mashwara ki zarurat nahi hai albatta Allah Ta'ala ne isko meri ummat ke liye rehmat ki cheez banadiya. Chunache meri ummat mein se jo shakhs mashwara karta hai wo seedhi rah par rehta hai. Aur meri ummat mein se jo mashwara nahi karta wo pareshan hi rehta hai. [Baihaqi]

130. عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: حَرَسُ لَيْلَةٍ فِي سَبِيلِ اللهِ تَعَالَى، أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ لَيْلَةٍ يُقَامُ لَيْلُهَا، وَيُصَامُ نَهَارُهَا. رواه احمد 61/1

Hazrat Osman Bin Affan رضي الله عنه *farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko irshaad farmate hue suna:* Allah Ta'ala ke raaste mein ek raat ka pehra dena in hazaar raaton se behtar hai jin mein raat bhar khade hokar Allah Ta'ala ki ibadat ki jaye aur din mein roza rakha jaye. [Musnad Ahmad]

131. عَنْ سَهْلِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ (يَوْمَ حُنَيْنٍ): مَنْ يَحْرُسُنَا اللَّيْلَةَ؟ قَالَ أَنَسُ بْنُ أَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: أَنَا يَا رَسُولَ اللهِ! قَالَ فَارْكَبْ، فَرَكِبَ فَرَسًا لَهُ فَجَاءَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ: اِسْتَقْبِلْ هَذَا الشِّعْبَ حَتَّى تَكُونَ فِي أَعْلَاهُ، وَلَا نُغَرَّنَّ مِنْ قِبَلِكَ اللَّيْلَةَ. فَلَمَّا أَصْبَحْنَا خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَى مُصَلَّاهُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ أَحْسَسْتُمْ فَارِسَكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! مَا أَحْسَسْنَاهُ. فَثُوِّبَ بِالصَّلَاةِ فَجَعَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُصَلِّي وَهُوَ يَلْتَفِتُ إِلَى الشِّعْبِ حَتَّى إِذَا قَضَى صَلَاتَهُ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَبْشِرُوا فَقَدْ جَاءَكُمْ فَارِسُكُمْ. فَجَعَلْنَا نَنْظُرُ إِلَى خِلَالِ الشَّجَرِ فِي الشِّعْبِ فَإِذَا هُوَ قَدْ جَاءَ حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَسَلَّمَ وَقَالَ: إِنِّي انْطَلَقْتُ حَتَّى كُنْتُ فِي أَعْلَى هَذَا الشِّعْبِ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَلَمَّا أَصْبَحْتُ اطَّلَعْتُ الشِّعْبَيْنِ كِلَيْهِمَا، فَنَظَرْتُ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ: هَلْ نَزَلْتَ اللَّيْلَةَ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا مُصَلِّيًا أَوْ قَاضِيًا حَاجَةً. فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ: قَدْ أَوْجَبْتَ فَلَا عَلَيْكَ أَنْ لَا تَعْمَلَ بَعْدَهَا.

رواه ابو داؤد، باب فی فضل الحرس فی سبیل الله عزوجل، رقم: 2501

Hazrat Sahel Bin Hanzilya رضی الله عنہ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne (Hunain ke mauqe par) irshaad farmaya:* Aaj raat hamara pehra kaun dega? *Hazrat Anas Bin Abbi Marsad Ganvi* رضی الله عنہ *ne farmaya:* Ya Rasool Allah! mai (pehra doonga) *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Sawar ho jao. Chunacha wo apne ghode par sawar hokar Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein aaye. *Aap* ﷺ *ne in se irshaad farmaya:* saamne is ghaati ki taraf chale jao aur is ghaati ki sab se oonchi jagah pahunch jao. (Wahan pehra dena aur khoob chaukanna hokar rehna) kahin aisa na hoke tumhari gaflat aur laparwahi ki wajha se aaj raat hum dushman ke dhoke mein aajaye *(Hazrat Sahel* رضی الله عنہ *farmate hain ke)* jab subah hui to Rasool Allah ﷺ apni namaz ki jagah par tashreef legaye aur do rakaat (fajr ki sunnatein) padhein. *Phir Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Kya tumhe apne sawar ka kuch pata laga? *Sahaba* رضی الله عنہم *ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! humme to inka kuch pata nahi. Phir

namaz (fajr) ki aqamat hui, namaz ke dauraan Rasool Allah ﷺ ki tawajha ghaati ki taraf rahi. *Jab Rasool Allah ﷺ ne namaz puri farmakar salaam phera to irshaad farmaya:* Tumhein khushkhabri ho tumhara sawar aagaya hai. Hum logaon ne ghaati ke darkhtaun ke darmiyan dekhna shura kiya to Hazrat Anas Bin Abbi Marsad aarahe the. Chunacha inho ne Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein haazir hokar salaam kiya aur arz kiya ke mai (yahan se) chala aur chalet chalte is ghaati ki sabse oonchi jagah pahunch gaya jahan jaane ka mujh ko Rasool Allah ﷺ ne hukm diya tha (mai raat bhar wahan pehra deta raha) jab subah hui to maine dono ghaatiyon par chad kar dekha, mujhe koi nazar na aaya. Rasool Allah ﷺ ne inse poocha: Kya tum raat ko kisi waqt apni sawari se neeche uthre? unho ne kaha nahi, sirf namaz padhne aur qazaye hajat ke liye uthra tha. *Aap ﷺ ne inse irshaad farmaya* ke tum ne (aaj raat pehra dekar Allah Ta'ala ke fazal se apne liye jannat) wajib karli hai lehaza (pehre ke) is amal ke baad agar tum koi bhi (nafili) amal na karo to tumhara koi nuqsaan nahi. [Abu Dawood]

.132 عَنِ ابْنِ عَائِذٍ رضي الله عنه خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ فَلَمَّا وُضِعَ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: لَا تُصَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُولَ اللهِ فَإِنَّهُ رَجُلٌ فَاجِرٌ، فَالْتَفَتَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَى النَّاسِ، فَقَالَ: هَلْ رَآهُ أَحَدٌ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلِ الْإِسْلَامِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللهِ، حَرَسَ لَيْلَةً فِي سَبِيلِ اللهِ، فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَحَثَى التُّرَابَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: أَصْحَابُكَ يَظُنُّونَ أَنَّكَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَأَنَا أَشْهَدُ أَنَّكَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَقَالَ: يَا عُمَرُ! إِنَّكَ لَا تُسْأَلُ عَنْ أَعْمَالِ النَّاسِ، وَلَكِنْ تُسْأَلُ عَنِ الْفِطْرَةِ. رواه البيهقي في شعب الايمان 43/4

Hazrat Ibn Aaiz رضي الله عنه *farmate hain ke* Rasool Allah ﷺ ek shakhs ke janaaze ke liye bahar tashreef laye. Jab wo janaaza rakha gaya to *Hazrat Omer Bin Khattab* رضي الله عنه *ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Aap iski namaz janaaza na padhe kyunke ye faasiq shakhs tha (ye sunkar) *Rasool Allah ﷺ ne logaon ki taraf mutwajha hokar*

farmaya: kya tum mein se kisi ne isko Islam ka koi kaam karte dekha hai? ek shakhs ne arz kiya: Ji haan ya Rasool Allah! unho ne ek raat Allah Ta'ala ke raaste mein pehra diya hai. Chunacha Rasool Allah ﷺ ne inki namaz janaza padhayi aur inki khabar par mitti bhi daali. Is ke baad (maiyat ko mukhatib karke) *farmaya:* Tumhare saathiyon ka to gumaan ye hai ke tum dozakhi ho aur mai is baat ki gawahi deta hoon ke tum jannati ho. *Phir Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Omer! tumse logaon ke amaal bad ke baare mein nahi poocha jaraha hai balke naik aamal ke baare mein poocha ja raha hai. [Baihaqi]

133. حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ قَالَ: سَأَلْتُ سَفِينَةَ عَنِ اسْمِهِ، فَقَالَ: أَنَا مُخْبِرُكَ بِاسْمِي، سَمَّانِي رَسُولُ اللهِ ﷺ سَفِينَةَ. قُلْتُ: لِمَ سَمَّاكَ سَفِينَةَ؟ قَالَ: خَرَجَ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ، فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ مَتَاعُهُمْ، فَقَالَ: اُبْسُطْ كِسَاءَكَ فَبَسَطْتُهُ، فَجَعَلَ فِيهِ مَتَاعَهُمْ، ثُمَّ حَمَلَهُ عَلَيَّ، فَقَالَ: احْمِلْ، مَا أَنْتَ إِلَّا سَفِينَةٌ قَالَ: فَلَوْ حَمَلْتُ يَوْمَئِذٍ وقر بَعِيرٍ أَوْ بَعِيرَيْنِ أَوْ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ مَا ثَقُلَ عَلَيَّ.

حلية الاولياء 369/1 وذكره فى الاصابة بنحوه 258/2

Hazrat Sayeed Bin Jumhaan ؓ *kehta hain* maine Hazrat Safeena ؓ se inke naam ke baare mein poocha (ke ye naam kis ne rakha hai?) unho ne kaha: mai tumhein apne naam ke baare mein batata hoon. Rasool Allah ﷺ ne mera naam safeena rakha. *Maine poocha:* Aapka naam safeena kyun rakha? *inho na farmaya:* Rasool Allah ﷺ ek martaba safar mein tashreef legaye aur Aap ﷺ ke saath sahaba ؓ bhi the. Inka saaman inper bhaari hogaya tha. *Rasool Allah ﷺ ne mujh se irshaad farmaya:* Apni chaadar bichaao, maine bichaadi. Aapne is chaadar mein sahaba ka saaman bandh kar mere upar rakhdiya aur *farmaya:* Isse uthaalo tum to Safeena yani kashti hi ho. Hazrat Safeena ؓ farmate hain ke agar is din mai ek ya do to kya paanch ya cheh ounton ka bhi bojh uthaa leta to wo mujh par bhaari na hota.

134. عَنْ أَحْمَرَ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَ: كُنَّا فِي غَزَاةٍ فَجَعَلْتُ أَعْبُرُ النَّاسَ فِي وَادٍ أَوْ نَهْرٍ فَقَالَ لِي النَّبِيُّ ﷺ: مَا كُنْتَ مُنْذُ الْيَوْمِ إِلَّا سَفِينَةً. الاصابة 23/1

Hazrat Umme Salma ؓ *ke azaad karda gulaam Hazrat Ahmer* ؓ *farmate hain ke* hum log ek gazwah mein Rasool Allah ﷺ ke saath the (ek waadi ya neher par se hum logaon ka guzra hua) to mai logaon ko waadi ya neher paar karane laga. Ye dekh kar *Nabi Kareem* ﷺ *ne mujh se irshaad farmaya:* Tum to aaj Safeena (kashti) bangaye ho. [Isabah]

135. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ؓ قَالَ: كُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ كُلُّ ثَلَاثَةٍ عَلَى بَعِيرٍ، قَالَ: فَكَانَ أَبُو لُبَابَةَ وَعَلِيُّ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ زَمِيلَيْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: فَكَانَتْ إِذَا جَاءَتْ عُقْبَةُ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَا: نَحْنُ نَمْشِي عَنْكَ، قَالَ: مَا أَنْتُمَا بِأَقْوَى مِنِّي، وَمَا أَنَا بِأَغْنَى عَنِ الْأَجْرِ مِنْكُمَا.

رواه البغوی فی شرح السنة، قال المحق: اسناده حسن 35/11

Hazrat Abdullah Bin Masood ؓ *farmate hain ke* badar ke din humari ye haalat thi ke hum mein se har teen aadmiyon ke darmiyan ek ount tha jis par baari baari sawar hote the. Hazrat Abu Lubaba aur Hazrat Ali Bin Abi Talib ؓ Rasool Allah ﷺ ke ount ke shareek-e- safar the. Hazrat Abdullah ؓ farmate hain ke jab Rasool Allah ﷺ ke utarne ki baari aati to Hazrat Abu Lubaba Aur Hazrat Ali ؓ arz karte ke Aap ke badle hum paidal chalenge (Aap ﷺ ount par hi sawar rahe) Rasool Allah ﷺ farmate tum dono mujh se zyada taqatwar nahi ho aur mai ajar wa sawab ka tum se kum muhtaaj nahi hoon. [Sharah Al-Sunna]

136. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: سَيِّدُ الْقَوْمِ فِي السَّفَرِ خَادِمُهُمْ، فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ لَمْ يَسْبِقُوهُ بِعَمَلٍ إِلَّا الشَّهَادَةَ.

رواه البیہقی فی شعب الایمان 334/6

Hazrat Sahel Bin Saad ؓ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Safar mein jamaat ka zimedaar inka khadim hai. Jo shakhs khidmat karne mein saathiyon se aage badh gaya to iske saathi shahadat ke alawa kisi aur amal ke zariye isse aage nahi badh sakte (yani sab se bada amal shahadat hai iske baad khidmat hai). [Baihaqi]

137. عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الْجَمَاعَةُ رَحْمَةٌ، وَالْفُرْقَةُ عَذَابٌ. (وهو بعض الحديث) رواه عبدالله بن احمد والبزار والطبراني ورجالهم ثقات، مجمع الزوائد 92/5

Hazrat Nomaan Bin Basheer ؓ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Jamaat (ke saath milkar chalna) rehmat hai aur jamaat se alag hona azaab hai. [Musnad Ahmad, Bazzar, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

138. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا أَعْلَمُ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهُ. رواه البخاری، باب السَّيرِ وَحْدَهُ، رقم : 2998

Hazrat Abdullah Bin Omer ؓ se riwayat hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Agar logaon ko tanha safar karne mein in (deeni aur duniyawi) nuqsanat ka ilm hojaye jo mujhe maloom hain to koi sawar raat mein tanha safar karne ki himmat na kare. [Bukhari]

139. عَنْ أَنَسٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ، فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ. رواه ابو داؤد، باب فی الدلجة، رقم : 2571

Hazrat Anas ؓ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Tum jab safar karo to raat ko bhi zaroor kuch safar karliya karo kyunke raat ke waqt zameen lapait di jati hai. [Abu Dawood]

FAIDA: Matlab ye hai ke jab tum kisi safar keliye ghar se niklo to mehez din ke chalne par qana'at na karo balke thoda sa raat ke waqt bhi chala karo kyunke raat ke waqt din jaisi rukawate nahi hoti to safar asaani ke saath jaldi taye hojata hai. Is mafhoom ko zameen ke lapait diye jaane se tabeer farmaya hai.

140. عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ، وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ، وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ. رواه الترمذی وقال: حديث عبدالله بن عمرو احسن، باب ماجاء فی کراهية ان يسافر وحده، رقم : 1674

Hazrat Amr Bin Shoeb apne walid se aur woh apne dada se riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Ek sawar ek shaitaan hai, do sawar do shaitaan hain aur teen sawar jamaat hain.

[Tirmizi]

FAIDA: Hadees paak mein sawar se muraad musafir hai. Matlab ye hai ke tanha safar karne wala ho ya do safar karne waale ho shaitaan inko badi asaani se burayi mein mubtela karsakta hai. Is baat ko wazeh karne ke liye tanha safar karne wala ya do safar karne waalon ko shaitaan farmaya. Is liye safar mein kum se kum teen aadmi hone chahiye taake shaitaan se mehfooz rahe aur namaz bajamaat aada karne aur dusre kaamon mein ek dusre ke madadgar ho.

141. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الشَّيْطَانُ يَهُمُّ بِالْوَاحِدِ وَالِاثْنَيْنِ، فَإِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً لَمْ يَهُمَّ بِهِمْ.

رواه البزار وفيه عبدالرحمن بن ابى الزناد وهو ضعيف وقدوثق، مجمع الزوائد 491/3

Hazrat Abu Huraira رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Shaitaan ek aur do (musafiron) ke saath burayi ka irada karta hai yani nuqsaan pahuchana chahta hai lekin jab (musafir) teen ho to inke saath burayi ka irada nahi karta.

[Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

142. عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: اثْنَانِ خَيْرٌ مِنْ وَاحِدٍ، وَثَلَاثٌ خَيْرٌ مِنَ اثْنَيْنِ، وَأَرْبَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ ثَلَاثَةٍ، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَنْ يَجْمَعَ أُمَّتِي إِلَّا عَلَى هُدًى.

رواه احمد 145/5

Hazrat Abu Zarr رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ne irshaad farmaya: Ek shakhs se do behtar hain aur do se teen behtar hain aur teen se chaar behtar hain lehaza tum jamaat (ke saath rehne) ko laazim pakdo kyunke Allah Ta'ala meri ummat ko hidayat par hi jamaa farmayenge (yani saari ummat gumraahi par kabhi mujtama nahi hosakti lehaza jamaat ke saath rehne wala gumraahi se mehfooz rahega).

[Musnad Ahmad]

143. عَنْ عَرْفَجَةَ بْنِ شُرَيْحٍ الْأَشْجَعِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ يَدَ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ يَرْكُضُ.

(وهو بعض الحديث) رواه النسائي، باب قتل من فارق الجماعة..... رقم: 4025

Hazrat Arfaja Bin Shareeh Ashjayi رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala ka haath jamat par hota hai yani Allah Ta'ala ki khaas madad jamaat ke saath hoti hai lehaza jo shakhs jamaat se alheda ho jata hai shaitaan is ke saath hota hai aur usse uksata rehta hai. [Nisai]

144. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَتَخَلَّفُ فِي الْمَسِيرِ، فَيُزْجِي الضَّعِيفَ وَيُرْدِفُ وَيَدْعُو لَهُمْ.

رواه ابو داؤد، باب في لزوم الساقة، رقم: 2639

Hazrat Jaber Bin Abdullah رضي الله عنه *farmate hain ke* Rasool Allah ﷺ safar mein (tuwazah, dusron ki madad aur khabargiri ke liye) qafile se peeche chala karte the. Chunacha Aap ﷺ kamzor (ki sawari) ko hanka karte aur jo shakhs paidal chal raha hota isko apne peeche sawar karlete aur in (qafile waalaon) ke liye dua farmate rehte. [Abu Dawood]

145. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوا أَحَدَهُمْ.

رواه ابو داؤد، باب في القوم يسافرون...، رقم: 2608

Hazrat Abu Sayeed Khudri se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jab teen shakhs safar mein nikle to apne mein se kisi ek ko ameer banalein. [Abu Dawood]

146. عَنْ أَبِي مُوسَى رضي الله عنه قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ أَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِي عَمِّي، فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ: يَا رَسُولَ اللهِ! أَمِّرْنَا عَلَى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّا وَاللهِ لَا نُوَلِّي عَلَى هَذَا الْعَمَلِ أَحَدًا سَأَلَهُ، وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ.

رواه مسلم باب النهي عن طلب الإمارة والحرص عليها، رقم: 4717

Hazrat Abu Moosa رضي الله عنه *farmate hain ke* mai aur mere saath mere do chacha zaad bhai Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein hazir

hue. *In mein se ek ne arz kiya:* Ya Rasool Allah! Allah Ta'ala ne Aapko jin ilaqoun ka waali banaya hai in mein se kisi ilaaqe ka humein ameer muqarar farmadijiye, dusre shakhs ne bhi issi tarah ki khwahish ka izhaar kiya. *Phir Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala ki qasam! hum in amoor mein kisi bhi aise shakhs ko zimedar nahi banate jo zimedari ka sawal kare ya is ka khwahishmand ho. [Muslim]

147. عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَاسْتَذَلَّ الْإِمَارَةَ لَقِيَ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا وَجْهَ لَهُ عِنْدَهُ. رواه احمد ورجاله ثقات، مجمع الزوائد 401/5

Hazrat Huzaifa رضي الله عنه farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Jo shakhs musalmanon ki jamaat se alag hua aur ameer ki amarat ko haqeer jaana to Allah Ta'ala isse is haal mein milega ke Allah Ta'ala ke yahan iska koi rutbaa na hoga yani Allah Ta'ala ki nigaah se gir jayega.

[Musnad Ahmad, Majma Al-Zawa'id]

148. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ أَحَفِظَ أَمْ ضَيَّعَ. رواه ابن حبان، قال المحقق: اسناده صحيح على شرطهما 344/10

Hazrat Anas رضي الله عنه riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Bilashuba Allah Ta'ala har nigraan se iski zimedari mein di hui cheezon ke baare mein poochenge ke isne apni zimedari ki hifazat ki ya isse zaaya kiya (yani is zimedari ko poore taur par adaa kiya ya nahi). [Ibn Hibban]

149. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، الْإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي مَالِ أَبِيهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ. رواه البخاري، بَاب الْجُمُعَةِ فِي الْقُرَى وَالْمُدُنِ، رقم: 893

Hazrat Abdullah Bin omer ﷺ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna: Tum sab zimedar ho tum mein se har ek se iski apni raiyat (matahataon) ke baare mein poocha jayega. Hakim zimedar hai isse apni riaya ke bare mein poocha jayega. Aadmi apne ghar waalon ka zimedar hai isse iske ghar waalon ke baare mein poocha jayega. Aurat apne shauhar ke ghar ki zimedar hai isse iske ghar mein rehne waale bachchon, waghaira ke baare poocha jayega. Mulazim apne malik ke maal ka zimedar hai isse apne malik ke maal wa azbaab ke baare poocha jayega. Beta apne baap ke maal ka zimedar hai isse baap ke maal ke baare mein poocha jayega. Tum mein se har ek zimedar hai har ek se iske matahataon ke baare mein poocha jayega. [Bukhari]

150. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ : لَا يَسْتَرْعِي اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى عَبْدًا رَعِيَّةً، قَلَّتْ أَوْ كَثُرَتْ، إِلَّا سَأَلَهُ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَقَامَ فِيهِمْ أَمْرَ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى أَمْ أَضَاعَهُ؟ حَتَّى يَسْأَلَهُ عَنْ أَهْلِ بَيْتِهِ خَاصَّةً. رواه احمد 15/2

Hazrat Abdullah Bin Omer ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya: Allah Ta'ala jis ko bhi kisi Raiyat ka nigraan banate hain khuwa raiyat thodi ho ya zyada to Allah Ta'ala isse iski raiyat ke baare mein qayamat ke din zaroor poochenge ke isne is mein Allah Ta'ala ke hukm ko qayam kiya tha ya barbad kiya tha yahan tak ke khaas taur par isse is ke ghar waalon ke mutaliq poochenge. [Musnad Ahmad]

151. عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ! إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا، وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي، لَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيمٍ.

رواه مسلم، باب كراهية الامارة بغير ضرورة، رقم : 4720

Hazrat Abu Zarr ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne (shafaqat ke taur par Hazrat Abu Zarr ﷺ se) irshaad farmaya: Abu Zarr! mai tumhein kamzor samajhta hoon (ke tum amarat ki zimedari

ko pura na kar paoge) aur mai Tumhare liye wo cheez pasand karta hoon jo apne liye pasand karta hoon, tum do aadmiyon par bhi hargiz ameer na ban na aur kisi yateem ke maal ki zimedari qubool na karna. [Muslim]

FAIDA: Rasool Allah ﷺ ne Hazrat Abu Zarr رضي الله عنه se jo irshaad farmaya iska matlab ye hai ke agar mai tumhari tarah kamzor hota to kabhi do par bhi ameer na banta.

152. عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ! أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِي، ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ! إِنَّكَ ضَعِيفٌ، وَإِنَّهَا أَمَانَةٌ، وَإِنَّهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ، إِلَّا مَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَأَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ فِيهَا.

رواه مسلم باب كراهة الإمارة بغير ضرورة، رقم: 4719

Hazrat Abu Zarr رضي الله عنه farmate hain ke maine arz kiya Ya Rasool Allah! Aap mujhe ameer kyun nahi banate? *Rasool Allah ﷺ ne mere kaandhe par haath maar kar irshaad farmaya:* Abu Zarr! tum kamzor ho aur ye amarat ek amanat hai (ke jis ke saath bandaon ke haqooq mutaliq hain) aur ye (amarat) qayamat ke din ruswayi aur nadamat ka sabab hogi lekin jis shakhs ne is amarat ko sahi tareeqe se liya aur iski zimedariyon ko pura kiya (to phir ye amarat qayamat ke din ruswayi aur nadamat ka zariya na hogi). [Muslim]

153. عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ: لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُوتِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُوتِيتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا.

(الحديث) رواه البخاري، باب قول الله تبارك وتعالى لا يؤاخذكم الله....، رقم: 6622

Hazrat Abdur Rehman Bin Samra رضي الله عنه farmate hain ke Nabi Kareem ﷺ ne mujh se irshaad farmaya: Ae Abdur Rehman Bin Samra! amarat ko talb na karo, agar Tumhare talb karne par tumhe ameer banadiya gaya to tum iske hawale kar diye jaoge (Allah Ta'ala ki taraf se tumhari koi madad aur rehnumayi na hogi) aur agar tumhari talb ke baghair tumhe ameer banadiya gaya to Allah Ta'ala ki taraf se is mein tumhari madad ki jayegi. [Bukhari]

154. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّكُمْ سَتَحْرِصُونَ عَلَى الْإِمَارَةِ وَسَتَكُونُ نَدَامَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ. فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ.

رواه البخاری، باب ما يكره من الحرص على الإمارة، رقم: 7148

